زندگی کے طویل راستے پہ مقدر کے عظیم ہاتھ کی گرفت
آئندہ سال کیا کرنے والی ہے، ایک علمی امداد

از افادات

حارث عثمانی البرنی

قیمت: ۲۰۰ روپے

اوراق پبلشرز — کراچی

برنی تقویم

۲۰۱۹ء

گردش فلک اور رفتار سیارگان کے موجوداتِ عالم پر، اثرات اور مُروّجہ سنین کی تاریخیں

آزفادآت

حارث عثمانی البرنی

بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ایڈیٹر 8 رسالہ رُوحانی دُنیا، کراچی

ناشر: اوراق پبلشرز، کراچی نمبر۵

قیمت: -/۲۰۰ روپے

ضوء قمر

۱۹۰۰ء - ۲۰۲۵ء

عیسوی و ہجری کلینڈر

اسلامی کلینڈر کو مسلمان معاشرہ میں ایک بہت اہم مقام حاصل ہے۔ اسلامی کلینڈر سب سے پہلے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ٦٣٨ ہجری تیار کیا۔ اسلامی کلینڈر کو ہجری یا قمری کلینڈر سے جانا جاتا ہے۔ ہر اسلامی سال محرم سے شروع ہوتا ہے اور ذی الحجہ پر ختم ہوتا ہے۔ ہر ماہ نئے چاند کے طلوع ہونے پر نیا اسلامی مہینہ شروع ہوتا ہے۔ اسلامی کلینڈر ہمارے مذہبی تہوار اور مذہبی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کا کردار ادا کرتا ہے۔

اس کتاب میں ہر ماہ کی انگلش تاریخ، قمری تاریخ اور نیا اسلامی مہینہ اور سن دیا گیا ہے۔ یہ کتاب اس لئے بھی ضروری ہے کہ بہت سے افراد کو انگلش تاریخ پتہ ہوتی اور بہت سوں کو اسلامی تاریخ کا پتہ ہوتا ہے۔ اس طرح دونوں طریقوں سے اپنی صحیح پیدائش کا دن معلوم کر سکیں گے۔ روزمرہ کی زندگی میں بھی اس کتاب کو مفید پائیں گے۔ جس طرح شادی کا دن قمری اور انگریزی حساب سے رکھنا ہوتا ہے۔ اسی طرح دیگر تہوارں کی تاریخ نکال سکیں گے۔ یہ کتاب علم ہیئت کے حساب سے تیار کی گئی ہے۔

ازافادات

حارث عثمانی البرنی

قیمت: -/۳۰۰ روپے

اوراق پبلشرز - کراچی

کتاب شائع ہوگئی ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

فرمانِ خداوندی

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ؕ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝

(سورہ النحل۔ آیت ۱۲)

ہم نے تمہارے لیے رات اور دن، سورج اور چاند اور جملہ کواکب کو خاص احکام سرانجام دینے کا حکم دیا ہے۔ درحقیقت عقل مند لوگوں کیلئے اس میں نشانیاں ہیں :

فرمودۂ اقبال،

علم اسماء اعتبارِ آدم است
حکمتِ اشیاء حصارِ آدم است،
جستجو را محکم از تدبیر کن،
انفس و آفاق را تسخیر کن،

نام	تاریخ پیدائش - وقت اور مقام	برج	ستارہ

تہوار و تعطیلات سال ۲۰۱۹ء

مہینہ	تاریخ	تعطیل	تہوار
فروری	۵	O	یوم یکجہتی کشمیر
	۲۸		یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ
مارچ	۱۴		لیلۃ الرغائب
	۲۳	O	یوم پاکستان
	۳۱		میلہ شالامار باغ-لاہور
اپریل	۴		معراج النبی ﷺ
	۱۳		سمت بکرمی ۲۰۷۶ شروع
	۱۹		گڈ فرائی ڈے
	۲۱		ایسٹر سنڈے
	۲۱		شب برأت
	۲۴		عرس شہباز قلندر-سہون
مئی	یکم		یوم مئی
	۷		روزے شروع
	۲۳	O	یوم حضرت علیؓ
	۳۱		جمعۃ الوداع
جون	۲		لیلۃ القدر
	۵	O	عیدالفطر
اگست	۱۱	O	یوم الحج
	۱۲	O	عیدالاضحیٰ
	۱۴	O	یوم آزادی
	۲۰		یوم حضرت عثمان غنیؓ
	۲۷		یوم حضرت عمر فاروقؓ
ستمبر	۱		سال نو ۱۴۴۱ ہجری شروع
	۶		یوم دفاع
	۹	O	نویں محرم
	۱۰	O	عاشورہ
	۱۱		وفات قائداعظم
اکتوبر	۱۲		عرس عبداللطیف بھٹائیؒ
	۱۶		شہادت لیاقت علی خان
	۱۸		عرس داتا صاحبؒ-لاہور
	۱۹		چہلم حسینی
	۲۳		آخری چہار شنبہ
نومبر	۹		یوم پیدائش علامہ اقبال
	۱۰	O	عید میلاد النبیؐ
	۱۵		عرس شاہ محمد غوثؒ-لاہور
	۳۰		عرس شاہ جمالؒ-لاہور
دسمبر	۱		عرس مادھو لال حسینؒ-لاہور
	۸		ختم گیارہویں شریف
	۲۵	O	پیدائش قائداعظمؒ
	۲۵	O	کرسمس
	۳۱		بینک ہالیڈے

O گول نشان پر ڈاکخانہ بندر ہے گا-یوم اقبال پر سرکاری دفاتر میں تعطیل ہوگی-بینک کی تعطیل صرف بینکوں کے لئے ہوگی-

فرقہ وارانہ تعطیلات میں ہندوؤں کی ہولی' دسہرہ' دیوالی اور عیسائیوں کو گڈ فرائی ڈے' ایسٹر سنڈے اور کرسمس کی تعطیل ہوگی-دونوں عیدوں پر تین دن تعطیل ہوگی-

اسکولوں کی سالانہ تعطیلات جولائی اور اگست دو ماہ کی ہوتی ہیں--جن کی تاریخیں حکومت مقرر کرتی ہیں-

سول کورٹ کی تعطیلات ماہ جون میں ہوتی ہیں اور ہائی کورٹ جون اور جولائی میں بند رہتا ہے-اس کے علاوہ دسمبر کے آخری عشرے کی بھی تعطیلات ہوتی ہیں-عدالت کی تعطیلات چیف جسٹس مقرر کرتے ہیں-

استخراج طالع

مسلمانوں میں ہندوؤں کی طرح علم نجوم کے ماتحت نام نہیں رکھے جاتے ہیں۔اس لئے انکے نام اور تاریخ پیدائش کے بروج میں فرق پڑتا ہے۔معتبر طریقہ تاریخ پیدائش سے برج معلوم کرنے کا ہے۔اگر یہ معلوم نہ ہو تو نام کے سرِ حرف سے بروج معلوم کیا جاتا ہے۔کیونکہ بعض حروف بعض بروج کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔

مسلمانوں کے حروف تہجی اور ہندوؤں کے حروف تہجی میں فرق ہے۔اس لئے وہ نقشہ جو راس معلوم کرنے کا اہلِ ہند کا ہے۔مسلمانوں کو کام نہ دے گا۔مثلاً ف کو وہ پھ لکھتے ہیں۔مسلمانوں میں اعراب سے حروف کی آوازیں ہیں لیکن ہندوؤں میں اعراب نہیں۔ بلکہ اعراب کی جگہ مستقل حروف ہیں۔مثلاً مسلمانوں میں صرف ا ہے لیکن ہندوؤں میں الف کی متعدد آوازیں ہیں۔زبر کا الف برج حمل سے متعلق ہے اور زیر کا الف یعنی ای برج ثور سے متعلق ہے۔بعض مسلمان بھی جن کا نام (اِ) سے شروع ہوتا ہے مثلاً ابراہیم۔وہ ثور برج سمجھتے ہیں۔جو غلط ہے۔زیر زبر سے کوئی تعلق نہیں۔لہٰذا حسبِ قول علمائے عرب و فارس حروف کی تقسیم حسبِ ذیل ہے۔آپ اپنے نام کے سر حرف سے برج ستارہ معلوم کریں اور اس سے کام لیں۔(بشرطیکہ تاریخ پیدائش یاد نہ ہو)

حرف	برج	ستارہ	حرف	برج	ستارہ
ا-ل-ع-ی	حمل	مریخ	ر-ت-ط	میزان	زہرہ
ب-واؤ	ثور	زہرہ	ظ-ذ-ض-ز-ن	عقرب	مریخ
ق-ک	جوزا	عطارد	ف	قوس	مشتری
ح-ہ	سرطان	قمر	ج-خ-گ	جدی	زحل
م	اسد	شمس	س-ش-ص-ث	دلو	زحل، یورنس
پ-غ	سنبلہ	عطارد	د-چ	حوت	مشتری نپ چون

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش اور ماہ معلوم ہے تو اپنا متعلقہ برج اور ستارہ آنے والی جدول سے دیکھیں۔

دراصل یہی آپ کا **شمسی طالع** ہے۔

سورج ایک ماہ تک ایک برج میں قیام کرتا ہے۔جو شخص سورج کے جس برج کے قیام کے عرصے میں پیدا ہوگا۔وہ اس کا شمسی طالع ہوگا۔ذیل میں جو تاریخیں دی جاتی ہیں وہ قریباً ہر سال ایسے ہی رہتی ہیں اور وہ لوگ جو اس وقت پیدا ہوئے ہوں جبکہ سورج ایک برج سے دوسرے برج میں تحویل ہو رہا ہو تو اس کو ''تحویلی طالع'' کہتے ہیں۔یہ شخص دونوں برج کی خاصیت کا مالک ہوگا اور حالات کے لحاظ سے دونوں برج اثر انداز ہوں گے۔

اس تقویم میں ہر برج کے سالانہ حالات اور دیگر تفصیلات طالع شمسی کو مدِ نظر رکھ کر لکھے گئے ہیں۔ اس لئے سب سے پہلے اپنا طالع معلوم کریں۔ پھر تقویم سے آپ بخوبی کام لے سکیں گے۔

جدول طالع شمسی

تاریخ	برج	ستارہ
۲۱/مارچ تا ۲۰/اپریل	حمل	مریخ
۲۱/اپریل تا ۲۱/مئی	ثور	زہرہ
۲۲/مئی تا ۲۱/جون	جوزا	عطارد
۲۲/جون تا ۲۳/جولائی	سرطان	قمر
۲۴/جولائی تا ۲۳/اگست	اسد	شمس
۲۴/اگست تا ۲۳/ستمبر	سنبلہ	عطارد
۲۴/ستمبر تا ۲۳/اکتوبر	میزان	زہرہ
۲۴/اکتوبر تا ۲۲/نومبر	عقرب	مریخ
۲۳/نومبر تا ۲۲/دسمبر	قوس	مشتری
۲۳/دسمبر تا ۲۰/جنوری	جدی	زحل
۲۱/جنوری تا ۱۹/فروری	دلو	زحل
۲۰/فروری تا ۲۱/مارچ	حوت	مشتری

پیدائشی طالع ہر شخص کے طالع شمس کے علاوہ اس کا ایک پیدائشی وقت کا طالع بھی ہوتا ہے۔ جسے ''طالع پیدائش'' کہتے ہیں۔ کسی شخص کی پیدائش کے وقت جو برج افقِ شرقی پر طلوع کرتا ہے وہی ''برج طالع'' کہلاتا ہے۔ زائچہ پیدائش اسی کے لحاظ سے بنتا ہے۔ قدرت نے انسان کی قسمت اور زندگی کے حسابات اسی طالع سے مقرر کئے ہوئے ہیں۔ اس طالع سے زندگی کا تفصیلی زائچہ بنتا ہے۔ اس طالع کو معلوم کرنے کیلئے تسویۃ البیوت کی جدولیں ہیں۔

وہ لوگ جن کا زائچہ موجود ہے اور وہ لوگ جو طالع پیدائش معلوم کر سکتے ہیں۔ اُن کو اپنے اس طالع سے حالات جاننا اور نجوم سے کام لینا بہت انسب ہے۔ طالع شمسی اور طالع پیدائش دونوں کے اثرات انسان پر وارد ہوتے ہیں اس لئے دونوں طالعوں کا جائزہ لینا چاہئے کہ دونوں طالع میں سے کس کے حالات اور منسوبات آپ پر وارد ہوتے ہیں بس اسی کو مدنظر رکھ کر تقویم سے کام لیں۔

بچے کا نام رکھنا جب کوئی بچہ پیدا ہو تو اس کا طالع وقت نکالیں۔ اور اسکے برج کے جو متعلقہ حروف ہیں ان میں سے ایک حرف سر نام کالیکر ایسا نام انتخاب کریں جسکے مجموعہ کا مفرد عدد پیدائش کی تاریخ ماہ اور سن کے مفرد عدد کے مطابق ہو۔ اگر دفتر سے نام مولود کا نکلوانا چاہیں تو ۲۵۰۰ روپے فیس ہمراہ روانہ کریں۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل ا ۔ ل ۔ ع ۔ ی ۔ ہے

۲۰۱۹ء حملی افراد کے لئے اہم نوعیت کی تبدیلیاں لائے گا۔ آپ کے طرزِ زندگی میں نئے آغاز کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اس وجہ سے موجودہ حالات میں کچھ انتشار پیدا ہوگا اور ازسرِ نو ترتیب اور تعمیر کی ضرورت پڑے گے۔ یورنس بھی مارچ میں برج سے نکل جائے گا۔ جس سے یہ تمام تبدیلیاں پہلے سے بہتر حالات لانے اور پرانے حالات ختم کرنے کے لئے ہوں گی۔

اس وقت اپنی زندگی میں خاص طور پر جاہ طلبی اور دینوی مقاصد سے متعلقہ معاملات پر زیادہ کنٹرول حاصل کرنا چاہیں گے لیکن خیال رہے کہ اگر یہ بات آپ میں ضرورت سے زیادہ پیدا ہوگئی تو بدلتے ہوئے حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا خاصا مشکل ہوجائے گا۔ جب کہ یہی وہ وقت ہے جب تبدیلیوں کو قبول کرنے اور میسر آنے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے خاص طور پر تیار رہنے کی ضرورت ہوگی۔

قوت وطاقت کا ستارہ مریخ شروع سال سے طالع میں موجود ہوگا۔ شروع سال سے ۱۴ فروری تک طالع میں رہے گا۔ اس سال اسے رجعت نہیں ہوگی۔ غیر معمولی سرگرمی اور روزمرہ کے عام معمولات میں تبدیلی کی نشاندہی ہورہی ہے۔ کئی لحاظ سے یہ ایسا وقت ہوگا جب اپنی اصل شخصیت اور فطرت کے مطابق عمل کریں گے۔ ذہنی بے چینی، ہر کام کو جلد کرنے کی خواہش، دوسروں سے ممتاز سمجھنا' بہت کچھ کر جانے کی خواہش' خیالات کی بلندی سے بے حد تبدیلی رونما ہوگی۔ جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کے حصول کے لئے کوششوں کے لحاظ سے یہ وقت موافق رہے گا۔ اگرچہ بعض اوقات کام کا بوجھ خاصا بڑھ جائے گا۔ لیکن زائد ذمہ داریوں سے نمٹنے کے لئے ضروری قوت اور جذبہ آپ میں موجود ہوگا یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوششیں ہی کامیابی لائیں گی۔ تاہم مریخ ۲۶ اگست کو زحل سے قران کرے گا اس غیر موافق نظر میں بحث وتکرار اور جارحانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کریں۔

جہاں در پردہ جذباتی تناؤ کی وجہ سے تعلقات خوشگوار نہیں ہیں اور اگر ازدواجی زندگی میں مسائل کا سامنا ہے تو ۲۰۱۹ء ایسا سال ہوگا جب تعلقات یا تو بن جائیں گے یا ختم ہوجائیں گے۔ حملی افراد کے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ خراب حالات کے باوجود علیحدگی اختیار کرنا ان کے لئے بہت مشکل ہوتا ہے۔ حالات بہتر ہوجانے کی امید میں دن گزرتے رہتے ہیں اور یہی چیز عموماً بے حد تکلیف پہنچاتی ہے۔ ۳ فروری کو مریخ یورنس کا قران ہوگا اور ۲۴ نومبر کو انکا مقابلہ ہوگا یہ وقت کٹھن ثابت ہوگا۔

عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ عطارد ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت میں رہے گا۔ اس دوران دوسروں کے جھگڑوں سے الگ تھلگ رہیں۔ نیز اگر کسی نجی یا اہم معاملے کے متعلق کوئی شک ہو تو اس پر غور کرنے میں وقت صرف کریں اور اگر ضرورت ہو تو ماہرانہ مشورہ حاصل کریں۔ کوئی بھی ایسی صورتحال جس کی وجہ سے پریشانی اور تناؤ کا سامنا رہا ہے تو عطارد کے مستقیم ہوجانے کے بعد خود بخود پریشانی دور ہوجائے گی۔ نیز کسی چیز کے متعلق اگر لاعلم تھے

تو وہ بھی اچانک کھل کر سامنے آجائے گی۔ ۲۰ فروری اور ۷ اپریل کے قریب قریب ملنے والی معلومات غیر متوقع انداز میں حیران کن ثابت ہوگی اور خوشی لائے گی۔

عطارد ۱۸ اپریل سے ۶ مئی تک طالع میں رہے گا۔ اس وقت روزمرہ سرگرمیوں میں تیزی آجائے گی۔ نقل وحرکت اور میل جول زیادہ رہے گا۔ عطارد ۷ سے ۲۱ مئی تک خانہ مال میں رہے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت وشنید' تجارتی لین دین' مالی معاملات سے متعلق معلومات حاصل کرنے اور مشورہ لینے کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ ۳ مئی عطارد کی خانہ مال میں موجودگی اور مشتری سے تثلیث تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں میں تبدیلی لانے اور آمدنی میں اضافے کے لئے یا کسی زائد کام کو شروع کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوگی۔ ۱۶ جون کو عطارد زحل سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ اس دن اختلاف یا جھگڑے سے واسطہ پڑے گا۔ لہذا احتاط رہیں۔

عطارد ۲۷ جون سے ۲۱ اگست تک پانچویں گھر میں رہے گا اس دوران ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت میں رہے گا۔ بچوں سے متعلقہ معاملات میں التواء سے واسطہ پڑے گا ساتھ ہی سرمایا کاری میں بغیر معلومات حاصل کیے روپیہ نہ لگائیں۔

عطارد ۱۵ ستمبر کو طالع کے مقابل آجائے گا۔ یہ وقت تبادلہ خیالات اور گفت وشنید کے لحاظ سے کامیابی لائے گا۔ اگر کسی قسم کا ماہرانہ مشورہ لینا ہے یا کوئی اہم ملاقات کرنی ہے یا انٹرویو دینا ہے تو اس کے لئے اگر ۲۵ ستمبر کا انتخاب کیا تو یقیناً کامیاب رہیں گے۔ عطارد ۱۴' ۱۶' ۲۰ اکتوبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ ان دنوں جو خبریں ملیں گی وہ کسی پرانے مسئلے کو حل کرنے میں مدد دیں گی۔ شاید کوئی پرانا مالی یا قانونی معاملہ ہو۔ ۹ ستمبر کو عطارد زحل کی تثلیث مشترکہ مالی اور کاروباری معاملات میں بہتری لائے گا۔ قانونی اور آفیشل معاملات حل کرنے اور سرخ فیتے کی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے ان سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔

عطارد آٹھویں گھر میں ۱۴ اکتوبر کو داخل ہوگا اور ۳۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رجعت میں رہیگا جس سے مسائل اور پریشانی آئے گی۔ اگر نئی ذمہ داریاں کو قبول کرنے کے متعلق سوچ رہے ہیں تو اس وقت محتاط رہیں۔ سرمایہ کاری سے متعلق کوئی بھی نیا کام ہرگز نہ کریں۔

۶ جنوری کا سورج گرہن اور ۱۷ جولائی کا چاند گرہن زائچے کے وتد السماء پر لگے گا۔ جو بہت جلد کیریئر میں تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں ہوگی کیونکہ اس وقت قسمت اور حالات آپ کے کنٹرول میں ہوں گے۔ چنانچہ مقاصد اور جاہ طلبیوں سے متعلقہ تمام اہم فیصلے آپ کے حق میں بے حد مفید ثابت ہوں گے۔ سال کے آخر میں مالی خطرہ مول نہ لیں اور فوری طور پر امیر بنانے والی اسکیموں کے بجائے طویل المیعاد سرمایہ کاری کی طرف توجہ دیں۔

مشتری شروع سال سے نویں گھر میں ہوگا۔ جو غیر ممالک کے سفر، تعلیم اور قانون سے وابستہ ہے۔ اس دوران طالع کی موافقت میں ہوگا۔ جس سے آپ کے معاملات میں مثبت رجحان اور خوش امیدی نظر آرہی ہے اس سعد وقت میں جو واقعات رونما ہوں گے وہ ذہنی لحاظ سے پراعتماد بنادیں گے۔ ۸ فروری' ۱۴ اپریل' ۱۱ مئی کو مالی معاملات، گھریلو حالات یا اگر کسی تخلیقی منصوبے میں ملوث ہیں تو اسکے متعلق ذہنی لحاظ سے پراعتماد ہونگے۔ مستقبل کے متعلق زیادہ خوش امید ہوں گے کیونکہ کوئی خاصی پرانی مشکل اب دور ہوجائے گی چنانچہ مستقبل کو بہتر بنانے کے ارادے سے نئے منصوبوں پر عمل کرنے پر راغب ہوں گے۔

ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲' ۲۵ جنوری' ۴' ۸ فروری' ۲۱ مارچ' ۱۴' ۱۱ اپریل' ۳' ۹ مئی' ۲۵ جولائی' ۷' ۹' ۲۱ اگست' ۲۵' ۲۹ ستمبر' ۱۳' ۱۱ اکتوبر' ۱۱' ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں قسمت پوری طرح آپ کا ساتھ دے گی۔ قانونی یا آفیشل معاملات خاص طور پر وہ معاملات جن کا تعلق مالی معاہدات اور سرمایہ کاری سے ہے ان کی طرف توجہ دینے کے لئے یہ تاریخیں بہت سعد ثابت ہوں گی۔ اس جو نئے خیالات ملیں ان پر توجہ دیں وہ مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔

اگست کے پہلے آخری ہفتوں کے دوران مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کریں اور ایسی تعلیم یا تربیت حاصل کرنے کی طرف توجہ دیں جس سے مستقبل میں آپ کو فائدہ پہنچے۔ تاہم مشتری ۲۳ فروری، ۱۴ مارچ، ۱۲، ۱۶، ۱۱ اپریل، ۶، ۳۱ مئی، ۱۰، ۱۶، ۲۳ جون، ۲، ۸، ۲۶، ۱۲ ستمبر کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں مندرجہ بالا تمام معاملات اور خاص طور پر مالی معاملات میں احتیاط کی متقاضی ہوں گی۔

زہرہ ۲ سے ۲۶ مارچ تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ تو ۲۱ مارچ کو مریخ سے تربیع ہوگی۔ دوستوں کے ذریعے محبت کے معاملات میں سخت کشیدگی پائی جائے گی۔ اہم تعلق کسی کی غلط بیانی کی وجہ سے ٹوٹ جائے گا۔ یا پھر ۲۷ مارچ کی زہرہ یورنس کی تسدیس کسی مشترکہ منصوبے میں اہم پیش رفت کامیابی سے ہم کنار کرے گی۔

زہرہ ۲۱ اپریل کو طالع میں آئے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ کرے گا۔ ۹ مئی کو خاص طور پر ایسا ہوگا کیونکہ اس دن زہرہ مشتری سے تثلیث کی نظر قائم کرے گا۔ زہرہ ۱۶ مئی کو خانہ مال میں داخل ہو جائے گا۔ جہاں یہ ۹ جون تک رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو مئی کے آخری دو ہفتے مثبت اور فوری نتائج لائیں گے۔ ۱۴ مئی کو شمس پلوٹو اور زحل سے سعد نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ اس تاریخ کو یا اس کے قریب قریب مالی فائدے معاہدے اور اہم تعلقات کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زہرہ ۱۰ جون کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ جس سے کوئی تحفہ یا بونس ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ جن افراد کی سالگرہ اس تاریخ کے آس پاس ہے۔ انہیں خوشگوار قسم کی تعجب انگیز باتوں کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۱۸ جنوری ۳ فروری، ۱۵ اپریل، ۹ مئی، ۲۴، ۲۶ اگست، ۲۲، ۳۱ اکتوبر، ۲۴، ۲۸ نومبر، ۳ دسمبر خاص طور پر موافق تاریخیں ہوں گی۔

زہرہ ۳۱ مئی کو زحل سے سعد نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ جون کا پہلا ہفتہ اکثر افراد کے لئے محبت سے متعلقہ خواہشات اور امیدوں کی تکمیل لائے گا۔ غیر شادی شدہ افراد جس شخص سے شادی کے خواہاں ہیں۔ ان کے لئے جون کے پہلے ہفتے میں رونما ہونے والے حالات خوش کن ثابت ہوں گے۔

صحت کے معاملات کے لحاظ سے شروع فروری، اگست اور نومبر احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت ۱۴ اگست کو زہرہ شمس کا قران، ۲۴ اگست کو زہرہ مریخ کا قران ہوگا۔ یہ نظرات قوت حیات میں کمی کی نشاندہی کر رہی ہے۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو وسط اگست کے قریب قریب کسی ایک کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہوگی۔ تاہم پریشانی والی کوئی بات نہیں ہوگی۔

زہرہ ۱۵ ستمبر کو طالع کے مقابل گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران زہرہ ۱، ۲، ۴ کو زحل سے تثلیث مشتری سے تربیع اور نپ چون سے مقابلہ کی نظر بنائے گا۔ گھر میں بڑی تبدیلی آئے گی۔ اپنے ہی لوگ گھر برباد کرنے کی کوشش کریں گے۔ کھلی دشمنی کا اظہار کیا جائے گا۔ شراکت دار دھوکہ دے گا۔ اس دوران اپنے اثاثے، شیئرز، بانڈز کی حفاظت کریں۔ چوری یا چھن جانے کا امکان ہے یا کوئی شخص کسی وعدے کی بنا پر لے جائے گا جس کی واپسی نہیں ہوگی۔

زحل شروع سال سے وتد السماء پر قدم جما چکا ہے۔ اس دوران زندگی کے عملی معاملات پر بے انتہا قوت اور توجہ صرف کی ہوگی۔ دراصل کیریئر کے معاملات ہی بنیادی توجہ کا مرکز رہے ہوں گے۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات بے پناہ دباؤ کے تحت کام بھی کر رہے ہوں گے۔ لیکن اب مستقبل قریب میں کوششوں کا اجر ملنے کی توقع رکھیں۔ زحل ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت کی حالت میں ہوگا۔ مستقیم ہونے کے بعد اس تاریخ کے قریب رونما ہونے والے حالات کے نتیجے میں موجودہ مقاصد کے لحاظ سے بے حد مصروفیت سے واسطہ پڑے گا۔ زحل کی وتد السماء پر موجودگی کی وجہ سے اس وقت از سر نو ترتیب کی ضرورت ہوگی۔ مقصد کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں سوچ اور ارادوں میں بہت شدت آ جائے گی۔ اس تمام سرگرمی کے نتیجے میں مالی حالت میں بہتری آئے گی اور مالی لحاظ سے زائد استحکام کا احساس پیدا ہوگا۔ زحل ۲، ۱۳، ۲۱ جنوری ۱۸ فروری، ۱۰ اپریل، ۱، ۷ مئی، ۱۴، ۱۶ جون ۹، ۱۷ جولائی، ۲۲، ۲۶ ستمبر، ۱۸ اکتوبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل ب یا و ہے

آپ کا حاکم ستارہ زہرہ سال کے آغاز کے ساتھ ہی نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲ مارچ کو وتد السماء پر موجود ہوگا، جہاں یہ کیریئر اور جاہ طلبی اور ترقی کے معاملات میں تیزی پیدا کرے گا۔ ۲۷ مارچ سے ۲۰ اپریل تک دوستی اور محبت کے معاملات پر خوشگوار اثر ڈالے گا۔

زہرہ ۱۶ مئی کو طالع میں داخل ہوگا۔ اس کے بعد محبت کے معاملات میں بہتری آنے لگے گی۔ عطارد بھی طالع میں موجود ہوگا اور زہرہ یورنس کا قران اور زہرہ نپ چون کی تسدیس سے ان دنوں سوشل زندگی میں ہم خیال افراد کو زندگی میں لائے گی۔ مشکلات سے چھٹکارا پانے کے لئے لوگ آپ کی مدد اور مشورے کے خواہاں ہوں گے۔ رونما ہونے والے حالات کو آپ خود بھی سکون اور ٹھنڈے دل سے قبول کرنے لگیں گے۔ زہرہ ۷، ۹ مئی ۲۳، ۲۴ جون، ۷، ۱، ۲۱ جولائی، ۲، ۱۲ اگست، ۴، ۲۶ ستمبر، یکم، ۱۳، ۱۱ اکتوبر، ۱۴ نومبر، ۲۲ دسمبر کو نحس نظرات قائم کرے گا۔ یہ نظرات محبت کے معاملات کے لحاظ سے غیر متوقع حالات کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

شروع مارچ اور مئی میں زہرہ اور مشتری کی باقوت نظر خاص طور پر ذاتی قریبی تعلقات کی موافقت میں ہوگی۔ لہٰذا اس وقت قائم ہونے والے تعلقات شدید جذباتی نوعیت کے ہوں گے۔ مگر ضروری ہوگا کہ حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کیا جائے۔ ۲۴ اگست، ۲ ستمبر کو زہرہ محبت سے متعلقہ گھر میں ناموافق نظرات بنائے گا جس سے شراکتی و دوستی کے معاملات متاثر ہو سکتے ہیں۔ ۲۹ ستمبر اور ۲۲، ۲۵، ۱۳۱ اکتوبر منگنی یا شادی کرنے یا اس مقصد کے لیے منصوبہ بندی کے لحاظ سے بہت موافق ثابت ہوگی۔ ۲۵ کتوبر کو زہرہ اور پلوٹو کی تسدیس محبت کے معاملات میں جذباتیت اور شدت پیدا کرے گی۔ اس وقت کسی ایسی شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے جو زندگی کو تبدیل کر دے گا۔ دراصل قسمت اس وقت پُراسرار انداز میں کام کرے گی۔ تاہم پلوٹو عموماً غلط راہ پر ڈال دیتا ہے۔ لہٰذا اگر ذاتی قریبی تعلقات کو بگاڑنا نہیں چاہتے تو محتاط رہنا ہوگا۔

اس سال کواکب متضاد اور پیچیدہ انداز میں معاملات کو متاثر کریں گے۔ اچانک ہنگامی حالتوں سے واسطہ پڑے گا۔ جن سے نمٹنے کے لئے زیادہ ذہانت اور لچکدار رویئے کی ضرورت ہوگی۔ یہاں کئی اہم سبق سیکھنے پڑیں گے۔ جو صرف مالی معاملات کے متعلق ہی نہیں ہوں گے بلکہ زندگی کے دوسرے پہلوؤں کے متعلق بھی ہوں گے۔ زندگی میں اہم ترجیحات پر بغور نگاہ ڈالنی پڑے گی اور یہ اندازہ لگانا پڑے گا کہ کس چیز کی اہمیت زیادہ ہے۔

کئی اہم کواکب جن میں ستارہ مشتری بھی شامل ہے۔ سارا سال مالی معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ مشتری آٹھویں گھر میں رہے گا۔ دوسرے اور آٹھویں گھر کا تعلق مالی معاملات سے ہوتا ہے۔ اس سال مالی معاملات کی طرف خاص توجہ رہے گی۔ مالی معاملات یا کاروباری سرگرمیوں کے متعلق اپنے آپ کو ضرورت سے زیادہ خود اعتماد محسوس کریں گے اور یہی اعتماد بعض اوقات نقصان پہنچائے گا اور آپ ایسی غلطیاں کریں گے جو مالی نقصان کا سبب بن جائیں گی چنانچہ وسط جنوری (دھوکے و فریب کا اندیشہ) ۲۳ فروری، ۱۴ مارچ، ۱۲، ۱۶ اپریل، ۶، ۳۱ مئی، ۱۰، ۱۶، ۲۳ جون، ۲

۶، ۸، ۱۲، ۲۵ ستمبر میں بے حد محتاط رہیں ان دنوں ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی کی وجہ سے لاپرواہی کریں گے۔ جس کی وجہ سے مالی مسائل پیدا ہو جائینگے۔ اس وقت طویل المعیاد سرمایہ کاری یا دوسرے قرضہ جات سے متعلق خاص طور پر محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔

مشتری کو ۱۰ اپریل سے ۱۱ اگست تک رجعت و استقامت رہے گی۔ ترکہ، انشورنس اور دوسروں سے متعلقہ روپے کے معاملات میں مدد دے گا اور فائدہ لائے گا۔ ان مہینوں میں آپ طویل المعیاد اور ٹھوس بنیادوں پر قائم مالی معاملات پر زیادہ توجہ اور وقت صرف کریں گے اور خلافِ معمول ان معاملات میں تحفظ اور مستقبل کے تحفظ کو زیادہ اہمیت دینے لگیں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ افراد عموماً ہر وقت خوش و خرم رہنے والے، فضول خرچ اور خاص طور پر مالی معاملات میں قطعی طور پر لاپرواہ ہوتے ہیں۔

زحل اس سال نویں خانہ میں رہے گا جو بیرون ملک کے سفر، مذہبی اور قانونی امور اور غیر ممالک کی تجارت سے متعلق ہے۔ زحل کا کام امور کی حد بندی کرنا اور ان کو اختتام تک پہنچانا ہوتا ہے۔ یہ ان لوگوں کے کاموں میں ترقی دے گا۔ جو تدریسی یا قانونی معاملات اور امپورٹ ایکسپورٹ سے متعلق ہیں۔ زحل کوششوں میں استحکام، کام کرنے کی صلاحیت، وفاداری اور سچے دوستوں کے ذریعہ کام کرنے کی بنا پر انعامات دے گا۔ سنجیدہ نوعیت کی خوشیاں دے گا اور طبع میں استقلال پیدا کرے گا۔ اس کے ساتھ ہی یہ جان لیں کہ یہ غیر ملک کا سفر واقع نہ ہونے دے گا۔ اور آنے والے سامان کے سلسلے میں التواء اور طوالت لائے گا۔ زحل ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت میں رہے گا اس وقت کام تسلی بخش نہ ہوں گے۔ بلکہ دباؤ اور بے چینی محسوس ہوگی۔ وہ لوگ جن کی تجارت غیر ممالک سے ہے۔ ان کو آئندہ چند سالوں میں فائدہ نہ ملے گا۔ زحل ۲، ۱۳، ۲۱ جنوری ۱۸ فروری، ۱۰ اپریل، ۱، ۷ مئی، ۱۴، ۱۶ جون ۹، ۱۷ جولائی، ۲۲، ۲۶ ستمبر، ۱۸ اکتوبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

نپ چون گیارہویں گھر میں اپنے قدم جما چکا ہے اور ۲۱ جون سے ۲۷ نومبر تک رجعت و استقامت سے گزرے گا۔ جو دوستی کے معاملات، امیدوں، خواہشات اور مقاصد سے متعلق ہیں۔ چنانچہ اس سال دوستی کے معاملات میں کچھ دلچسپ تبدیلیاں اور بہتر حالات سے واسطہ پڑے گا۔ نئے دوست کچھ قیمتی سبق سکھائیں گے۔ ممکن ہے ایسے لوگوں سے متعلق آپ کا رویہ بدل جائے جو کچھ عرصے سے آپ کے معاملات میں اہمیت رکھتے ہیں۔ شاید یہ احساس ہو جائے گا کہ بعض لوگوں سے کسی بھی لحاظ سے بھی مطابقت نہیں ہے۔ چنانچہ ان سے میل جول اور رابطہ بتدریج کم کرتے جائیں گے۔ بعض افراد اپنے ماضی سے تعلق کو قطعی ختم کر دیں گے۔ اس وجہ سے کچھ جذباتی تناؤ سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم ایسی علیحدگی یا تعلقات کا خاتمہ مفید ثابت ہوگا اور زیادہ آزادی عطا کرے گا۔ زحل نپ چون سے ۳۱ جنوری اور ۹ نومبر کو تسدیس کی نظر بنائے گا۔

چنانچہ ثوری افراد اب بنیادی طور پر ایسے دور میں داخل ہو رہے ہیں جو ذاتی لحاظ سے ترقی اور پختگی لائے گا۔ یہ وقت کردار کے فلسفیانہ یا روحانی پہلو کی بہتری کے لحاظ سے نئے خیالات کی تلاش کا متقاضی ہوگا۔ رونما ہونے والے حالات دنیا کو ایک نئی نظر سے دیکھنے کی ترغیب دیں گے جو ذہنی قوتوں کو سرگرم بنائیں گے اور معلومات میں اضافے کی ترغیب دیں گے۔ موجودہ کوابکی صورتحال باطنی روحانی ترقی کے لحاظ سے وسعت کی نشاندہی کر رہی ہے۔ بعض اوقات اپنے آپ کو بہت بے چین محسوس کریں گے اور زندگی کو با مقصد بنانا چاہیں گے۔ اب اگر طرز زندگی میں تبدیلی لانے کا فیصلہ کیا تو آپ اور آپ کے قریبی افراد کے لئے بے حد مفید نتائج برآمد ہوں گے۔ ۴ جنوری، ۳، ۱۰، ۱۳، ۱۸ افروری، ۲۷ مارچ، ۲۳ اپریل، ۲۲ مئی، ۷، ۲۷ جون، ۲۶، ۲۸، ۳۰ اگست، ۲۸ نومبر، ۱۵ دسمبر کی تاریخوں میں کیے گئے فیصلے اہم تبدیلیوں کا باعث بنیں گے۔

عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ یہاں عطارد یورنس سے تسدیس، مشتری سے تثلیث اور پلوٹو سے تسدیس کی نظر قائم کرے گا۔ اس ماہ بے شمار امیدیں اور خواہشات پوری ہو جائیں گی۔ رابطے، درخواستیں اور تعلیمی امور کے معاملات آسانی سے مکمل ہو جائیں گی۔ اس دوران عطارد ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت میں رہے گا۔ ۷ سے ۲۱ مئی تک طالع میں قیام کے دوران زحل سے تثلیث بنائے گا جس سے آپ کو کیریئر میں ترقی کے بہتر مواقع حاصل ہونگے۔ عطارد ۲۲ مئی سے خانہ مال میں ہوگا۔ یہ وقت مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے از سر نو سوچ کا متقاضی ہوگا۔ کسی بھی نئے کام کو اس کے تمام پہلوؤں پر غور کئے بغیر آگے بڑھانا ٹھیک نہیں ہوگا۔ مالی اور کاروباری معاملات کے لحاظ سے ۳۰، ۳۱ مئی، ۱۶ جون کو خاص طور پر محتاط رہیں۔ عطارد ۲۷ جون سے ۳۱ اگست تک چوتھے گھر میں رہے گا۔ اس دوران ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت رہے گی۔ گھر کے معالات میں بہت احتیاط سے کام لینا ہوگا۔

عطارد ۳۰ اگست سے ۱۴ ستمبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ یہ وقت تبادلہ خیالات اور معلومات کے حصول کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ اگست کے آخر اور ستمبر کے شروع میں یورنس سے عطارد، زہرہ، شمس، مریخ سے موافق نظر قائم کرے گا۔ اس وقت حالات کسی خوشی کا پیغام دیں گے۔ کوئی لاٹری یا بانڈز میں سے انعام نکل سکتا ہے۔ ۵ ستمبر کو عطارد کی زحل سے تثلیث اور مشتری سے تربیع بنائے گا۔ یہ وقت کام کے معمولات کے لحاظ سے ناگزیر تاخیر یا انتشار لائے گا۔ اس وقت زندگی میں ٹھہراؤ آ جائے گا۔ حالات کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور بے صبری سے پرہیز کریں۔ روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت نہ ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی کچھ مشکلات پیش آئیں گی۔ اس وقت تلخ کلامی سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہوگا۔

عطارد ۱۴ اکتوبر کو طالع کے مقابل گھر میں داخل ہوگا۔ ۱۱، ۱۳ اکتوبر کو شمس مشتری کی تسدیس اور ۱۴ کو عطارد زحل کی تسدیس اور ۲۷ کو مریخ زحل کی تربیع ہوگی۔ رشتہ داروں سے تعلقات بری طرح متاثر ہونگے۔ شراکت داری کے امور میں کوئی غلط فہمی بڑے جھگڑے کا باعث بن سکتی ہے۔ اس دوران لوگوں کا تعاون حاصل نہ ہو سکے گا۔ کام کے معمولات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔ صرف فوری توجہ کے حامل کاموں پر توجہ دیں۔ اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو ۲۸، ۳۰ نومبر ۳ دسمبر کے سعد نظرات کی وجہ سے اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹیں اور مایوسیاں دور ہو جائیں گی۔ لہٰذا موزوں مواقع ضرور میسر آئیں گے اور کوششوں کا اجر ملے گا۔ عطارد ۱۳۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رجعت میں رہے گا۔ کام کے معاملات اور رشتہ داری کے امور میں احتیاط رکھیں۔

مریخ شروع سال سے ۱۴ فروری تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس وقت پس پردہ رونما ہونے والے حالات مستقبل قریب میں آپ کی زندگی پر مدد آور اثرات مرتب کریں گے۔ ۲۱ جنوری کے قریب سخت دشمنی کا اندیشہ ہے۔ ساتھ ہے آپ کے کام اور کاروبار کو نقصان پہنچے گا۔ زمین کے معاملات حساس ہو جائیں گے۔

گیارہویں گھر کا تعلق دوستی کے معاملات اور گروہی سرگرمیوں سے ہے۔ اگر آپ ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں جن میں آپ کو دوسروں پر یا ٹیم ورک پر انحصار کرنا پڑتا ہے تو مئی میں بعض اہم ساتھی ساتھ چھوڑ جائیں گے۔ مگر ایسا کسی اختلاف کی وجہ سے نہیں ہوگا۔ بہر حال حالات جو بھی ہوں۔ از سر نو ترتیب کے لئے تیار رہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی زائد ذمہ داری قبول کرنی پڑے گی یا مقصد کے حصول میں زیادہ وقت لگے گا۔

مارچ کے آخری ہفتے میں مریخ کے سعد نظرات سے مایوسی اور پریشانی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ جس کا گزشتہ چند ماہ سے سامنا رہا ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی پرانا جھگڑا ختم ہو جائے گا یا آپ کسی ایسے شخص سے مصالحت کر لیں گے جس سے ماضی میں اختلافات رہے ہیں۔ کوئی پرانا دوست کئی سال بعد آپ کی زندگی میں دوبارہ داخل ہوگا۔ بعض پابندیاں جو ماضی میں عائد رہی ہیں اب ان کا خاتمہ ہو جائے گا اور آپ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو استعمال کرنے کی طرف توجہ دیں گے اور وہاں سے کام شروع کریں گے جہاں کئی ماہ قبل چھوڑا تھا۔ مریخ ۸ جنوری، ۲، ۱۳ فروری، ۲۱ مارچ، ۲۷ اپریل، ۶ مئی، ۱۴ جون، ۱۴ ستمبر، ۱۷، ۲۱ اکتوبر، ۲۴ نومبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

۱۸ جنوری مریخ کی زہرہ سے تثلیث، ۲۵ کو مشتری سے تثلیث، ۲۸ فروری کو شمس سے تسدیس، ۱۰ مارچ کو نپ چون سے تسدیس بنائے گا۔ آمدنی میں یقیناً اضافہ ہوگا۔ اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ ایک سال قبل جو کوشش کی تھیں۔ وہ اس نئے منصوبے سے متعلق مددگار ثابت ہوں گی جو اس وقت آپ کے ذہن میں ہونگی۔

جوزا

2019 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی
پیدائش مئی ۲۱ سے ۲۱
جون کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ک یا ق ہے

مشتری شروع سال طالع کے مقابل مشترکہ مالی معاملات سے متعلقہ گھر میں ہوگا۔اس گھر میں مشتری کی موجودگی نہ صرف یہ کہ ذاتی مالی معاملات کی موافقت میں ہوگی بلکہ مشترکہ مالی معاملات طویل المیعاد اور ٹھوس بنیادوں پر قائم مالی معاملات کی موافقت میں بھی ہوگی۔مشتری کے سعد نظرات میں اہم کاروباری معاملات' قرضے کے حصول کے لئے بات چیت یا سرمایہ کاری کے معاملات کی ازسرنو تنظیم کے لحاظ سے بہت موافق ثابت ہونگی۔۱۰اپریل سے ۱۱اگست تک مشتری رجعت میں رہے گا اس دوران مالی تنگی کا سامنا رہے گا تو مشتری کے مستقیم ہونے کے بعد وسط اگست کے قریب قریب رونما ہونے والے حالات مالی پریشانیوں کا خاتمہ کردیں گے اور حالات میں آسانی پیدا کریں گے۔

مشتری ۱۲ستمبر کو مریخ سے تربیع بنائے گا۔یہ وقت ایسے مالی مسائل لائے گا۔جن کی طرف فوری توجہ دینی پڑے گی۔مالی معاملات کے لحاظ سے اس وقت زیادہ مطمئن نہ ہوجائیں اور اگر کاروباری منصوبے کو کسی نوعیت کی ازسرنو ترتیب کی ضرورت ہو تو اس وقت بے صبری بھی اختیار نہ کریں۔۲۷اکتوبر کو مریخ زحل کی تربیع ہوگی اس وقت مختصر راستہ اختیار کرنے کی شدید خواہش پیدا ہوگی۔جو طویل مدت میں نقصان دہ ثابت ہوگی' لہذا جلد بازی ہرگز نہ کریں۔نومبر کا شروع پیشہ وارانہ معاہدات اور معاملات کے لئے مشتری مشترکہ مالی معاملات کے لحاظ سے خاص طور پر موافق ثابت ہونگے۔ ۲۲'۲۵ جنوری' ۴'۸فروری'۲۱مارچ'۱۴اپریل'۳'۹مئی'۲۵ جولائی'۷'۹'۲۱اگست'۲۵'۲۹ستمبر'۱۳'۱۳اکتوبر'۱۱'۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

عطارد ۱۱فروری سے ۱۷اپریل تک وتد السماء پر رہے گا۔کیرئر' جاہ طلبی' ملازمت کے معاملات کے لحاظ سے آپ کی موافقت میں ہوگا۔جس سے ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔عطارد کو ۵ سے ۲۸مارچ تک رجعت رہے گی۔اس وقت دوستوں کے میل ملاقات میں احتیاط کریں۔آفیشل معاملات کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔اس وقت اگر مختصر یا غلط راستہ اختیار کرنے کی کوشش کی تو طویل مدت تک نقصان اٹھائیں گے۔امیدوں میں رکاوٹیں' تاخیر اور التواء لاتی ہے۔

عطارد ۱۸اپریل سے ۶مئی تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔۱۲اپریل کو عطارد مشتری کی تربیع ہوگی ان دنوں ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق معاملات زیادہ حوصلہ افزاء نہ ہونگے۔معاملات آہستہ روی کا شکار ہونگے۔یکم مئی کو عطارد مریخ کی تسدیس ہوگی قریبی افراد کے ساتھ سیر وتفریح اور سوشل سرگرمیوں میں حصہ لیں۔۸مئی کو عطارد یورنس کا قران ہوگا جس سے آپ کی غیر حاضر دماغی کی وجہ سے کچھ مسائل پیدا ہوں گے۔نیز بعض معاملات کو آگے بڑھانا مشکل ہوگا۔تاہم پس پردہ رونما ہونے والے حالات کی وجہ سے معاملات کو آگے بڑھانا ناممکن ہوگا۔

عطارد تیسرے گھر میں ۲۷جون سے ۲۹اگست تک رہے گا۔عطارد کو ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت رہے گی۔سفر کے لحاظ سے یہ اوقات غیر موافق ہوں گے۔ان دنوں تاخیر التواء اور پیچیدگیوں سے واسطہ پڑے گا۔عطارد کے مستقیم

ہونے کے بعد دوستوں کے ہاں آنا جانا رہے گا اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے۔اگست کا آخر اور ستمبر کا پہلا ہفتہ سفر اور رشتہ داروں کی آمد متوقع ہے۔

عطارد ۱۵ستمبر سے ۱۳اکتوبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔۲۲ستمبر کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی اندیشہ ہے کہ اس وقت آپ کے غلط اندازے آپ کی نیک نیتی سے کی گئی کوششوں کو نقصان پہنچائیں گے یا غلط فہمیوں کا سبب بنیں گے۔۲۷ستمبر کو عطارد پلوٹو کی تربیع ہوگی۔بچوں کی خواہشیں والدین کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گی۔دوست جو بنیں گے وہ ذہنی سطح سے گرے ہوئے ملیں گے۔اس وقت ہر طرح کی سرمایہ کاری اور انعامی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔ وسط اکتوبر میں عطارد سعد نظرات بنائے گا۔نئے تعلقات اور نئی دوستیاں بنیں گی۔رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا۔۳۰نومبر کو عطارد زحل کی تسدیس موقع فراہم کرے گی کہ کوئی شخص آپ کی مدد کرے گا جس سے مالی پریشانی دور ہوگی۔عطارد ۳۱اکتوبر سے ۲۰نومبر تک رجعت میں رہے گا۔ان دنوں رشتہ داروں اور گھریلو معاملوں میں پھنس جائیں گے۔

زہرہ ۲ سے ۲۶مارچ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔یکم مارچ کو زہرہ یورنس کی تربیع ہوگی۔اس دوران مہنگی اشیاء یا تعیشات پر روپیہ خرچ کرنے سے قبل دوبار ضرور سوچیں۔زہرہ خریداری کے ذریعے خوشی لاتا ہے۔لیکن فضول خرچی پر بھی راغب کرتا ہے' لہذا اس دوران اخراجات پر قابو رکھیں۔زہرہ ۲۱اپریل سے ۱۵مئی تک وتد السماء پر رہے گا ان دنوں مالی لحاظ سے ناموافق حالات سے واسطہ پڑے گا۔آپ کی ذہنی اور جسمانی حالت بہتر نہ ہوگی۔۱۲اپریل کو زہرہ زحل سے تسدیس اور ۱۴اپریل کو شمس مشتری کی تثلیث ہوگی۔اس وقت بونس ملنے' کسی قسم کی وصولی ہونے' تحفہ ملنے یا انعام نکلنے کی نشاندہی بھی ہورہی ہے۔

زہرہ ۱۰جون سے ۳جولائی تک طالع میں رہے گا۔یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ لائے گا۔جون کے پہلے نصف حصہ میں پیش آنے والے واقعات آپ کے لئے مثبت ثابت ہونگے۔لہذا آپ کو کسی کی طرف سے کشش محسوس ہوگی۔۲۹جولائی سے ۲۱اگست تک تیسرے گھر میں زہرہ رہے گا۔۱۹اگست کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔اس وقت تک معاملے عروج پر ہوں گے۔غیر متوقع طور پر نئی محبت زندگی میں داخل ہوگی۔سفر آپ کی محبت کے معاملات پر گہرا اثر ڈالے گا۔

گھریلو معاملات کے لحاظ سے زہرہ ۲۲اگست سے ۱۴ستمبر تک چوتھے گھر میں رہے گا-لہذا گھریلو زندگی میں سکون و اطمینان کا سامنا ہوگا۔۲۹ستمبر کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔زہرہ اردگرد کے ماحول کو بھی خوبصورت اور آرام دہ بنانے کی ترغیب دے گا۔ایسا کرنے کے لئے زائد روپیہ بھی آپ کے پاس ہوگا۔زہرہ ۱۹اکتوبر سے یکم نومبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔زہرہ اکتوبر کے تیسرے ہفتے میں سعد نظرات بنائے گا جس سے نئی رشتہ داری سے خوشیاں گھر کے ماحول کو بدل دیں گی اور شاید رکا ہوا روپیہ مل جائے گا۔

اگر گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں تو ۲۴نومبر کو زہرہ مشتری کا قران میں تسلی بخش نتائج کی توقع رکھیں۔دسمبر کے آخری ہفتے میں جائیداد کے معاملات میں رکاوٹوں اور تاخیر کا سامنا ہوگا۔زہرہ یورنس اور نپ چون سے تربیع بنائے گا۔اس دوران لوگ دشمنی کریں گے اور رشتہ دار یا پڑوس بھی پریشانی کا سبب بنیں گے۔

زحل اپنے برج جدی اور آپ کے آٹھویں گھر میں حرکت کررہا ہے۔یہ صحت اور روزگار کے معاملات اور تمام ذاتی کوششوں اور گھریلو زندگی کو فائدہ پہنچائے گا۔۲۰۱۹ء میں زحل ان تمام باتوں میں ترقی اور وسعت تو ضرور دے گا۔مگر اس کا بنیادی رجحان ضرور جاری رہے گا جس کی وجہ سے شادی یا کسی اور قسم کی شراکت داری اور وراثت میں بہتری کا باعث بنے گی۔اس کی وجہ یہ ہے کہ زحل اس جگہ ان انجمنوں یا کاروبار کی موافقت کرے گا جسے دو شخص مل کر چلاتے ہوں۔

آٹھواں گھر اس روپیہ سے متعلق ہے جو دوسروں کا ہوتا ہے۔شریک کار اور شریک زندگی کا ہوتا ہے۔ان کے ذریعہ سے مالی فائدہ اٹھانا ممکن نہیں۔کیونکہ زحل کی رکاوٹ اس وقت ہوگی جب زحل رجعت میں ہوگا۔زحل ۳۰اپریل سے ۱۸ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔۲جنوری کو شمس زحل کا قران' ۲۱جنوری مریخ زحل کی تربیع' ۱۰اپریل کو شمس زحل کی تربیع' یکم

مئی کو عطارد زحل کی تربیع، ۱۴ جون کو مریخ زحل کا مقابلہ، ۱۶ جون کو عطارد زحل کا مقابلہ، ۹ جولائی کو شمس زحل کا مقابلہ، ۱۸ اکتوبر کو شمس زحل کی تربیع، ۲۷ اکتوبر کو مریخ زحل کی تربیع ہوگی۔ اس وقت پراپرٹی ٹیکس، جائیداد کی منتقلی کے کاغذات، شراکت داروں کا روپیہ، میراث اور ترکہ سے متعلق جھگڑا، دھوکہ، فریب ملے گا۔ گھر کا فرد دوسروں کے بہکاوے میں آ کر زندگی سے کھیل جائے گا۔ پرانے قرضہ جات کو ادا کرنے کے لئے زرنقد کی ضرورت ہوگی۔ قرضوں کو ادا کرنے کی کوئی صورت نہ بنے گی۔ گو پریشانی کو حل کرنے کے لیے انتہائی قدم اٹھانا مجبوری ہوگی۔ نتیجہ بہت خوف ناک ہوگا۔ اس سال کے دوران بعض اوقات آپ نے سوائے کام کے اور کچھ نہ کیا ہوگا۔ تاہم سال کے اختتام پر آپ زیادہ مضبوط پوزیشن میں ہوں گے اور اپنی کوششوں کا اجر پائیں گے۔

۲۱ جنوری کا چاند گرہن زائچے کی تیسرے گھر میں لگے گا۔ جس سے آنے والے ہفتوں میں روزمرہ معمولات میں تبدیلی کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت ضرورت سے زیادہ نقل وحرکت کریں گے۔ جس سے ہم خیال یا ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی جو خیالات کے بہتر اظہار کے سلسلے میں آپ کی مدد کریں گے۔

ستارہ مریخ ۲ جنوری سے ۱۴ فروری تک گیارہویں گھر میں رہیگا جہاں وہ عطارد سے تربیع، زہرہ سے تثلیث، زحل سے تربیع، مشتری سے تثلیث، پلوٹو سے تربیع اور عطارد سے تسدیس بنائے گا۔ اگر آپ رشتہ دار یا دوستوں کے ساتھ شراکت میں ملوث ہیں تو اس وقت اختلافات کھل کر سامنے آئیں گے۔ یہ وقت تمام مالی معاملات میں ایمانداری کا متقاضی ہوگا۔ یورنس بارہویں خانہ میں موجود ہے اس کے ساتھ ہمیشہ یہ خطرہ ہوتا ہے کہ آپ یا آپ کا شریک غلط راستہ اختیار کر سکتا ہے۔ لہذا یاد رکھیئے کہ اگر پیچیدگیاں اور الجھنیں پہلے ہی موجود ہیں تو کوئی ایسا قدم ہرگز نہ اٹھائیں جو معاملات کو مزید بدتر کر دے۔ تاہم شمس زحل سے ۹ مارچ کو سعد نظر بنائے گا۔ جس سے حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ یہ وقت مادی اور مالی لحاظ سے زائد اعتماد پیدا کرے گا۔ طویل المعیاد منصوبوں سے متعلقہ معاملات کے لیے نئے حالات اور نئے دور لائے گا۔

مریخ ۶ مئی کو مشتری سے مقابلہ کرے گا۔ ملازمین سے ہوشیار رہیں، ملازمت یا روزگار میں اپنی خواہشوں کو نہ بڑھائیں ورنہ کسی بھی جگہ پھنس جائیں گے۔ ۱۰ جون کو نحس نظر قائم ہوگی۔ ضرورت سے زیادہ خوش امیدی اور فضول خرچی کے ذریعے نقصان کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ بڑی رقم چوری ہو جائے گی۔ زمین یا جائیداد کے معاملات میں دھوکہ یا فریب ہو گا۔ نشہ آور اشیاء کے استعمال سے قانونی پکڑ میں آئیں گے۔ زلت و بدنامی ہوگی۔ مالی امور پر خاصا دباؤ پڑے گا۔ اس وقت اگر جلد بازی سے گریز کریں تو امیر بنانے والی کسی بھی اسکیم میں شامل نہ ہوں۔ سرمایہ کاری کرنی ہو تو ایک خاص حد کے اندر رہتے ہوئے روپیہ لگائیں۔

مریخ ۷ امئی سے یکم جولائی تک خانہ مال میں رہے گا تو اس کی موجودگی کی وجہ سے جدوجہد کے موڈ میں ہوں گے۔ ۱۴ جون کو مریخ نپ چون کی تثلیث ہوگی رکاوٹوں اور مخالفتوں کا باآسانی مقابلہ کر سکیں گے۔ یہ وقت ان لوگوں کے لئے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا، جو فلاحی تحریک یا کسی مقصد کے لئے کام کر رہے ہیں یا سیاست اور سماجی معاملات میں ملوث ہیں۔ وہ اس وقت زیادہ اہم پوزیشن میں آ جائیں گے۔ مریخ ۲۵ جولائی کو امیدوں اور توقعات اور دوستی کی موافقت میں ہوگا۔ یہ وقت ان افراد کے لئے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا جو گروہی سرگرمیوں میں ملوث ہیں یا کسی خاص مقصد کے لئے تحریک چلا رہے ہیں یا جو سیاسی، فلاحی اور سماجی کاموں میں ملوث ہیں۔ آپ کے مقاصد خواہ کچھ ہوں اس وقت حالات کو بہتر بنانے اور بلند امیدیں قائم کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔

مریخ ۲۰ نومبر سے سال کے آخر تک چھٹے گھر میں رہے گا۔ تو اس دن سے موزوں ملازمت کے حصول کے لئے جو کوششیں کریں گے وہ کامیاب رہیں گی۔ اس دوران آپ کے مقاصد میں تیزی اور زور پیدا ہوگا۔ ۲۴ نومبر کو مریخ یورنس کا مقابلہ کی نحس نظر سے معاملات میں سختی لائیگا اور ذہنی پریشانی دیگا۔ ۲۰ دسمبر کو عطارد نپ چون کی تربیع ہوگی۔ لہذ احتاط رہیں قریبی لوگ سخت دشمنی کریں گے۔ بچوں کو نقصان دیں گے۔ آپ کی امیدیں کسی اہم معاملے میں ختم ہو جائیں گی۔ ہاتھ میں آئی کامیابی دور ہو جائے گی۔ لوگ دوستی میں دشمنی نبھائیں گے۔ بے حد ذہنی کوفت اور مالی نقصان ہوگا۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل ح۔ ہ ہے

۲۰۱۹ء مالی معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ سرمایہ کاری، قرضہ جات اور دیگر مالی معاملات پر کڑی نگاہ رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ نیز سارا سال کفایت شعاری سے کام لینے اور بے حد محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔

عطارد شروع سال سے طالع کے مقابل رہنے کے بعد ۲۵ جنوری سے ۱۰ فروری تک آٹھویں گھر میں رہے گا تو شراکت داری، میراث وترکہ سے متعلقہ معاملات میں احتیاط رکھیں۔ چنانچہ یہ وقت غلط فہمیاں پیدا کرے گا۔ جو معلومات حاصل ہوں گی، وہ غلط ہونگی۔ عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک نویں گھر میں رہے گا۔ قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ کیونکہ عطارد ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت میں رہے گا۔ عطارد ۱۹ فروری کو نپ چون سے قران، ۲۳ کو مشتری سے تربیع، ۱۴ مارچ کو شمس مشتری کی تربیع اور ۱۶ مارچ کو عطارد مشتری کی تربیع، ۲ اپریل کو عطارد نپ چون کا قران کے غیر موافق نظرات قائم ہونگے۔ قانونی معاملات سے نقصان اٹھائیں گے۔ سفر میں حادثہ ہونے کا امکان ہے۔ ان دنوں دھوکہ وفریب کا اندیشہ ہے۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ یہاں بھی بے صبری اور جلد بازی سے پرہیز کرنا ہوگا اور سفر، تعلیمی سرگرمیوں، قانونی معاملات میں رکاوٹ آئے گی۔ سرمایہ کاری، کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کر کے مسائل سے بچ سکیں گے۔ مالی معاملات کے لحاظ سے ۳، ۴، ۸، ۱۰، ۲۳، ۲۸ فروری، ۹، ۱۰، ۱۳، ۱۸، ۲۰ مارچ کی سعد تاریخیں ہوں گی۔

عطارد ۱۸ اپریل سے ۶ مئی تک کیریئر، جاہ طلبی، ملازمت کے معاملات کے لحاظ سے آپ کی موافقت میں ہوگا۔ ۳ مئی کو عطارد مشتری کی تثلیث ہے جس سے ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ۸ مئی کو عطارد یورنس کا قران ہوگا۔ اس وقت دوستوں کے میل ملاقات میں احتیاط کریں۔ آفیشل معاملات کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت اگر مختصر یا غلط راستہ اختیار کرنے کی کوشش کی تو طویل مدت تک نقصان اٹھائیں گے۔ امیدوں میں رکاوٹیں، تاخیر اور التواء لاتی ہے۔ ۱۷ مئی سے یکم جولائی تک عطارد طالع میں رہے گا۔ مالی معاملات میں محتاط رہنا ہوگا۔ تمام تفصیلات کو مدنظر رکھیں۔ ۳۰ مئی کو عطارد نپ چون کی تربیع ہوگی اس وقت دھوکے فریب کا اندیشہ بھی ہے۔

عطارد ۲۷ جون سے ۲۹ اگست کے دوران خانہ مال میں رہے گا۔ اس دوران عطارد ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت میں رہے گا۔ لہذا جو مشکلات بھی پیش آئیں گی ان کی وجہ خود آپ کی لاپرواہی یا غیر حاضر دماغی ہوگی۔ اس وقت مالی معاملات کے لحاظ سے بھی مشکلات کا سامنا ہوگا۔ ۱۱، ۱۴، ۱۷، ۲۱، ۳۰ جولائی خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ دراصل مالی خطرات مول لینے کے لحاظ سے یہ وقت انتہائی غیر موافق ہوگا۔

عطارد ۳۰ اگست سے ۱۴ ستمبر تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس وقت تمام معاملات آپ کی امیدوں اور توقعات پر پورے نہیں اتریں گے۔ رونما ہونے والے بعض واقعات کی وجہ سے سوچ میں تبدیلی آئے گی۔ ستمبر کی ۳، ۴، ۶، ۸ تاریخ زائد

اخراجات لائے گی۔ اہم ملاقاتوں یا اہم مشورے کرنے کے لئے ۲۵ ستمبر کو ذہن میں رکھیں۔ عطارد کو ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت رہے گی۔ اس دوران دوسروں پر انحصار نہ کریں۔ ورنہ مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

۱۴ اکتوبر سے ۹ دسمبر تک پانچویں گھر میں رہے گا یہاں اسے ۳۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رجعت رہے گی۔ حصول مال کے لیے بہت محنت کرنی پڑے گی۔ کاروباری معاملات میں محتاط رہیں۔ عطارد کے مستقیم ہو جانے کے بعد سال کے آخر تک مثبت حالات پیش آئیں گے، سفر، خط و کتابت، تحریرات اور تعلقات سے خوشی ملے گی۔

ستارہ زحل طالع کے مقابل دو سال تک رہے گا۔ اس دوران ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک اسے رجعت ہوگی۔ یہ یہاں شراکت پر اثر انداز ہوگا خواہ یہ گھریلو نوعیت کی ہو یا کاروباری۔ اکثر لوگوں کی شادی میں زحل کی وجہ سے رکاوٹ پڑ جائے گی اور جن لوگوں کا روپیہ شراکت میں لگا ہوا ہے ان کو نقصان ہوگا۔ شریک کار پر زحل کے اثرات ہیں۔ اس سے نفع کما کر دینے کی توقع نہ کرنی چاہئے۔ لیکن تمام لوگوں کے ساتھ یہ صورت پیش نہ آئے گی۔ آپ کے لئے زحل دوسری چیزوں کے علاوہ عزت و مرتبہ اور ان چیزوں پر بھی زحل حکومت کرتا ہے جنہیں آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ پرانے دوست' پرانی دلچسپیوں' اور بڑی عمر کے افراد کی بھی نمائندگی کرتا ہے۔ درمیانی عمر کے لوگوں، بیوہ، طلاق یافتہ کی شادی ہونے کے زیادہ امکانات ہیں۔ باوفا اور پرخلوص تعاون کے لئے اس وقت کا انتخاب کریں جب زحل کے ساتھ زہرہ کے سعد نظرات ہوں۔ یہ ۱۸ فروری' ۱۲ اپریل ۳۱ مئی' یکم ستمبر' ۲۰ اکتوبر' ۱۱ دسمبر کی سعد تاریخیں ہیں۔

زہرہ ۴ فروری سے یکم مارچ تک شادی اور شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر رہے گا۔ یہ وقت تمام قریبی تعلقات کو بہت مضبوط کر دے گا۔ اگر در پردہ جذباتی اختلافات ہیں تو انہیں دور کرنے کے لئے اس سعد وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ وہ افراد جو اس وقت یا مستقبل قریب میں شادی کرنا چاہ رہے ہیں یا کوئی پیغام بھجوانا چاہتے ہیں تو ۱۸ جنوری' ۳' ۱۷ فروری موافق رہے گا۔ سفر کے ذریعے محبت اور خوش بختی دونوں سے واسطہ پڑے گا۔

زہرہ ۲۷ مارچ سے ۲۰ اپریل تک نویں گھر میں رہے گا۔ اس دوران مہنگی اشیاء یا تعیشات پر روپیہ خرچ کرنے سے قبل دو بار ضرور سوچیں۔ ۲۷ مارچ کو زہرہ یورنس کی تسدیس ہوگی مشکل یہ ہے کہ زہرہ خریداری کے ذریعے خوشی لاتا ہے۔ لیکن فضول خرچی پر بھی راغب کرتا ہے اور ہاتھ میں خاصا کم روپیہ رہ جاتا ہے۔ لہذا اس دوران اخراجات پر قابو رکھیں۔ ۱۶ اپریل کو زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی جس سے قانونی معاملات میں کوتاہی کے دوران آپ ایسا فیصلہ کر بیٹھیں گے جس سے آپ کی جائیداد ہاتھ سے نکل جانے کا اندیشہ ہوگا۔ قریبی شخص آپ سے قطع تعلق کر لے گا۔ قانونی معاملات اور مشورہ کے لیے ۱۰' ۱۲' ۱۳' ۱۷ اپریل کی تاریخوں کے درمیان ایسا ہوگا۔

زہرہ ۲۱ اپریل کو وتد السماء پر آ جائے گا ان دنوں مالی لحاظ سے موافق حالات سے واسطہ نہ پڑے گا۔ آپ کی ذہنی اور جسمانی حالت بہتر نہ ہوگی۔ ۷ مئی کو زہرہ زحل سے تربیع' ۹ کو پلوٹو سے تربیع ہوگی۔ یہ تاریخیں اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت نہ ہوں گی۔ ان تاریخوں میں بونس ملنے' کسی قسم کی وصولی ہونے' تحفہ ملنے یا انعام نکلنے کی توقع نہ رکھیں۔ زہرہ ۴ سے ۲۸ جولائی تک طالع میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ لائے گا۔ جولائی کے پہلے نصف حصہ میں پیش آنے والے واقعات آپ کے لئے مثبت ثابت ہونگے۔ ۸ جولائی کو زہرہ یورنس کی تثلیث ہوگی اور ۱۸ جولائی کو زہرہ نپ چون کی تثلیث ہوگی۔ لہذا آپ کو کسی کی طرف سے کشش محسوس ہوگی۔ جولائی کے وسط تک معاملے عروج پر ہوں گے۔ غیر متوقع طور پر نئی محبت زندگی میں داخل ہوگی۔ سفر آپ کی محبت کے معاملات پر گہرا اثر ڈالے گا۔

گھریلو معاملات کے لحاظ سے زہرہ ۱۵ ستمبر سے چوتھے گھر میں ہوگا۔ لہذا گھریلو زندگی میں سکون و اطمینان کا سامنا ہوگا۔ زہرہ اردگرد کے ماحول کو بھی خوبصورت اور آرام دہ بنانے کی ترغیب دے گا۔ ایسا کرنے کے لئے زائد روپیہ بھی آپ کے پاس ہوگا۔ اگر گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں تو زہرہ مشتری کی تسدیس میں تسلی بخش نتائج کی توقع رکھیں۔

۲۴ نومبر کو زہرہ مشتری کا قران اور ۲۸ نومبر کو زہرہ یورنس کی تثلیث اور ۳ دسمبر کو زہرہ مریخ کی تسدیس ہوگی۔ اس

دوران رشتہ دار ایک نئے تعلق کا سبب بنیں گے۔ اس دوران گھریلو معاملات میں تناؤ میں کمی آئے گی۔ کچھ رشتہ داروں کی ناراضگی ختم ہو جائے گی۔ اس وقت بچوں کی خوش قسمتی سے فائدہ اٹھائیں گے۔

یورنس مزید سات سال تک دوستی اور امید کے خانہ میں رہے گا۔ مادی کامیابی کے لئے یورنس نجی کوششوں اور اقدامات کی موافقت کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس کا کام غیر متوقع تبدیلیاں لانا ہے۔ وہ کاروباری لوگ جن کی طرف سے جو غیر متوقع حملے ہوتے تھے اور جن کی وجہ سے عزت کو خطرہ ہوتا تھا وہ بدل جائیں گے۔ یورنس جاہ و منزلت' ملازمت و کاروبار و ترقی کے لیے تبدیلی لائے گا۔ اور امیدوں اور خواہشات کو پورا کرے گا ایسا ۴ جنوری' ۳' ۱۰' ۱۸ فروری' ۲۷ مارچ' ۲۲ مئی' ۷' ۲۷ جون' ۸ جولائی' ۲۶' ۲۸' ۳۰ اگست' ۲۸ نومبر' ۱۵ دسمبر کی سعد تاریخوں میں ہوگا۔ یورنس ۱۲ اگست سے رجعت کر جائے گا۔ اس لئے اس کے اثرات اور تبدیلیاں تیز اور غیر متوقع ہوں گی۔ صحت، دوست و دشمنوں کی خفیہ ریشہ دوانیاں اور اعزاء سے اختلاف کا خاص خیال رکھنا چاہئے۔

مریخ ۱۹ اگست سے ۱۴ اکتوبر تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ ۲۴ اگست کو زہرہ سے قران، ۲۸ کو یورنس سے تثلیث، ۳ ستمبر کو عطارد سے قران' ۹ ستمبر کو زحل سے تثلیث' ۱۲ ستمبر کو مشتری سے تربیع' ۱۹ ستمبر کو پلوٹو سے تثلیث بنائے گا۔ اس نظر کے قریب قریب جو بھی اہم فیصلے کریں گے یا جو نئے اقدامات کریں گے۔ وہ کامیابی اور ترقی کا سبب بنیں گے۔ دراصل آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول کے لحاظ سے اس وقت آپ کی کوششیں کامیاب رہیں گی۔ کیریئر' کاروباری منصوبوں یا تخلیقی سرگرمیوں کے لحاظ سے آگے بڑھنے کے زائد مواقع اور ترغیب ملے گی اور رونما ہونے والے حالات آپ کو بہت اہم مقام پر لے آئیں گے۔ ۱۵ اکتوبر سے ۱۹ نومبر تک مریخ چوتھے گھر میں ہوگا۔ گزشتہ مہینوں میں اگر جائیداد کے لین دین میں التوء اور مسائل کا سامنا رہا ہے تو ایسی رکاوٹیں اب جلد دور ہو جائیں گی۔ تاہم ۲۷ اکتوبر کے قریب تکرار اور جھگڑا ہو سکتا ہے۔ ۵ نومبر کو مریخ پلوٹو کی تربیع ہوگی اس لئے محتاط رہیں۔

۲۰ نومبر سے سال کے آخر تک مریخ پانچویں گھر میں رہے گا اور طالع کے ساتھ تثلیث بنائے گا اور آپ کی تخلیقی دلچسپیوں اور سرگرمیوں پر دباؤ ڈالے گا۔ اپنے اندر خاص صلاحیتیں پیدا کرنے اور انہیں بہتر بنانے، اظہارِ خیال کے میدان کو وسعت دینے اور اپنے خیالات اور اقدامات میں زیادہ مہم جوئی اختیار کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ سال کے آخر میں کوئی مشغلہ یا فاضل وقت کا کوئی کام آرٹسٹک یا تخلیقی دلچسپی نفع بخش ثابت ہوگی۔ اس وقت کچھ دوست یا ملنے جلنے والے ایسی دلچسپیوں کو وسعت دینے یا ان میں تبدیلی لانے کے سلسلے میں آپ کی خاص مدد کریں گے۔

اس سال آپ کے زائچے میں سب سے اہم پوزیشن مشتری کی ہوگی۔ مشتری شروع سال سے ۲ دسمبر تک چھٹے گھر میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران کام اور روزگار کے معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ سال کے وسط کا وقت روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات کے لحاظ سے سست روی کا شکار ہوگا۔ مشتری ۱۰ اپریل سے ۱۱ اگست تک رجعت کی حالت میں رہے گا۔

مشتری ۲۲ جنوری کو زہرہ سے قران' ۲۵ کو عطارد سے تثلیث' ۸ فروری کو شمس سے تسدیس کی سعد نظر قائم کرے گا۔ جس سے ترقی کے امکانات میں اضافے کے زائد اور خوش قسمت مواقع میسر آنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ وہ لوگ جو یہ محسوس کرتے ہیں کہ کام کے موجودہ معاملات ان پر پابندیاں عائد کر رہے ہیں۔ متبادل ملازمت کی تلاش کے لحاظ سے ستمبر کے بعد تبدیلی لا سکتے ہیں۔ ایسی ملازمت یا کام کی تلاش میں ہیں جہاں اپنی صلاحیتوں کو بہترین طریقے پر استعمال کر سکیں۔ ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲' ۲۵ جنوری' ۴' ۸ فروری' ۲۱ مارچ' ۱۴ اپریل' ۳' ۹ مئی' ۲۵ جولائی' ۷' ۹' ۲۱ اگست' ۲۵' ۲۹ ستمبر' ۳' ۱۱ اکتوبر' ۱۱' ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

وہ لوگ جو ذاتی کام یا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے اگست کے آخر سے بہت موافق وقت ثابت ہوگا۔ اس وقت کوئی بڑا کام یا منصوبہ مکمل ہو جائے گا۔ جس کی وجہ سے بھاری بوجھ سے نجات مل جائے گی۔ وہ لوگ جو فاضل وقت کی کسی دلچسپی سے پیشہ وارانہ بنیاد پر فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں یا اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو منوانا چاہتے ہیں ان کے لئے وسط ستمبر سے دسمبر تک کا وقت بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔

اسد

2019 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش ۲۴ جولائی سے ۲۳ اگست کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل م ہے

یہ سال اسدی افراد کے لئے خوش قسمت ثابت ہوگا۔ پانچویں گھر میں مشتری کا داخلہ خوش بختی لاتا ہے۔ تاہم اس سعد وقت سے پوری طرح فائدہ اٹھانے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے سے ضروری منصوبہ بندی کرلیں۔ اپنی پوزیشن بہتر بنانے اور جاہ طلبی کے حصول کے لئے ذرائع اور طریقوں کی تلاش کے لئے ۲۲' ۲۵ جنوری اور ۸ فروری کا وقت موافق ثابت ہوگا۔ کواکب اس بات کی نشاندہی کررہے ہیں کہ آپ جو بھی منصوبہ بندی کریں گے۔ اس سال اس کی تکمیل ہوسکے گی۔

ستارہ زہرہ طالع کے مقابل ۲ مارچ کو آئے گا۔ ۲۱ مارچ کو زہرہ مریخ کی تربیع ہے۔ اس وقت آپ کے اعتماد کو ٹھیس پہنچی گی۔ شریک کار یا شریک حیات سے اختلاف ہوگا۔ شادی کے لئے بھی یہ وقت بہتر نہ ہوگا۔ خدشات جنم لیں گے۔ اپریل میں پسندیدگی بڑھ جائے گی اور محبت کے معاملات میں آپ کا رویہ بہت سنجیدگی اختیار کرلے گا۔

زہرہ ۲۷ مارچ سے ۲۰ اپریل تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ ۱۰ اپریل کو زہرہ نپ چون کا قران ہوگا۔ لہذا اپنے اثاثے' شیئرز' بانڈز کی حفاظت کریں۔ چوری یا چھن جانے کا امکان ہے یا کوئی شخص کسی وعدے کی بنا پر لے جائے گا جس کی واپسی نہیں ہوگی۔ شادی یا بندھن کی کوئی بھی کوشش نقصان دے گی۔

زہرہ ۱۰ جون سے ۳ جولائی تک گیارہویں گھر میں رہے گا تو ۲۳ جون کو زہرہ مشتری کا مقابلہ' ۲۴ کو زہرہ نپ چون کی تربیع ہوگی۔ دوستوں کے ذریعے محبت کے معاملات میں سخت کشیدگی پائی جائے گی۔ اہم تعلق کسی کی غلط بیانی کی وجہ سے ٹوٹ جائے گا۔ یا پھر کسی مشترکہ منصوبے میں اہم پیش رفت کامیابی سے ہم کنار کرے گی۔

زہرہ ۲۹ جولائی سے ۲۱ اگست تک طالع میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ کرے گا۔ ۹ اگست کو خاص طور پر ایسا ہوگا کیونکہ اس دن زہرہ مشتری سے تثلیث کی نظر قائم کرے گا۔ زہرہ ۲۲ اگست کو خانہ مال میں داخل ہوجائے گا۔ جہاں یہ ۱۴ ستمبر تک رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو اگست کے آخری ہفتہ مثبت اور فوری نتائج لائے گا۔ ۷ ستمبر کو زہرہ پلوٹو سے تثلیث کی سعد نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ اس تاریخ کو یا اس کے قریب قریب مالی فائدے' معاہدے اور اہم تعلقات کی نشاندہی ہورہی ہے۔ زہرہ ۲۰ اکتوبر کو چوتھے گھر میں زحل سے تسدیس' ۲۲ کو نپ چون سے تثلیث اور ۲۵ کو پلوٹو سے تسدیس بنائے گا۔ جس سے کوئی تحفہ یا بونس ملنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ انہیں خوشگوار قسم کی تعجب انگیز باتوں کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

وسط نومبر سے زندگی کا نیا آغاز کریں گے۔ اس وقت اگر پرانے تعلقات کو ازسرنو تازہ کیا تو بہت موافق نتائج سامنے آئیں گے۔ وہ لوگ جن کی شادی ہونے والی ہے یا جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے ۳ دسمبر خوش قسمت ثابت ہوگی۔ تاخیر کے عنصر کا خاتمہ ہوجائے گا اور معاملات آگے بڑھنے لگیں گے۔ یہ وقت مادی اور مالی معاملات میں بھی بہتری لائے گا اور مستقبل کے متعلق اپنے آپ کو زیادہ پراعتماد محسوس کرنے لگیں گے۔

۲۱ جنوری کو طالع میں چاند گرہن لگے گا۔ جو متنبہ کررہا ہے کہ اس وقت تمام مالی اور تجارتی سرگرمیوں میں ضرورت سے زیادہ محتاط رہیں۔ چنانچہ یہ ایسا وقت نہیں ہے کہ جب خطرات مول لئے جائیں یا کسی نئے کام میں ہاتھ ڈالا جائے یا کسی کام کو زبردستی آگے بڑھایا جائے۔ بہتر ہوگا کہ اس وقت صرف اپنے کام سے کام رکھیں اور دوسروں کے معاملات میں ہرگز دخل اندازی نہ کریں۔ نہ صرف آپ کو بلکہ آپ کے شریک کو بھی ان تمام باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔

مشتری برج قوس میں داخل ہوچکا ہے جو پانچواں گھر ہے۔ یہاں مشتری کی موجودگی زائد قوتِ حیات، سماجی مقبولیت میں اضافے اور خوش بختی کی نشاندہی کررہی ہے۔ چنانچہ وہ افراد جو بہ حیثیت استاد یا طالب علم تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں ان کے لئے یہ سال کامیابی اور ترقی لائے گا نیز علم کا حصول خوشی اور تسکین کا سبب بھی بنے گا۔ ذہن کو وسعت دینے والی کوئی بھی سرگرمی اس وقت مفید ثابت ہوگی۔ مشتری چونکہ اعلیٰ تعلیم سے وابستہ ہے۔ اس لئے اکثر افراد نفسیات، روحانیت، تصوف اور فلسفے جیسے مضامین میں دلچسپی لینے لگیں گے۔ اس وقت مشتری طالع کی موافقت میں ہوگا۔ چنانچہ اہم ترین مقصد کے حصول کے لئے کوشش کریں۔ اگر کاروبار شروع کرنا چاہ رہے ہیں یا کسی موجودہ کام کو وسعت دینا چاہ رہے ہیں تو اس وقت کچھ خطرات مول لیتے ہوئے نہ ڈریں ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲' ۲۵ جنوری' ۴' ۸ فروری' ۲۱ مارچ' ۱۴ اپریل' ۳' ۹ مئی' ۲۵ جولائی' ۷' ۹' ۲۱ اگست' ۲۵' ۲۹ ستمبر' ۱۳' ۱۱ اکتوبر' ۱۱' ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

ذاتی تعلقات اور محبت کے معاملات کے لحاظ سے اس سال کا زیادہ تر عرصہ ان افراد کے لئے موافق ثابت ہوگا جن کی شادی ہونے والی ہے جب کہ وہ افراد جو شادی شدہ ہیں اور ان کی گھریلو زندگی بھی خوشگوار رہے گی وہ اپنے گھر اور گھریلو زندگی کو مزید خوشگوار بنانے کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔ اس سلسلے میں خواہشات کی تکمیل کے مواقع بھی ملیں گے جب کہ غیر شادی شدہ افراد کے لئے اگست کے بعد کا وقت موافق ثابت ہوگا۔ مشتری ۱۰ اپریل سے ۱۱ اگست تک رجعت میں رہے گا۔

لہذا میسر آنے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار رہیں اور اپنی صلاحیتوں کو کم تر نہ جانیں۔ مشتری اگست میں بھی نہ صرف یہ کہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا بلکہ تخلیقی سرگرمیوں کی موافقت میں بھی ہوگا۔ چنانچہ وہ افراد جو کسی آرٹسٹک سرگرمی کو بطور پیشہ اختیار کرکے اس سے مالی فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں مشتری کی موجودہ پوزیشن سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

صحت کے معاملات کے لحاظ سے ۲ جنوری کو شمس زحل کا قران احتیاط کی متقاضی ہوگا۔ جسمانی قوت وطاقت میں کمی کا احساس ہوگا۔ کام کے معاملات کو درست رکھیں تاکہ صحت متاثر نہ ہو۔ ۲۱ جنوری کو ذہنی اور جسمانی قوتوں پر زیادہ دباؤ کی وجہ سے معمولی نوعیت کی بیماریاں مثلاً نزلہ زکام یا گلے کے امراض ہونے یا کھانے پینے میں لاپرواہی کی وجہ سے پیٹ کی خرابی کا امکان ہے۔ ۱۸ فروری کو خاص طور پر محتاط رہیں۔ یہاں ایک بار پھر کام کے معاملات کو درست رکھ کر اور اسے سارے مہینے پر یکساں تقسیم کرکے خطرے سے بچ سکیں گے۔

صحت کے معاملات کے لحاظ سے شروع اپریل احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ ۱۴ جون کو مریخ زحل کا مقابلہ قوت حیات میں کمی کی نشاندہی کررہا ہے۔ ۱۴ جولائی کو شمس اور پلوٹو کی غیر موافق نظر متنبہ کررہی ہے کہ دفتر میں ضرورت سے زیادہ کام نہ کریں۔ اس وقت جسم میں قوت وطاقت کی کمی ہوگی۔ اگر ہوسکے تو اس وقت چھٹی لے لیں۔ ۱۷ اکتوبر کو بھی اسی نوعیت کی صورتحال کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو کسی ایک کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہوگی۔ تاہم پریشانی والی کوئی بات نہیں ہوگی۔ سفر کے دوران کھانے پینے میں احتیاط سے کام لیں۔

ستارہ زحل آپ کے زائچہ کے خانہ امراض' کام' روزگار میں سارا سال رہے گا۔ زحل ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ یہ خلاف معمول ٹھنڈ' سردی' جوڑوں کے درد اور ہاتھ پاؤں میں درد پیدا کرتا ہے۔ نیز دانتوں یا دوسرے امراض کے لئے لاپرواہی اختیار نہیں کرنی چاہئے۔ جہاں تک کام کا تعلق ہے۔ سخت محنت کرنا پڑے گی۔ چونکہ یہاں باقوت حالت میں ہے۔ اس لئے دماغی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ تربیت کے مطابق ملازمت یا کیریئر میں مدد دے

گا۔ چونکہ آپ کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی اور زیادہ وقت کام یا روزگار کو دینا پڑے گا تو معمول کے خلاف سنجیدگی طاری رہے گی۔

خصوصاً جون و جولائی میں ساتھ کام کرنے والوں سے تنازعات کا اندیشہ ہے' اپنے اوپر قابو رکھیں۔ فوراً ہی ملازمت ترک نہ کرنی چاہئے وجہ یہ ہے کہ زحل دوسری ملازمت کے حصول میں رکاوٹ پیدا کرے گا۔ مزدوروں سے موافقت نہ ملے گی اور روزگار کی طرف سے دل پریشان ہوجائے گا۔ سردیوں میں ایسی تمام چیزوں سے پرہیز کریں جو جسم میں پانی کی مقدار کو بڑھادیں اور سردی کے امراض پیدا کریں۔ دانتوں کے امراض کا بھی خیال رکھیں۔ زحل ۲۰ فروری' ۹' ۱۴ مارچ' ۷' ۱۲ اپریل' ۱۱' ۱۷' ۳۱ مئی' یکم' ۵' ۷' ۹ ستمبر' ۱۴' ۲۰' ۱۲ اکتوبر' ۸' ۳۰ نومبر' ۱۹ دسمبر کی موافق تاریخیں ہیں۔

مریخ ۲ جنوری سے نویں گھر پر ہوگا۔ مریخ شروع سال سے طالع کی موافقت میں ہوگا۔ چنانچہ طویل المعیاد منصوبوں کو آگے بڑھانے اور زندگی کے متعلق زیادہ مہم جو رویہ اختیار کرنے کی ترغیب ملے گی۔ اس وقت آپ جو بھی اہم قدم اٹھائیں گے۔ اس کے بہترین نتائج برآمد ہوں گے۔ اگر اپنی گھریلو زندگی کو از سر نو ترتیب دینا یا ایسی دلچسپی اختیار کرنا چاہتے ہیں جس کے ذریعے ہم خیال لوگوں سے رابطے کا موقع ملے تو یہ وقت خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ ۱۸' ۲۵ جنوری اور ۲۸ فروری موافق رہیں گی۔ مریخ ۱۵ فروری سے ۳۱ مارچ تک وتد السماء پر رہے گا۔ مریخ کیریئر' پیشہ وارانہ معاملات' کاروباری اور مرتبے وحیثیت میں ترقی لائے گا۔ جس کے نتیجے میں آنے والے مہینوں میں مالی معاملات میں بہت بہتری آئے گی۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ترقی کی راہ میں کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئے گی۔ بعض اوقات معاملے ایسے بھی ہوں گے کہ جب جوش وخروش نقصان دہ ثابت ہوگا۔ ۱۰' ۱۴' ۱۸' ۲۰ مارچ کی تاریخیں موافق رہیں گی۔ اس وقت جو پیشکش ہو یا آگے بڑھنے کے لئے جو موقع بھی میسر آئے۔ اس کے متعلق بہت محتاط انداز میں غور کریں۔ اگر کوئی شک ہو تو سوچنے کے لئے مزید وقت لیں اور صرف جانے پہچانے راستے پر ہی چلیں۔

عطارد آٹھویں گھر میں ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک رہے گا اس دوران ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت میں رہے گا۔ قانونی اور سفری معاملات میں التواء سے واسطہ پڑے گا۔ آپ کے کام متاثر ہونگے۔ ۱۹ فروری کو عطارد نپ چون کا قران' ۲۰ فروری کو عطارد زحل کی تسدیس' ۲۳ فروری کو عطارد مشتری کی تربیع' ۲ اپریل کو عطارد نپ چون سے قران' ۷ اپریل کو عطارد زحل سے تسدیس بنائے گا۔ لہٰذا اچانک آپ کو اپنے پروگرام میں تبدیلی لانا پڑے گی۔ اچانک آخری وقت میں سفر کرنا پڑے تو ضرور سفر کریں کیونکہ اس وقت کی کوششوں اور معلومات سے بہت فوائد حاصل ہوں گے۔ اگر کسی خاص شخصیت سے ملاقات کرنی ہو تو ضرور کریں۔ کیونکہ اس ملاقات کا گہرا اثر مستقبل کے معاملات پر پڑے گا۔ عطارد ۷ سے ۲۱ مئی تک وتد السماء پر ہوگا تو اچھے اسباب لائے گا۔

عطارد ۲۷ جون سے ۲۹ اگست تک طالع میں رہے گا۔ عطارد کو ۸ جولائی سے یکم اگست تک طالع میں رجعت رہے گی۔ اس کی رجعت رکاوٹیں' تاخیر اور التواء لاتی ہے۔ لہٰذا جو مشکلات بھی پیش آئیں گی ان کی وجہ خود آپ کی لاپرواہی یا غیر حاضر دماغی ہوگی۔ کسی کاروباری معاملے میں اگر کوئی رکاوٹ آئے تو زیادہ پریشان نہ ہوں عطارد ۳۰ اگست سے ۱۴ ستمبر تک خانہ مال میں رہے گا۔ ان دو ہفتوں میں تجارتی سرگرمیوں میں تبدیلی لانے' اہم اور مدد آور تعلقات میں اضافہ کرنے اور ہم خیال لوگوں سے رابطہ قائم کرنے کے لحاظ سے بہت موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ سماجی اور فلاحی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں تو اس وقت آپ کی کوششیں صحیح اثر مرتب کریں گی۔ عطارد ۱' ۴' ۵' ۹' ۱۳' ۲۵ ستمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

عطارد ۱۵ ستمبر سے ۱۳ اکتوبر تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس وقت تمام معاملات آپ کی امیدوں اور توقعات پر پورے اتریں گے۔ رونما ہونے والے بعض واقعات کی وجہ سے سوچ میں تبدیلی آئے گی۔ کوئی دوست یا ملنے والا کسی مشکوک اسکیم میں آپ کی مدد یا تعاون کا خواہاں ہو تو تمام پہلوؤں پر غور کئے بغیر کوئی وعدہ ہرگز نہ کریں۔ عطارد ۳۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رجعت میں رہے گا۔ اس دوران دوسروں پر انحصار نہ کریں۔ ورنہ مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل پ۔ غ ہے

مشتری سارا سال چوتھے گھر میں رہے گا۔ اس گھر میں اسے ۱۰ اپریل سے ۱۱ اگست تک رجعت واستقامت ہوگی۔ چنانچہ اس سال گھریلو اور خاندانی معاملات بہت اہم ہوجائیں گے۔ مشتری کی چوتھے گھر میں موجودگی سے موجودہ گھریلو حالات سے متعلق بے چینی یا بے اطمینانی کے احساسات میں اضافے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حالات کو بہتر بنانے سے متعلق کوئی مثبت قدم اٹھانے کی ترغیب بھی ملے گی۔ اس طرح حالات میں تبدیلی نظر آرہی ہے لیکن یہ تبدیلی آپ کے حق میں مفید ثابت ہوگی۔ سال کے آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ گھریلو معاملات میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لانے کے زائد مواقع اور ترغیب ملے گی۔

شروع سال سے اپریل تک کا وقت جائیداد کی خرید وفروخت، کرائے یا لیز وغیرہ سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس سلسلے میں خوش قسمت اوقات وہ ہوں گے جب مشتری باقوت نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲' ۲۵ جنوری' ۴' ۸ فروری' ۲۱ مارچ' ۱۴ اپریل' ۳' ۹ مئی' ۲۵ جولائی' ۷' ۹' ۲۱ اگست' ۲۵' ۲۹ ستمبر' ۱۳ اکتوبر' ۱۱' ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں خوش قسمتی کے لحاظ سے ایک اہم موڑ یا نقطہ انقلاب ثابت ہونگی۔

مشتری خاندانی تعلقات بھی بہتر بنادے گا اگر ماضی میں جذباتی مشکلات سے واسطہ رہا ہے تو مستقبل قریب میں ہم آہنگی اور دوبارہ امن کے قیام کی توقع رکھیں۔ وہ افراد جنہیں گھر کے کسی فرد خاص طور پر والدین یا کسی رشتہ دار کی صحت کی طرف سے پریشانی لاحق ہے ان کی یہ پریشانی بھی سال کے پہلے نصف حصے میں دور ہوجائے گی۔

مشتری کی چوتھے گھر میں موجودگی تعمیرات' زراعت باغبانی' کاشتکاری اور ماحول سے متعلقہ معاملات پر مدد آور روشنی ڈالے گی۔ اگر آپ پیشے یا کیریئر کے لحاظ سے ان میں کسی شعبے سے منسلک ہیں تو سال کا زیادہ تر عرصہ کامیابی اور کوششوں کا اجر لائے گا۔

عطارد ۲۵ جنوری سے ۱۰ فروری تک چھٹے گھر میں ہوگا۔ عطارد صحت اور ملازمت کے امور سے متعلقہ گھر میں شروع سال سے ہوگا۔ کام کے حالات بہتر بنانے کے لئے سال کے پہلے ماہ میں بھرپور کوشش کریں۔ اس وقت مثبت نتائج حاصل کئے جاسکیں گے۔ اس وقت خط وکتابت' تحریرات' ملاقاتیں اور سفر میں بہتری نظر آئے گی۔ اگر ملازمت کے درخواست دی ہے یا دینے والے ہیں تو حالات بہتری لائیں گے۔

عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اسے یہاں ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت رہے گی۔ دوسروں کی وجہ سے زیادہ کام اور ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے گا۔ جس کی وجہ سے ذاتی منصوبوں اور دلچسپیوں کو عارضی طور پر پس پشت ڈالنا پڑے گا۔ ۸' ۲۳ جنوری اور ۲۳ فروری کو کواکب غیر موافق نظرات قائم کریں گے چنانچہ ان دنوں آپ بے صبری یا جلد بازی کریں گے۔ ان دنوں حادثات کا اندیشہ بھی ہے۔

عطارد ۲۲ مئی سے ۴ جون تک وتد السمار پر رہے گا۔ ۳۰' ۳۱ مئی کے وقت ہر چیز کو منظّم رکھنے کے لئے زائد کوششیں

کرنی پڑیں گی اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے یا کسی ذمہ دار عہدے پر فائز ہیں۔ اگر آپ نے بنیادی ضروریات کی طرف توجہ دی اور دوسروں کو اپنی فیاضی فطرت سے فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں دیا تو اس وقت پیچیدہ قسم کے مسائل سے بچ سکیں گے۔ اگر آپ کا کام جسمانی نوعیت کا ہے یا مشینری سے تعلق رکھتا ہے تو خاص طور پر محتاط رہیں اور جلد بازی میں کوئی کام ہرگز نہ کریں۔

۱۶ جون کو عطارد زحل کا مقابلہ ہوگا اچانک بغیر خواہش کے کسی جگہ جانا پڑ جائے گا۔ خاندانی معاملے حد درجہ پریشان کریں گے۔ ۱۶ اگست کو عطارد یورنس کی تربیع ہوگی۔ دوستوں سے سخت اختلاف رہے گا۔ ملازمت اور کاروبار میں سخت دن ہونگے جب آپ پر دھوکہ اور جالسازی کا الزام لگایا جائے گا۔ ۲۷ جون سے ۲۹ اگست تک عطارد بارہویں گھر میں رہے گا یہاں اسے ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت رہے گی۔ ۳۰ اگست سے ۱۴ ستمبر تک عطارد طالع میں رہے گا۔ اس وقت اطمینان اور سکون حاصل ہوگا۔ یکم ستمبر کو عطارد یورنس سے تثلیث بنائے گا تو آپ کے اہم کام خود بخود حل ہو جائیں گے۔

خانہ مال ہیں ۱۵ ستمبر سے ۳ اکتوبر تک رہے گا۔ عطارد ۲۲ ستمبر کو زحل سے تربیع اور ۲۵ ستمبر کو مشتری سے تسدیس اور ۲۷ ستمبر کو پلوٹو سے تربیع بنائے گا۔ جس سے غلط افواہوں سے نقصان پہنچے گا۔ غلط اور جھوٹ بول کر رقم لیں گے۔ فریب کی باتیں کر کے امیر بننے خواب دیکھائیں جائیں گے لہذا محتاط رہیں۔ ان باتوں کا جواب دیں نہ توجہ دیں۔ عطارد ۱۴ اکتوبر سے ۹ دسمبر تک تیسرے گھر میں رہے گا یہاں اسے ۳۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رجعت رہے گی۔ تاہم عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد مسائل حل ہونے شروع ہو جائیں گے۔ کسی بچے کے متعلق اطلاع آپ کو پریشان کر دے گی مسئلہ جو بھی ہو گا حل ہو جائے گا۔ ۲۷ اکتوبر کو مریخ زحل کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت دشمنی لاتا ہے احتیاط کریں۔

سال کے آخر میں اس وقت چوتھے گھر میں عطارد کی موجودگی سے اپنی فنی مہارت کو مزید بہتر بنا سکیں گے اور ساتھ ساتھ سفر سے بھی خوش بختی آئے گی۔ تعلیمی نوعیت کے تمام کام میں کامیابی ہوگی۔ مطالعہ ذہن کو وسعت دے گا۔ چھٹیاں گزارنے یا چند دن کے لئے باہر جانا اچھا رہے گا۔ سفر، رابطے، سوشل سرگرمیاں، دوستوں سے ملاقاتوں کے لیے مواقع لائے گا۔

ستارہ زحل گزشتہ سال سے پانچویں گھر میں ہے مزید دو سال اور رہے گا۔ جس کا تعلق تخلیقی سرگرمیوں اور محبت کے معاملات سے ہے۔ جنوری سے وسط اپریل تک اپنے اعلیٰ قوتوں کا اظہار کرے گا۔ ۲۰ فروری کو عطارد زحل کی تسدیس، ۹ مارچ شمس زحل کی تسدیس، ۱۴ مارچ کو مریخ زحل کی تثلیث اور ۷ اپریل کو عطارد زحل کی سعد نظر اہم سوشل سرگرمیوں، رشتہ داری کے معاملات میں اہم ثابت ہوگی۔ اس دوران بعض رکاوٹوں کی وجہ سے اپنے بنیادی مقاصد کو آگے نہ بڑھا سکے ہوں گے۔ یہ مایوس کن صورتحال ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت کی وجہ سے بھی رہے گی۔ اور جب یہ مستقیم ہو جائے گا تو زیادہ باقوت اثر ظاہر کرنے لگے گا۔ ماہ جون کا آخری ہفتہ میں اپنے تمام فیصلے موخر کریں۔ جولائی کا وسط میں رونما ہونے والے حالات دوبارہ آگے بڑھنے کی ترغیب دیں گے۔ اگست میں مستقیم ہونے کے بعد آپ ایک ایسے دور میں داخل ہونگے جب ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا۔ تخلیقی قوتوں اور صلاحیتوں کی نشوونما کے لحاظ سے حالات زیادہ موافق ہو جائیں گے۔ وہ دلچسپیاں جواب تک محض فاضل اوقات تک محدود تھیں نئے خیالات اور سوچ عطا کریں گی اور انہیں پیشہ وارانہ بنیادوں پر استوار کر کے مالی فائدہ حاصل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کرنے لگیں گے۔ اہم مالی معاملات طے کرنے کے لئے زحل ۲۰ فروری، ۹، ۱۴ مارچ، ۷، ۱۲ اپریل، ۱۱، ۱۷، ۳۱ مئی، یکم، ۵، ۷، ۹ ستمبر، ۱۴، ۲۰ اکتوبر، ۸، ۳۰ نومبر، ۹ دسمبر موافق تاریخیں ہیں۔

زحل و مشتری مادی معاملات کے لحاظ سے اہم حالات رونما ہونے کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ مالی معاملات کے لحاظ سے اب آپ کے فیصلے غلط نہیں ہوں گے۔ لیکن زحل کی وجہ سے ضروری ہوگا کہ تمام مادی ضروریات اور جاہ طلبیوں سے متعلق حقیقت پسندانہ پالیسی اختیار کی جائے۔ اگر مالی یا کاروباری سرگرمیوں میں شراکت کے خواہاں ہیں تو جلد بازی نہ کریں بلکہ معاملات کو درست شکل دینے میں کافی وقت لگائیں۔ یاد رکھئے جہاں تک نئے کاروباری اور مالی معاملات کا تعلق ہے، زحل جلد بازی کو ہرگز برداشت نہیں کرتا۔ لہذا اگر کوئی تبدیلی لانا چاہ رہے ہیں تو پہلے ٹھوس بنیاد رکھنے پر توجہ دیں۔

زہرہ طالع کے مقابل ۲۷ مارچ سے ۲۰ اپریل تک رہے گا۔ شریک حیات اور رشتہ داروں کے ساتھ گریلو معاملے

...ہونے کی توقع ہے۔ لوگ انجانے میں دشمنی مول لیں گے اور معاملات میں شدت اختیار کر جائیں گے۔ نئے تعلقات میں رقابت پیدا ہوگی۔ کسی کا ساتھ دوسروں کو تلخ بنا دے گا۔

زہرہ ۲۱ اپریل سے ۱۵ مئی تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ ۹ مئی کو زہرہ مشتری کی تثلیث خواہشات کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کرے گی۔ ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے ۱۴ مئی کو زہرہ مریخ کی تسدیس ہوگی جس سے زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ وہ لوگ جن کی آخر مئی یا مستقبل قریب میں شادی ہونے والی ہے۔ انہیں خوش بختی اور جذباتی سکون و ہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔ شادی شدہ افراد کو اگست میں شریک کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی۔

۱۰ جون سے ۳ جولائی کو زہرہ وتد السماء پر ہوگا۔ چنانچہ اس ماہ آگے بڑھنا خاصا آسان ہوگا۔ تاہم اس وقت جانے پہچانے راستوں پر چلنا ہی ترقی اور کامیابی لائے گا۔ یہ وقت مالی لحاظ سے بھی آسانی پیدا کرے گا۔

زہرہ ۲۲ اگست سے ۱۴ ستمبر تک طالع میں رہے گا۔ یہ وقت سوشل زندگی اور سفر و تفریح کے زائد مواقع لائے گا۔ زہرہ ۲۴ اگست کو مریخ سے قران اور ۲۶ اگست کو یورنس سے تثلیث قائم کرے گا۔ جس سے حالات کو تقویت ملے گی۔ نیز یہ نظر مادی خوش بختی کے ساتھ یہ احساس پیدا کرے گا کہ جاہ طلبیوں اور مقاصد کے لحاظ سے صحیح سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ زہرہ محبت کے معاملات کو اہم بنا دے گا۔ ان معاملات کے لحاظ سے یکم ستمبر کو زہرہ یورنس کی تثلیث اہمیت کی حامل ہوگی۔ ان دنوں غیر معمولی یا غیر متوقع واقعات پیش آئیں گے جس کے نتیجے میں زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا۔ روپیہ کمانے کے جو اسباب بنیں اس سے فائدہ اٹھائیں۔

۱۹ اکتوبر سے یکم نومبر تک زہرہ تیسرے گھر میں رہے گا۔ یہ وقت قریبی تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت سوشل حلقے میں بھی وسعت آئے گی۔ تاہم ۱۳ اکتوبر کو محبت کے معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہوگی۔ ۲۵ اکتوبر کے قریب ایک بار پھر محبت اور سفر کے معاملات ایک دوسرے سے مربوط ہوں گے۔

مریخ شروع سال سے آٹھویں گھر میں ہوگا۔ ۸ جنوری کو عطارد مریخ کی تربیع، ۲۱ جنوری کو مریخ زحل سے تربیع بنائے گا۔ چنانچہ ذاتی قریبی تعلقات کے متعلق ہرگز لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ جس سے اختلاف اور جھگڑے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ دراصل اس ماہ حالات جو بھی رخ اختیار کریں گے۔ ان کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کے دل میں دوسرے شخص کی کتنی محبت اور عزت ہے۔ جو باتیں دل میں رکھتے ہیں ان کو اس وقت سامنے لانا پڑے گا۔

۱۳ فروری کو مریخ یورنس کا قران ہوگا۔ اس وقت شریک زندگی کے ساتھ جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ قانونی معاملات حد درجہ پریشانی کا باعث بنیں گا۔ وہ غیر شادی شدہ افراد جو مثالی ساتھی کی تلاش میں ہیں ان کے لئے آخر مئی موافق ثابت ہوگا۔ ستارہ مریخ یکم اپریل سے ۱۶ مئی تک دسویں گھر میں رہے گا۔ آپ کو کیریئر، جاہ طلبی، ترقی کے امور اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے ہمت و جرات عطا کرے گا اور اپنی حالت بہتر بنانے کی خواہش پیدا کرے گا۔ ۲۷ اپریل کو مریخ نپچون کی تربیع اور ۶ مئی کو مریخ مشتری کا مقابلہ کا یہ وقت زیادہ دور نہیں ہوگا کہ جب حالات ختم کرنے کے لئے پُرتشدد طریقے اختیار کرنے کی ترغیب دے گا بہتر ہوگا کہ اس وقت دور اندیشی، احتیاط اور حکمتِ عملی سے کام لیں تاہم نیا کام شروع کرنے کے لئے کسی کی دشمنی مول نہ لیں۔

۲۱ جنوری، ۲ فروری، ۱۰، ۱۳، ۲۷ اپریل، ۶ مئی، ۱۰، ۱۴، ۱۶، ۱۸، ۲۰ جون، ۹، ۱۱، ۱۴ جولائی، ۸، ۱۰، ۱۲، ۱۴، ۲۱ ستمبر، ۲۷، ۲۸ اکتوبر، ۲۴ نومبر، ۸ دسمبر احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت کو اکبی صورتِ حال موافقت میں نہیں ہوگی چنانچہ ایسی باتیں ہوں گی جو بے صبری پیدا کریں گی یا آپ کا باقوت رویہ جھگڑے کا سبب بنے گا۔ ان اوقات میں محتاط رہیں تاکہ حالات میں ابتری پیدا نہ ہو۔ حالات خواہ کچھ ہوں ہرگز کوئی ایسا طریقہ اختیار نہ کریں جس پر آپ سے جواب طلبی کی جا سکے۔ آپ کا رویہ، سوچ، طور طریقہ اور چال چلن سرزنش اور رسوائی سے بالاتر ہونا چاہیے۔ اس لئے انتہا سے زیادہ جاہ طلبی سے پرہیز کریں ورنہ شرمناک زوال کا اندیشہ ہے۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل ر۔ ت۔ ط ہے

گھریلو معاملات کے لحاظ سے مشتری آپ کے تیسرے گھر میں موجود ہوگا۔ اس وقت تمام تعلقات خوشی لانے والے ہونگے۔ بچوں کی تعلیم میں نمایاں کامیابی ملے گی۔ رشتہ دار ملنسار اور مدد کرنے والے ہونگے۔ خط یا خبر جو آپ تک پہنچے گی خوشی دے گی۔ اس ماہ قانونی معاملات میں بہتری آئے گی وہ افراد جو قانون سے متعلقہ تعلیم حاصل کررہے ہیں یا اس شعبے میں کام کررہے ہیں انہیں اس سال کامیابی حاصل ہوگی۔

مشتری شروع سال سے تیسرے گھر میں ہوگا اور ۱۰ اپریل سے ۱۱ اگست تک رجعت میں رہے گا۔ مشتری کے مستقیم ہونے کے بعد گھریلو معاملات میں مزید وسعت اور بہتری آئے گی۔ والدین کو کسی بچے کی کامیابی کی وجہ سے خوشی ملے گی یا وہ افراد جن کی ابھی شادی ہوئی ہے انہیں خاندان کے افراد میں اضافے کی خوش خبری ملے گی۔ وہ افراد جو ماہ مارچ میں گھر تبدیل کریں گے انہیں خوش بختی سے واسطہ پڑے گا۔ مشتری ۹ اگست کو زہرہ سے سعد نظر قائم کرے گا۔ جس سے ماحول کے خوشگوار ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اگر روزمرہ کے ماحول سے دور جانا چاہتے ہیں۔ تب بھی یہی وقت سعد ثابت ہوگا۔

مارچ و ستمبر سفر کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہوگا۔ طویل سفر کے دوران کوئی بہترین دوست زندگی میں داخل ہوگا اور اگر آپ روحانیت کی تلاش میں ہیں تو کسی ایسے شخص سے ملاقات ہوگی جو ذہنی لحاظ سے متاثر کرے گا۔ سفر کا ارادہ نہ ہونے کے باوجود بھی وسط اکتوبر میں سفر کا امکان ہے۔ اگر سفر نہ ہوا تو کسی دور دراز علاقے سے کوئی پیغام موصول ہوگا یا کسی ایسے غیر ملکی شخص سے ملاقات ہوگی جو آپ کے لئے اہمیت رکھتا ہوگا۔ وہ لوگ جو روحانی علوم کے حصول کے خواہاں ہیں ان کے لئے یہ وقت قابل قدر معلومات لائے گا- کاروباری و سرمایہ کاری کے علاوہ سفر میں مشتری کے سعد نظرات کامیابی دیں گے۔ ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲، ۲۵ جنوری، ۴، ۸ فروری، ۲۱ مارچ، ۱۴ اپریل، ۳، ۹ مئی، ۲۵ جولائی، ۷، ۹، ۲۱ اگست، ۲۵، ۲۹ ستمبر، ۱۳ اکتوبر، ۱۱، ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

مریخ شروع سال سے طالع کے مقابل ہوگا اس طرح سال کا آغاز ایک چیلنج ہوگا ساتویں گھر میں مریخ ۱۴ فروری تک رہے گا۔ اس دوران ۸ جنوری کو مریخ عطارد کی تربیع، ۲۱ جنوری کو مریخ زحل کی تربیع اور ۱۳ فروری کو مریخ یورنس سے قران کرے گا۔ رشتہ داروں اور شراکت داروں کے درمیان اور خاص طور پر گھر میں رکاوٹ یا مخالفت کے عنصر کی نشاندہی کرتی ہے۔ جس کا بلاواسطہ سامنا کرنا ہوگا اور اس پر قابو پانا ہوگا۔ تاہم ایسی رکاوٹوں کی موجودگی میں جلد بازی کرنے کی بجائے حکمت عملی سے کام لینا بہتر ہوگا۔ اندیشہ ہے کہ بغیر سوچے سمجھے قدم اٹھا کر اور جارحانہ رویہ اختیار کرکے باسانی دشمنی پیدا کرلیں گے لہذا احتاط رہیں۔ مریخ کی نحس نظریں جو آپ کو متاثر کرسکتی ہیں اور ذہنی طور پر مفلوج کرسکتی ہیں وہ ۲ فروری، ۱۲۷ اپریل، ۶ مئی، ۱۴، ۱۸ جون، ۱۱ جولائی، ۲، ۳، ۱۲، ۱۴ ستمبر ۱۲۷ اکتوبر، ۵، ۲۴ نومبر کو مریخ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

مریخ نویں گھر میں یکم اپریل سے ۱۶ مئی تک رہے گا۔ جس سے ذہنی سرگرمیوں، حصولِ علم اور غیر ملکی سفر پر دباؤ

ا لے گا۔ خاص طور پر ان افراد کی موافقت میں ہوگا۔ جو اپنے اندر تکنیکی صلاحیتیں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ لکھنے، اشاعت، صحافت، درس و تدریس، کمیونی کیشن اور نشرواشاعت کے اداروں سے متعلقہ تمام معاملات کے لحاظ سے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ وہ افراد جو غیر ملکی رابطوں کے ذریعے اپنے کاروبار کو وسعت دینا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے سال کے شروع کے تین ماہ خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوں گے۔ لیکن یہ ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوشش ہی کامیابی لائیں گی۔ نیز مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرنے اور اپنی دلچسپیوں میں تبدیلی لانے کے لئے مختلف امکانات کا جائزہ لینے کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

مریخ وتد السماء پر ہوگا اور ۱۷ مئی سے یکم جولائی کے درمیان تیزی سے آگے بڑھنا موافق ثابت نہ ہوگا۔ چنانچہ کاروبار، کیریئر یا گروہی سرگرمیوں کے لحاظ سے تیز رفتار ترقی کی توقع نہ رکھیں بلکہ اپنے حالات کا بغور جائزہ لینے کے لئے خود پیچھے رہ کر دوسروں کو کام کرنے کا موقع دیں۔ اگر کوئی کاروباری معاملہ طے کرنا ہے یا اہم اور سخت گفت وشنید کے مرحلے سے گزر رہے ہیں، تو آسان حالات کی توقع نہ رکھیں۔ اگر رکاوٹوں کے خلاف نبرد آزما ہوں تو عارضی طور پر کچھ پہلوؤں کو نظر انداز نہ کریں اور آخر تک رک جانا بہتر رہے گا کیونکہ اس وقت کوابکی صورتحال زیادہ مدد آور نہ ہوگی۔ یکم مئی عطارد مریخ سے تسدیس، ۱۴ مئی زہرہ مریخ کی تسدیس، ۲۲ مئی کو مریخ یورنس کی تسدیس، ۱۸ جون کو عطارد مریخ کا قران اور ۲۵ جولائی کو مریخ مشتری کی تثلیث ہوگی۔

مریخ ۱۵ اکتوبر سے ۱۹ نومبر تک طالع میں رہے گا۔ ۱۲۷ اکتوبر کو مریخ زحل کی تربیع ہوگی۔ گھر والے سخت پریشانی میں مبتلا ہونگے۔ آپ سے متعلقہ لوگ آپ کو اس طرح پیش کریں گے کہ آپ کی شخصیت مسخ ہوجائے گی۔ اعتبار ختم ہوگا۔ ہوسکتا ہے کہ اپنے لوگ آپ کو الگ کردیں۔ جھگڑا کر کے مزید مشکلات میں آسکتے لہذا خاموش رہنا بہتر ہے۔

یورنس اب آٹھویں گھر میں ۶ مارچ کو سات سال کے لیے آجائے گا۔ روپیہ کمانے کی ترجیہات اب بدل جائیں گی۔ یورنس ۱۲ اگست سے سال کے آخر تک آٹھویں گھر میں رجعت کرے گا۔ آٹھواں گھر ٹیکس، انشورنس، ترکہ، وظائف اور شریکِ حیات کی آمدن سے بھی متعلق ہے۔ شروع کے سات ماہ تک حالات کے مطابق فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کیونکہ غیر متوقع صورتیں پیدا ہوں گی۔ یورنس نئے کام اور اسکیموں میں فائدہ دے گا اور ان سے یا کسی اور ذرائع سے اتفاقیہ روپیہ ملے گا۔ اس میں کاروباری اور گھریلو معاملات بھی آجاتے ہیں۔ جب یہ سعد ہوگا۔ تو غیر متوقع مال لائے گا اور رہائش یا خاندان کے متعلق مشکلات کا حل لائے گا۔ ۴ جنوری، ۳، ۱۰، ۱۸ فروری، ۲۷ مارچ، ۲۲ مئی، ۷، ۲۷ جون، ۸ جولائی، ۲۶، ۲۸، ۳۰ اگست، ۲۸ نومبر، ۱۵ دسمبر کو یورنس سعد نظرات بنائے گا۔ تو بڑی عمر کے لوگوں کو گھریلو زندگی کی خوشیاں اور محبت دے گا۔

عطارد ۲۵ جنوری سے ۱۰ فروری تک پانچویں گھر میں ہوگا۔ یہ وقت تبادلۂ خیالات اور معلومات کے حصول کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا- کچھ لوگ گھر آئیں گے ان کے تعاون سے زندگی کو ایک نئی سمت ملے گی یا کسی کی خوش بختی گھر آئے گی۔ عطارد چھٹے گھر میں ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک رہے گا اس دوران ۵ سے ۲۵ مارچ تک رجعت میں رہے گا۔ کاروبار میں ملازمین کے ساتھ ناخشگوار واقعات سے ڈپریشن کا شکار ہونگے۔

۲۳ جنوری کو عطارد یورنس سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ اس وقت تلخ کلامی سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت کام کے معمولات کے لحاظ سے ناگزیر تاخیر یا انتشار لائے گا۔ عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد زندگی میں ٹھہراؤ آجائے گا۔ حالات کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور بے صبری سے پرہیز کریں۔ لہذا روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت نہ ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی کچھ مشکلات آئیں گی۔ عطارد ۲۳ فروری کو مشتری سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔

عطارد ۱۸ اپریل سے ۶ مئی تک طالع کے مقابل رہے گا۔ یکم مئی کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی جس سے گھر میں انتشار کی نشاندہی ہورہی ہے۔ سسرالی رشتہ داروں یا وہ لوگ جو آپ سے کھلی دشمنی رکھتے ہیں ان سے اس وقت محتاط رہیں ضرورت سے زیادہ مخالفت سے نقصان ملے گا۔ عطارد آٹھویں گھر میں ۷ سے ۲۱ مئی تک رہے گا۔ اس دوران لوگوں کا

تعاون حاصل نہ ہوسکے گا۔کام کے معمولات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔گھر اور جائیداد پر فوری توجہ کے حامل کاموں پر توجہ دیں۔عطارد ۵ سے ۲۶ جون تک وتد السماء پر رہے گا۔اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹوں یا مایوسیوں سے پریشان نہ ہوں کیونکہ ۷ جون کو عطارد یورنس کی سعد نظر آپ کی موافقت میں ہوگی۔لہٰذا موزوں مواقع ضرور میسر آئیں گے اور کوششوں کا اجر ملے گا۔تو خط و کتابت' ای میل اور انٹرنیٹ کے ذریعے رابطے بڑھ جائیں گے۔کیریئر و ملازمت اور ترقی سے متعلق جو بھی ارادے ہوں ان پر عمل کریں' اہم افراد سے ملیں۔یہ وقت صحیح معلومات کے لئے بھی سودمند ہوگا۔اگر آپ کسی مشترکہ سرگرمیوں میں شامل ہیں تو اختلافات کو دور کرنے کے لئے تیار رہیں۔عطارد گیارہویں گھر میں ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت میں رہے گا۔

بارہویں گھر میں ۲۲ اگست سے ۱۴ ستمبر تک عطارد رہے گا۔غلط افواہوں سے نقصان پہنچے گا۔غلط اور جھوٹ باتیں کہی جائیں گی۔لوگ بے وجہ دشمنی پیدا کریں گے۔اپنی صحت پر توجہ دیں اور احتیاط کریں۔

۱۵ ستمبر کو طالع میں داخل ہوگا تو زندگی میں سکون آئے گا۔۲۵ ستمبر کو عطارد مشتری کی تسدیس اور ۱۱۴ اکتوبر کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی جس سے اس ماہ بے شمار امیدیں اور خواہشات پوری ہوجائیں گی۔رابطے' درخواستیں اور تعلیمی امور کے معاملات آسانی سے مکمل ہوجائیں گے۔عطارد ۱۴ اکتوبر کو خانہ مال میں ہوگا۔یہ وقت مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے ازسرنو سوچ کا متقاضی ہوگا۔عطارد ۳۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رجعت میں رہے گا۔کسی بھی نئے کام کو اس کے تمام پہلوؤں پر غور کئے بغیر آگے بڑھانا ٹھیک نہیں ہوگا۔مالی اور کاروباری معاملات کے لحاظ سے ۲۸' ۳۰ نومبر کو خاص طور پر ان معاملات پر خاص توجہ دیں۔

ستارہ زہرہ ۴ فروری سے چوتھے گھر میں موجود ہوگا۔زہرہ یورنس کی تثلیث اچھے حالات اور گھر میں والدین کے ساتھ مل کر معاملات کو بہتر کرنے کی کوشش کی جائے گی۔کاروباری امور کے لیے ۴' ۸' ۱۷' ۱۸' ۲۸ فروری موافق رہے گی۔۲۱ اپریل سے ۱۵ مئی تک زہرہ طالع کے مقابل رہے گا۔اس وقت اگر پرانے تعلقات کو ازسرنو تازہ کیا تو بہت موافق نتائج سامنے آئیں گے۔وہ لوگ جن کی شادی ہونے والی ہے یا جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے اپریل' مئی خوش قسمت رہیں گے۔تاخیر کے عنصر کا خاتمہ ہوجائے گا اور معاملات آگے بڑھنے لگیں گے۔غیر شادی شدہ افراد کے لئے ایک نئے تعلق کے آغاز کی نشاندہی ہورہی ہے اس وقت مادی اور مالی معاملات میں بھی بہتری آئے گی' جس سے مستقبل کے متعلق اپنے آپ کو زیادہ پراعتماد محسوس کرنے لگیں گے۔محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۱۲' ۱۵ اپریل' ۹' ۱۴' ۱۸' ۳۰ مئی کی موافق تاریخیں ہوں گی۔

۸ جولائی کو زہرہ یورنس کے ساتھ سعد نظر قائم کرے گا۔جس کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف کسی مثالی شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا بلکہ یہ تعلق وقت کی آزمائش پر پورا اترے گا۔وہ افراد جن کی اس ماہ شادی ہوگی۔ان کے لئے یہ وقت خاص طور پر موافق ہوگا۔جب کہ شادی شدہ افراد کے تعلقات میں مزید مضبوطی پیدا ہوگی۔یہ وقت محبت کے معاملات کے لحاظ سے سعد ثابت ہوگا۔۹ اگست کو کسی بے حد اہم شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے۔یہ محض وقتی تعلق نہیں ہوگا بلکہ بے حد مضبوط ہوگا۔کوئی ایسا شخص زندگی میں داخل ہوگا جو آپ کی حقیقی صلاحیتوں کی نشوونما میں مدد دے گا۔

مالی لحاظ سے ستمبر خوش قسمت ماہ ہوگا۔زہرہ بارہویں گھر میں داخل ہوگا تو پہلے سے موجود مریخ سے قران کرے گا چنانچہ اس وقت اچانک اہم واقعات رونما ہوں گے۔لطیف نوعیت کی وہ تبدیلیاں جو باطنی طور پر آپ میں پیدا ہورہی ہیں وہ اس وقت ظاہر ہوجائیں گی۔کسی شخص سے اتفاقیہ ملاقات ان نفسیاتی تبدیلیوں کو ظاہر کرنے کا ذریعہ بنے گی۔

زہرہ ۲ نومبر کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا تو مشتری سے قران اور نپچون سے تربیع بنائے گا اس وقت رشتہ داری' دوست اور بہن بھائی کے تعلقات بری طرح متاثر ہونگے۔بیرون ملک سفر میں تاخیر سے واسطہ پڑے گا۔۲۸ نومبر' ۳' ۹' ۱۱ دسمبر کو زہرہ سعد نظر قائم کرے گا۔تو تعلقات نئے بنیں گے۔رشتے فوری آئیں گے۔یہ وقت دیرپا تعلقات بنائے گا۔ آپ کے بچوں کی ترقی اور خوش قسمتی کی راہیں کھل جائیں گی۔

عقرب

2019 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش ۲۴ اکتوبر سے ۲۲ نومبر کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ن۔ ظ۔ ذ۔ ض۔ ز ہے

آپ یہ جان لیں گے کہ ۲۰۱۹ء میں جس سمت آگے بڑھنا چاہیں گے کامیابی ہوگی۔مشتری شروع سال سے جائیداد اور گھریلو معاملات سے متعلقہ خانہ مال میں ہوگا۔چنانچہ زندگی کی مادی بنیادوں کی موافقت میں ہوگا۔اس گھر میں مشتری کی موجودگی آپ میں باطنی لحاظ سے بتدریج تبدیلی لائے گی۔یعنی آپ میں باطنی لحاظ سے زیادہ مضبوطی اور تحفظ کا احساس پیدا ہوگا۔نیز زندگی میں ایک طرح کی غیبی قوت کی موجودگی کا احساس ہوگا۔جو آپ کی رہنمائی کرے گی۔سب سے بڑھ کر یہ کہ خواہ کسی بھی قسم کی تبدیلیاں آئیں۔مشتری کا اثر یقینی طور پر آپ کو دوبارہ اپنے قدموں پر مضبوطی سے کھڑا کردے گا۔

مشتری ۱۰ اپریل کو رجعت کر جائے گا اور ۱۱ اگست کو مستقیم ہوگا۔اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے وسائل اور صلاحیتوں کے استعمال میں آپ کے فیصلے غلط نہیں ہوں گے۔تاہم مشتری آپ کو ضرورت سے زیادہ خوش امید اور لاپرواہ بھی بنا سکتا ہے۔اس رجحان سے بچنے کی ضرورت ہوگی۔سال کے آغاز کے ساتھ ہی رونما ہونے والے حالات کی وجہ سے نئی سمت میں آگے بڑھنے کی ترغیب ملے گی۔ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲' ۲۵ جنوری' ۴' ۸ فروری' ۲۱ مارچ' ۱۴' ۱۱ اپریل' ۳' ۹ مئی' ۲۵ جولائی' ۷' ۹' ۲۱ اگست' ۲۵' ۲۹ ستمبر' ۳' ۱۱ اکتوبر' ۱۱' ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

مشتری ۲ دسمبر تک مادی اور مالی معاملات سے متعلقہ گھر میں رہے گا۔یہاں اس کی قوتیں بڑھ جائیں گی۔جس سے آنے والا وقت مالی معاملات کے لحاظ سے بہتری اور وسعت لائے گا۔۲۷ دسمبر کو مشتری اور شمس کا قران ہوگا۔یہ نظر تمام مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے خوش بختی لائے گی۔اس وقت بغیر کوشش کے ہی آمدنی کو بہتر بنانے کے مواقع میسر آئیں گے۔اگر آپ کو کوئی چیز فروخت کرنی ہے تو اس وقت اس کی اچھی قیمت ملے گی۔

۲۱ جنوری کا چاند گرہن زائچے کے وتد السماء پر لگے گا۔جو بہت جلد کیریئر میں تبدیلی کی نشاندہی کررہا ہے۔اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں ہوگی کیونکہ اس وقت قسمت اور حالات آپ کے کنٹرول میں ہوں گے۔چنانچہ مقاصد اور جاہ طلبیوں سے متعلقہ تمام اہم فیصلے آپ کے حق میں بے حد مفید ثابت ہوں گے۔۶ جنوری' ۱۷ جولائی اور ۲۶ دسمبر کا سورج گرہن تیسرے گھر برج جدی میں لگے گا۔آپ کے فیصلے بری طرح متاثر ہونگے۔بچوں سے متعلقہ تعلیم سرگرمیوں کو نقصان ملے گا یا بیرون ملک سفر کا امکان کم ہوجائے گا۔سال کے آخر میں مالی خطرہ مول نہ لیں اور فوری طور پر امیر بنانے والی اسکیموں کے بجائے طویل المیعاد سرمایہ کاری کی طرف توجہ دیں۔

مریخ شروع سال سے ۱۴ فروری تک چھٹے گھر میں رہے گا۔شروع کے دن زندگی کو بدلنے میں بہت اہم ثابت ہونگے۔مریخ چونکہ معاملات کھول کر سامنے لاتا ہے تاکہ حالات اور معاملات درست کئے جاسکیں۔اور یہ جاننے میں مدد دیتا ہے کہ دوسروں کے ساتھ تعلقات میں آپ کس مقام پر ہیں۔چنانچہ اس وقت علم ہوجائے کہ کون آپ کا حقیقی دوست ہے اور کون حقیقی دشمن۔اگر اختلافات موجود ہوں تو صرف امن و امان برقرار رکھنے کی خاطر انہیں دبانے کی کوشش نہ کریں

بلکہ اختلافات پر کھل کر بات کریں۔ تاکہ حالات درست کئے جاسکیں۔ وہ افراد جو سیاسی سرگرمیوں' سماجی اور فلاحی تحریکوں میں ملوث ہیں۔ ان کے لئے سال کا آخر سخت ثابت ہوگا۔ تاہم اس وقت مشتری چونکہ طالع کی موافقت میں ہوگا اس لئے عین اس وقت مدد میسر آیا کرے گی، جب اس کی اشد ضرورت ہوگی۔

ساتویں گھر میں مریخ ۱۵ فروری کو داخل ہوگا مریخ کی موجودگی کا مثبت اور تعمیری پہلو بھی ہے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ یہاں مریخ اختلافات کو ہوا دے سکتا ہے اس وقت شریک حیات اور شریک کار سے مخالفت اور جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ اور اگر مسابقتی سرگرمیوں میں ملوث ہیں تو اس وقت مخالفین اور حریف آپ کے لئے حالات کو مشکل اور سخت بنادیں گے۔ بہتر ہوگا کہ کھل کر سامنے آنے کے بجائے درگزر سے کام لیں اور جارحانہ رویہ اختیار کرنے کے بجائے حکمت عملی اختیار کریں۔ ۱۳ فروری کو مریخ یورنس کا قران ہوگا یہ وقت گھریلو معاملے میں سخت اختلاف پیدا کرے گا۔ مریخ کا یہ منفی پہلو فروری کے دوسرے نصف حصے میں زیادہ کھل کر سامنے آئے گا۔ اس وقت سست رفتاری سے آگے بڑھیں اور صرف ایسے معاملے میں جارحانہ رویہ اختیار کریں۔ جہاں جدوجہد کرنا اور حق کے لئے لڑنا اشد ضروری ہو۔

مریخ ۷ امئی سے یکم جولائی تک نویں گھر میں گزارے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران وہ طالع کی موافقت میں ہوگا اور زائد جسمانی قوت وطاقت عطا کرے گا۔ لہذا سفر جو دینوی وروحانی مقصد کے لیے ہوگا وہ زندگی میں تبدیلی لائے گا۔ اپنی مرضی کے مطابق کام کرسکیں گے۔

۲ جولائی سے ۱۸ اگست تک مریخ وتد السماء پر رہے گا۔ اس کے آجانے کے بعد ان تبدیلیوں کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرسکیں گے۔ اس وقت کیریئر اور دینوی معاملات میں قسمت بنانا آپ کے ہاتھ میں ہوگا۔ ماضی کی کوششوں کا اجراب ملنے لگے گا۔ مریخ ۹' ۱۱' ۱۴' ۱۷ جولائی کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

مریخ ۵ اکتوبر سے ۱۹ نومبر تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس وقت پس پردہ رونما ہونے والے حالات مستقبل قریب میں آپ کی زندگی پر مدد آور اثرات مرتب کریں گے۔ ۱۲۷ اکتوبر کو مریخ زحل کی تربیع' ۵ نومبر کو پلوٹو سے تربیع ہو گی۔ آمدنی میں یقیناً پریشانی آئے گی۔ لوگوں سے جھگڑا ہوگا جو کسی غلط فہمی کی وجہ سے بہت بڑھ جائے گا۔ جس سے جیل اور مقدمات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ مریخ ۲۰ نومبر سے سال کے آخر تک طالع میں رہے گا۔ ۱۹ دسمبر کو مریخ زحل کی تسدیس ہو گی۔ بہت سے پریشانی والے معاملے اب دور ہوجائیں گے۔

عطارد شروع سال سے تیسرے گھر میں یکم سے ۲۴ جنوری تک موجود رہے گا۔ لہذا اس وقت تحریری کام' تعلیمی امور' رابطے اور سفری معاملات کو بڑی آہستگی سے آگے بڑھانا بہتر رہے گا۔ ورنہ بعد میں وہی کام دوبارہ کرنا پڑے گا۔ عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک پانچویں گھر میں رہے گا اس دوران ۵ سے ۲۸ مارچ تک اسے رجعت رہے گی۔ عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد مقاصد کو تیزی سے آگے بڑھاسکیں گے۔ گزشتہ سال اگر بعض مقاصد کے حصول میں بنیادی رکاوٹ مالی حالت رہی ہے تو اپریل میں رونما ہونے والے حالات سے بہتری کی نشاندہی ہورہی ہے۔ عطارد ۴' ۱۴' ۳۰ جنوری' ۴' ۸' ۱۰' ۲۰' ۲۳ فروری کو سعد نظر بنائے گا۔

عطارد ۱۸ اپریل سے ۶ مئی تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا۔ ۱۸ مئی کو عطارد زحل سے تثلیث' ۲۳ کو عطارد نپ چون کی تسدیس کی سعد نظر قائم ہوگی۔ جو مزید مددآور ثابت ہوگی۔ لہذا مقاصد کے حصول کے لئے حالات سازگار ہوجائیں گے۔ جس کی وجہ سے مالی وکاروباری سرگرمیوں کی بنیاد زیادہ مضبوط ہوجائے گی۔ عطارد ۷ اپریل' یکم' ۳ مئی کو سعد نظر بنائے گا۔

عطارد ۷ سے ۲۱ مئی تک طالع کے مقابل رہے گا۔ ۱۶ مئی کو عطارد نپ چون سے تسدیس' ۱۷ مئی کو زحل سے تثلیث' ۱۸ مئی کو پلوٹو سے تثلیث ہوگی یہ وقت معاملات میں بہتری لائے گا۔ ان دنوں دوسروں کے وعدوں اور باتوں پر اچھی طرح غور کریں۔ نہ ہی جلد بازی میں کوئی ذمہ داری قبول کریں۔ ان دنوں اگر رشتہ داروں' شریک زندگی اور شراکت داروں سے اختلاف رائے سے واسطہ پڑے تو بے حد ٹھنڈے دماغ سے کام لیں۔ چونکہ عطارد طالع کے مقابل ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت

ملاقاتیں' رابطے اور سوشل سرگرمیاں لائے گا۔ جو معلومات حاصل ہوں ان پر اچھی طرح غور کریں۔

عطارد ۵ سے ۲۶ جون تک نویں گھر میں رہے گا۔ قانونی اور سفر کا معاملات ہونگے لوگ آپ سے تعاون کریں گے۔ ۱۶ جون کو عطارد زحل کا مقابلہ ہوگا قانونی معاملات میں بہت احتیاط کی ضرورت پڑے گی۔

عطارد ۲۷ جون سے ۱۲۹ اگست تک وتد السماء پر رہے گا یہاں عطارد ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت میں رہے گا۔ کاروبار اور کیریئر کے معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ عطارد ۱۶ اگست کو یورنس سے تربیع غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ ان دنوں دھوکہ وفریب کا اندیشہ ہے۔ قانونی معاملات سے عزت ووقار متاثر ہوگا۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ مالی معاملات میں ان دنوں محتاط رہیں۔ عطارد ۱۳۰ اگست سے ۱۴ ستمبر تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ ۳ ستمبر کو عطارد مریخ کا قران' ۴ کو شمس کا قران' ۶ کو مشتری سے تربیع ۷ کو پلوٹو سے مقابلہ اور ۲۲ ستمبر کو زحل سے تربیع ہوگی۔ اس وقت دوست آپ کی امیدوں پر پورے نہ اتریں گے۔ ان میں منافقت پائی جائے گی۔

عطارد ۲۰ نومبر سے سال کے آخر تک طالع میں رہے گا اور ۲۰ دسمبر کو نپ چون سے تربیع ہوگی۔ اس وقت لوگ آپ کے متعلق اچھی رائے قائم نہ کریں گے۔ افواہیں پھیلا کر اور لوگوں سے غلط انداز میں باتیں کر کے شخصیت کو خراب کرنے کی کوشش ہوگی۔ اپنے اندر قوت برداشت رکھنی ہوگی۔ ہوائی قلعے بنانے سے پرہیز کریں۔

زحل آپ کے زائچہ کے خانہ سوم میں سارا سال رہے گا۔ جو عزیزوں، خط وکتابت، سفر اور ٹرانسپورٹ سے متعلق ہے۔ زحل ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت کی حالت میں رہے گا۔ لہٰذا خاندانی مشکلات سر اٹھائیں گی۔ بہن بھائیوں کے معاملات سردردی کا باعث ہوں گے۔ جس سے کام پر اثر پڑے گا۔ وہ لوگ جن کا کام ٹرانسپورٹ کا ہے۔ ان کو کام سے مفاد نہ ملے گا اور اخراجات بہت ہوں گے۔ بعض اعزا سے تعلقات ٹوٹ جائیں گے۔ وہ عزیز جو عمر میں بڑے ہیں۔ ریٹائر ہوں گے ان کی ذمہ داری کندھوں پر آپڑے گی۔ اس وقت جو بھی مشکلات اٹھیں' ان کو عقلمندی سے نبھائیں اور درگزر سے کام لیں۔ نئے تعلقات اور رشتہ داری قائم کرنا بھی فائدہ دے گا۔ اہم مالی معاملات طے کرنے کے لئے زحل ۲۰ فروری' ۹' ۱۴ مارچ' ۷' ۱۲ اپریل' ۱۱' ۱۷' ۳۱ مئی' یکم' ۵' ۷' ۹ ستمبر' ۱۴' ۱۲۰ اکتوبر' ۸' ۳۰ نومبر' ۹' ۱۹ دسمبر کی موافق تاریخیں ہیں۔

ساتویں گھر میں یورنس ۷ سال کے لیے ۶ مارچ سے آجائے گا۔ اس کی موجودگی طلاق اور علیحدگی لاتی ہے۔ چنانچہ اگر ازدواجی زندگی میں مسائل کا سامنا ہے تو ۲۰۱۹ء ایسا سال ہوگا جب تعلقات یا تو بن جائیں گے یا ختم ہوجائیں گے۔ عقربی افراد کے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ خراب حالات ہونے کے باوجود علیحدگی اختیار کرنا ان کے لئے بہت مشکل ہوتا ہے۔ حالات بہتر ہوجانے کی امید میں دن گزرتے رہتے ہیں اور یہی چیز عموماً بے حد تکلیف پہنچاتی ہے۔ یورنس ۱۲ اگست سے رجعت کرجائے گا۔

زہرہ ۲۷ مارچ سے ۲۰ اپریل تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ ۲۱ مارچ کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہے محبت کے معاملات خوشی دیں گے۔ زہرہ ۱۶ مئی سے ۹ جون تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس دوران نئے رشتے قائم ہونگے۔ شادی اور نسبت کے معاملات بہت اہم ہونگے۔

۹ مئی کو زہرہ مشتری کی تثلیث اور ۱۸ مئی کو زہرہ یورنس کا قران ہے یہ جائیداد' وراثت اور ترکہ کے معاملات کے علاوہ ٹیکس اور انشورنس سے متعلقہ امور کو حل کرنے کا خاص وقت ہے۔ زہرہ ۴ جولائی سے تفریحی سفر کی موافقت میں ہوگا۔ سفر کے ذریعے زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان بھی ہے۔ طویل سفر کے ذریعے نہ صرف دوستوں کے حلقے میں وسعت آئے گی بلکہ ذہنی اور جسمانی صحت بھی بہتر ہوجائے گی۔ ۲۹ جولائی سے ۲۱ اگست تک وتد السماء پر موجود ہونے سے آرٹسٹک کام' تخلیقی نوعیت کے امور' سوشل سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔ ۷ اگست کو شمس مشتری کی تثلیث ہوگی جس سے لوگ آپ کی صلاحیت سے فائدہ اٹھائیں گے۔ ۲۱ اگست کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی فیشن اور ڈیزائن کے کام میں ترقی ہوگی۔ بڑی سرمایہ کاری اور معاہدات بڑی ترقی کا باعث بنیں گے۔ زہرہ ۱۹ اکتوبر سے یکم نومبر تک طالع میں رہے گا۔ یہ وقت نہ صرف محبت کے معاملات کے لحاظ سے خوش قسمت ثابت ہوگا بلکہ زائد سوشل زندگی لائے گا اور شخصیت کو بھی پرکشش بنائے گا۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل ف ہے

زحل کے خانہ مال میں داخلے کے بعد روپے سے متعلق آپ کے رویے میں لطیف نوعیت کی تبدیلی آئے گی اور آنے والے سال میں مادہ پرستی میں مزید کمی کا تہیہ کریں گے۔ سال کے آخر تک اس بات کا احساس ہو جائے گا کہ جدید طرز زندگی نے جن مصنوعی چیزوں کو ضروری بنا دیا ہے وہ بالکل ہی غیر اہم اور بے معنی ہیں۔ یہ باطنی تبدیلی طویل مدت میں آپ کو بے حد فائدہ پہنچائے گی کیونکہ رویئے اور سوچ کی اس تبدیلی کے نتیجے میں آپ جو کچھ بھی کریں گے۔ اسی میں افادیت کو مدنظر رکھیں گے۔

زحل مشترکہ مالی معاملات سے متعلقہ گھر میں موجودگی کے دوران مالی معاملات میں زائد استحکام پیدا کرے گا۔ لیکن اب آپ کو فوری نتائج یا فوری منافع کی توقع نہیں رکھنی چاہیئے۔ لیکن اگر ذاتی اور مشترکہ مالی معاملات کے لحاظ سے طویل المعیاد حکمت عملی اختیار کی تو آئندہ دو سالوں کے دوران مالی حالات میں مستحکم بہتری آئے گی۔

زحل کا خانہ مال میں ہونے سے آپ فوری طور پر بہت سا روپیہ کما نہیں سکیں گے۔ لیکن اپنے جانے پہچانے راستے پر ثابت قدمی سے گامزن رہ کر اپنے مالی حالات میں بہتری پیدا کر سکیں گے۔ شروع سال میں نہ صرف یہ کہ مریخ کی پانچویں گھر میں موجودگی سے مالی حالات میں بہتری کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ لہذا اب کئی سال بعد مادی سرگرمیوں کو زیادہ مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے کا موقع ملے گا اور ماضی کی کوششوں کا اجر ملنا شروع ہوگا۔ زحل عموماً پابندیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ چنانچہ گزشتہ سالوں کے دوران یہ پابندیاں آپ نے مالی معاملات میں محسوس کی ہوں گی۔ زحل ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ ستمبر کے آخر سے حصول آمدن کے معاملات میں آسانی اور بہتری دیکھیں گے۔ اہم مالی معاملات طے کرنے کے لئے زحل ۲۰ فروری، ۹، ۱۴ مارچ، ۷، ۱۲، اپریل، ۱۱، ۱۷، ۳۱ مئی، یکم، ۵، ۷، ۹ ستمبر، ۱۴، ۱۲۰ کتوبر، ۸، ۳۰ نومبر، ۱۹ دسمبر کی موافق تاریخیں ہیں۔

زہرہ شروع سال سے طالع میں رہنے کے بعد ۴ فروری کو خانہ مال میں آجائے گا۔ اس وقت ضرورت سے زیادہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ ۱۸ جنوری کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہوگی۔ لوگوں سے ملنا جلنا زیادہ ہوگا۔ ۲۲ جنوری کو زہرہ مشتری کا قران ہوگا مہمان زیادہ آپ کا وقت لیں گے۔ کوئی خاص مہمان اس ماہ آئے گا۔ کوئی تقریب زندگی کا اہم موڑ ثابت ہو گی۔

زہرہ تیسرے گھر میں ۲ سے ۲۶ مارچ تک رہے گا۔ آپ کے دوستوں کے حلقے میں وسعت آئے گی۔ سیر و تفریح یا تعلیمی سرگرمیوں کی وجہ سے سفر کریں گے۔ ۲۱ مارچ کو زہرہ مشتری کی تسدیس اور ۲۷ مارچ کو زہرہ یورنس کی تسدیس ہوگی۔ کچھ نئے پراجیکٹ پر کام شروع ہوگا جس سے ذہنی وسعت میں اضافہ ہوگا۔ ستارہ زہرہ اس سال شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ۱۰ جون کو داخل ہوگا۔ یہ وقت شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون و اطمینان لائے گا۔

جہاں ۲۴ اگست کو زہرہ مریخ کا قران، ۲۶ اگست کو زہرہ یورنس کی تثلیث ہوگی۔ یہ وقت جذباتی تناؤ کا خاتمہ کر دے گا اور محبت کی بنیادوں پر قائم تعلقات کو مزید مضبوط بنا دے گا۔ وہ افراد جن کی شادی کی راہ میں رکاوٹیں حائل رہی ہیں وہ بھی اب دور ہو جائیں گی اور جن لوگوں کی اس وقت شادی ہوگی۔ انہیں اس تعلق کے ذریعے سکون اور خوشی ملے گی۔ اگست میں محبت کے معاملات اور سفر میں گہرا تعلق ہوگا۔ سفر کے ذریعے کوئی اہم شخصیت زندگی میں داخل ہوگی یا کوئی غیر ملکی شخصیت پسند آئے گی یا کوئی علاقہ بہت پسند آئے گا۔

زہرہ یکم، ۷، ۲۹ ستمبر، ۲۲، ۲۵، ۱۳۱ کتوبر، ۲۴، ۲۸ نومبر اور ۳، ۱۱ دسمبر کو سعد نظر قائم کرے گا۔ ان دنوں مالی معاونت حاصل کرنے، اسکیم بنانے یا اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوں گی۔ ان تاریخوں میں نسبت و شادی کرنے، تعلقات کی تجدید نو کرنے، بونس ملنے، کسی قسم کی وصولی ہونے، تحفہ ملنے یا انعام نکلنے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے۔

مشتری طالع میں ایک سال تک یہاں رہے گا۔ مشتری کی طالع میں موجودگی خوش بختی لاتی ہے۔ سوچ اور ذہن کو وسعت ملتی ہے اور جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول کے لئے زائد مواقع اور ترغیب ملتی ہے۔ مشتری طالع میں ہو تو گھر کے افراد میں اضافہ لاتا ہے۔ شادی یا بچہ کی پیدائش سے نئے افراد گھر میں داخل ہوتے ہیں۔ کسی پالتو جانور کی آمد بھی ہو سکتی ہے۔ آرٹ، ادب، سرکاری ملازمت یا مذہب سے متعلقہ شعبوں میں کام کرنے والوں کے لئے ترقی لاتا ہے۔

یہ افراد فطرتاً خود اعتماد اور دوسروں پر سبقت لے جانے والے ہوتے ہیں۔ مشتری کی موجودگی کے دوران ان کی یہ خصوصیات نمایاں ہو جائیں گی اور وہ زیادہ باقوت اثر مرتب کر سکیں گے۔ درحقیقت شروع سال کے چار ماہ اور آخر سال کے تین ماہ کئی لحاظ سے خوش قسمت ہونگے۔ ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا مالی اور سماجی مرتبے میں اضافہ ہوگا۔ زندگی میں خوش امیدی کا احساس پیدا ہوگا۔ اپنی دلچسپیوں اور سرگرمیوں کو وسعت دینے، ان میں تبدیلی لانے اور کوئی بالکل نیا کام کرنے کا موقع بھی ملے گا۔ مشتری ۱۰ اپریل سے ۱۱ اگست تک رجعت میں رہے گا۔

وہ افراد جو کاروبار شروع کرنا یا موجودہ کاروبار کو ترقی دینا یا کسی جاہ طلبی کا حصول چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت حوصلہ افزا حالات لائے گا۔ اس وقت جن نئے لوگوں سے واقفیت ہوگی وہ بے حد خوش قسمت اور مددآور ثابت ہوں گے یا پھر آپ خود ایسی پوزیشن میں ہوں گے کہ دوسروں کی مدد کر سکیں۔ جو حالات بھی ہوں اس میں کوئی شک نہیں کہ مشتری آپ کی فطری فیاضی میں مزید اضافہ کر دیگا۔ ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲، ۲۵ جنوری، ۴، ۸ فروری، ۲۱ مارچ، ۱۴ اپریل، ۳، ۹ مئی، ۲۵ جولائی، ۷، ۹، ۲۱ اگست، ۲۵، ۲۹ ستمبر، ۱۳، ۱۱ کتوبر، ۱۱، ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

سال کے وسط کے تین مہینوں میں کواکب حالات میں تنوع اور سرگرمی کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ بعض افراد سے خاصے لمبے عرصے بعد ملاقات ہو سکے گی۔ اس وقت جو خطوط اور پیغامات موصول ہوں گے وہ آپ کے حوصلے بلند کر دیں گے یہ بھی امکان ہے کہ کوئی رشتہ دار یا دوست کسی خوشگوار تقریب کا اہتمام کرے گا۔ ۱۲۷ کتوبر کو مریخ زحل کی تربیع اور ۲۸ کو شمس یورنس کا مقابلہ ہوگا۔ یہ ماہ گھریلو اختلافات اور جھگڑے کے باعث سخت تکلیف دہ ثابت ہوگا۔ جائیداد، کاروبار اور مالی معاملات سے متعلقہ کئی امور کھل جائیں گے۔

۸ فروری، ۱۴ اپریل، ۷ اگست، ۱۳ اکتوبر کو شمس مشتری کی سعد نظریں بنیں گی۔ جس سے پیشہ وارانہ معاملات میں خوشگوار حالات اور غیر متوقع مالی خوش بختی کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت اس قابل ہوں گے کہ اپنے منصوبوں کی از سر نو تعمیر کر سکیں۔ اس طرح سال کا اختتام آپ کے معاملات میں سرگرمی اور وسعت کی نشاندہی کر رہا ہے۔

مریخ شروع سال سے ۱۴ فروری تک پانچویں گھر میں ہوگا۔ چنانچہ یہ آپ کے جوش و خروش اور جذبے میں اضافہ کرے گا۔ شخصیت کو پرکشش بنائے گا۔ جس کی وجہ سے سوشل زندگی اور مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، کھیلوں یا تفریح کی دنیا میں نام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت کامیابی لائے گا۔ وہ افراد جو آرٹسٹک سرگرمیوں یا کھیلوں کے ذریعے روپیہ کمانا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت خواہشات کی تکمیل لا سکتا ہے۔ ۲۱ جنوری کو مریخ زحل کی

ترپیع ہوگی۔ یہ وقت کسی اہم کاروباری تعلق یا دوستی کو ختم کردے گا یا کسی کے اوپر مکمل بھروسہ ہونے سے بڑے نقصان سے دوچار ہونگے۔شادی اور نسبت کے معاملے بھی ختم ہوجائیں گے۔

مریخ یکم اپریل سے ۱۶ مئی تک طالع کے مقابل رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران زائد قوت وطاقت عطا کرے گا۔لہذا اپنی مرضی کے مطابق کام کرسکیں گے۔اس دوران اپنے آپ کو اکثر بے چین محسوس کریں گے۔ پابند کرنے والے معمولات سے نجات پانا چاہیں گے۔اکثر افراد بڑی کامیابی سے ان پابندیوں سے نجات بھی حاصل کرلیں گے اور انہیں نئی سمت میں آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ یہ وقت زندگی میں اہم تبدیلیاں لائے گا۔

۱۰ اپریل کو شمس زحل کی ترپیع اور ۲۷ اپریل کو مریخ نپ چون کی ترپیع ۶ مئی کو مریخ مشتری کا مقابلہ طالع کے مقابل گھر میں ہونے کی وجہ سے نئی تبدیلیاں آئیں گی۔شراکت دار' دوست' مخالفت رکھنے والے افراد نقصان دیں گے۔اگر آپ خود فراڈ کے کام میں ملوث ہونگے یا پھر آپ کے قریبی ساتھی فراڈ میں ملوث ہونگے۔کاروباری وسعت' ذاتی دلچسپیوں اور مالی بہتری کے لئے حکمت عملی اپنائیں۔تاہم زائد آمدن کی فوری اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔

ستارہ مریخ ۷ امئی سے یکم جولائی تک آٹھویں گھر میں رہیگا اور مریخ ۲۲ مئی کو یورنس سے تسدیس اور ۱۴ جون کو مریخ نپ چون سے تثلیث اور زحل سے مقابلہ کی نظر قائم کرے گا۔اگر آپ شادی شدہ ہیں یا کسی نوعیت کی قریبی شراکت میں ملوث ہیں تو اس وقت وسائل کے استعمال سے متعلق اختلافات کھل کر سامنے آئیں گے۔ یہ وقت تمام مالی معاملات میں ایمانداری کا متقاضی ہوگا۔ یہ خطرہ ہوتا ہے کہ آپ یا آپ کا شریک غلط راستہ اختیار نہ کرلے۔ لہذا یاد رکھئے کہ اگر پیچیدگیاں اور الجھنیں پہلے ہی موجود ہیں تو کوئی ایسا قدم ہرگز نہ اٹھائیں جو معاملات کو مزید بدتر کردے۔

عطارد ۶ سے ۲۹ جنوری تک خانہ مال میں رہے گا۔آمدنی میں اضافے کے لئے مختلف مواقع کی تلاش کے لیے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔اگر آپ محنت کرنے سے نہ ڈرے تو آمدنی میں اضافے کے لئے نیا کام شروع کرسکیں گے۔ عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک چوتھے گھر میں رہے گا اسے ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت واستقامت رہے گی۔سفر، تعلیمی سرگرمیوں اور تعلقات میں التواء سے واسطہ پڑے گا۔گھر میں بھی پریشانی سے تعلیم میں رکاوٹ آئے گی۔ ۱۸ اپریل کو پانچویں گھر میں آئے گا تو عطارد مشتری کی تسدیس کی وجہ سے کاروباری افراد جو آنے والے مہینوں میں اپنی سرگرمیوں میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں کو اکب ان کی موافقت میں ہوں گے۔تاہم یکم مئی کو عطارد زحل کی ترپیع ،۸ کو یورنس سے قران ہوگا۔ اس وقت ظاہری حالتیں دھوکہ دیں گی۔کسی بھی مشکوک کام میں ہاتھ نہ ڈالیں۔اس وقت کسی بھی مالی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔نہ ہی کسی بڑے پراجیکٹ میں حصہ لیں۔

عطارد ۳۰ اگست کو وتد السماء پر آجائے گا۔ یہ ستارہ یکم' ۳' ۴' ۵' ۹ ستمبر کو سعد نظر قائم کرے گا۔ان دنوں ملازمت پیشہ افراد کو نئی ملازمت کی پیشکش یا غیر متوقع ترقی کی خبریں ملیں گی۔۲۲' ۲۷ ستمبر مالی معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہوں گی۔ان تاریخوں میں قیمتی اشیاء کی خریداری کرتے ہوئے خاص طور پر محتاط رہیں۔عطارد ۴ ا اکتوبر کو بارہویں گھر ہوگا اسے یہاں ۳۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رجعت واستقامت رہے گی۔لہذا آپ کی توقعات جس سے بھی ہوں وہ پوری نہ ہونگی۔مالی سودے بازی نہ کریں۔قانونی معاہدات وجائیداد کے امور میں غلطیاں ہونگی۔کیریئر اور جاہ طلبی کے لحاظ سے اگر اہم فیصلے کرنے ہیں۔صحیح وقت پر صحیح لوگوں سے رابطہ قائم نہ ہوگا۔

عطارد ۴ فروری' ۳ مئی' ۲۱ اگست' ۲۵ ستمبر کو مشتری کے ساتھ سعد نظر بنائے گا جس سے فاضل اوقات کے مشاغل پر دباؤ پڑے گا۔کسی مشغلے کو آمدنی کا ذریعہ بنانے کی نشاندہی ہورہی ہے۔اس وقت اگر کسی شخص کی شراکت میں کام کرنے کا موقع ملے تو اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں کیونکہ یہ ایک خوش قسمت قدم ہوگا۔دراصل آمدنی میں اضافے کے لئے نئے ذرائع کی تلاش بہت موافق ثابت ہوگی۔ چنانچہ اپنی صلاحیتوں اور ذہانت کو کسی نفع بخش کام میں استعمال کرنے کے متعلق سنجیدگی سے سوچیں۔کیونکہ اب کسی بھی تخلیقی صلاحیت کے ذریعے روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ایسی صلاحیتوں کی بنیاد پر ہی اب خود مختار طرز زندگی اختیار کرنا آپ کے ہاتھ میں ہوگا۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل ج - خ - گ ہے

جدی والوں کے طالع میں زحل کے ہونے کی وجہ سے معاملات زندگی میں تبدیلی آئے گی۔آنے والے وقت میں روپیہ کی قدر وقیمت میں واضع فرق آئے گا۔جن کے ارادے ذرا مضبوط ہوئے وہ اپنے ارادوں' اسکیموں اور تخیلات کو تبدیل کرکے حالات کے مطابق کرلیں گے۔بعض کو شادی یا بوڑھے والدین کا بوجھ آن پڑے گا۔کافی دوست بنائیں گے' جو ان کی مدد کریں گے اور سوشل مصروفیات پیدا کریں گے۔

زحل طالع میں داخل ہوچکا ہے یہاں یہ دوسال تک رہے گا۔اگر آپ نے معاملات کو درست رکھا ہے اور محنت کی تو باطنی لحاظ سے آپ بے حد مضبوط ہوجائیں گے اور قابل قدر تجربات سے بھی واسطہ پڑے گا۔گزشتہ دوسال کے عرصہ کے دوران جو کچھ سیکھا ہوگا وہ اب مستقبل میں آپ کے کام آئے گا۔زحل ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔

برج جدی میں زحل کو اعلیٰ قوتوں کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔اس کے ہونے کی وجہ سے زندگی میں بہت سی تبدیلیاں آئیں گی۔ان تبدیلیوں کو سمجھنا بے حد ضروری ہے۔ورنہ زندگی ایک ایسے رخ پر چلے گی جسے بہتر نہیں کہا جاسکتا۔غم وفکر کے علاوہ کاموں میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔منصوبے تکمیل نہ ہو پائیں گے۔جدی والے افراد اگر اپنے ماضی پر نظر دوڑائیں تو معلوم ہوگا کہ زندگی بدل چکی ہے بعض چیزوں کو وہ اب فضول سمجھیں گے اور ان کو چن چن کر نکال دیں گے۔جن کے ارادے ذرا مضبوط ہوئے وہ اپنے ارادوں ، اسکیموں اور تخیلات کو تبدیل کرکے حالات کے مطابق کرلیں گے۔اہم مالی معاملات طے کرنے کے لئے زحل ۲۰ فروری' ۹' ۱۴ مارچ' ۷' ۱۲ اپریل' ۱۱' ۱۷' ۳۱ مئی' یکم' ۵' ۷' ۹ ستمبر' ۱۴' ۲۰ ا کتوبر' ۸' ۳۰ نومبر' ۹ ا دسمبر موافق تاریخیں ہیں۔

زحل مریخ کے ساتھ ۲۱ جنوری اور ۲۷ ا کتوبر کو ترپیع اور ۱۷ ۱۲ اپریل' ۱۴ جون اور ۱۴ ستمبر کو نحس نظرات قائم ہونگے۔جس سے اس بات کی نشاندہی ہورہی ہے کہ کوئی بہت بڑا نقصان ہونے والا ہے جس سے آپ کی شخصیت بری طرح متاثر ہوگی۔کوئی پرانا دوست یا گھر کے افراد زمین' جائیداد اور روپے کے حصول میں دشمنی پر اتر آئیں گے۔اس نظر کے قریب جدی سے متعلقہ افراد کی زندگی میں اہم واقعات رونما ہوں گے۔جس بات یا جس شخص سے ہمیشہ تنگ تھے وہ اب ختم ہوجائے گی فکرمندی دور ہوگی۔۲ جنوری' ۱۰ اپریل' ۹ جولائی اور ۱۸ ا ا کتوبر کو شمس زحل سے نحس نظر بنائے گا۔اس کے اثرات کا دارومدار نیت پر ہوگا۔کیریئر اور ملازمت کے معاملات بری طرح متاثر ہونگے۔غلط الزامات کے ذریعے سروس سے نکالا جاسکتا ہے۔بے حد محتاط رویہ اختیار کریں اور ساری خبروں پر توجہ دیں۔۷ اگست کی نظر بیرون ملک تجارت کرنے کے مواقع لائے گی۔اس وقت بڑے معاہدات اور سرمایہ کاری کے لیے سفر کریں گے۔

مشتری شروع سال سے ۲ دسمبر تک بارہویں گھر میں رہے گا۔اس گھر میں مشتری کے داخلے کے ساتھ ہی تبدیلی کا آغاز ہوچکا ہے۔مشتری ۱۰ اپریل سے ۱۱ ا اگست تک رجعت میں رہے گا۔ چنانچہ غیر یقینی کی کیفیت رہے گی۔اگست میں مستقیم ہونے کے بعد اب معاملات کو مکمل کرنے کے لئے ضروری اعتماد حاصل ہوگا۔پس پردہ صورتحال آپ کی موافقت

میں ہوگی۔ یہ وقت سخت محنت کا ہوگا۔ لیکن جو کچھ حاصل کرنا چاہیں گے اسے حاصل کرسکیں گے۔ ماضی سے نجات حاصل کرنے اور زندگی کو ازسرنو ترتیب دینے میں بے حد محنت صرف ہوگی۔ ان افراد کو خود بھی درپردہ مدد آور اثرات کی موجودگی کا احساس ہونے لگے گا۔ ۸ فروری کو شمس مشتری کی تسدیس، ۱۴ اپریل کو شمس مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت اپنی ایسی باطنی اور خفیہ قوتوں سے آگاہ ہوں گے جو اکثر رہنمائی کرتی ہے۔ وہ افراد جو اپنی وجدانی صلاحیتوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے مشتری ۲۲، ۲۵ جنوری، ۴، ۸ فروری، ۲۱ مارچ، ۱۴ اپریل، ۳، ۹ مئی، ۲۵ جولائی، ۷، ۹، ۲۱ اگست، ۲۵، ۲۹ ستمبر، ۱۳، ۱۱ اکتوبر، ۱۱، ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

مواقع عین اس وقت میسر آئیں گے جب آپ کو ان کی بالکل کوئی توقع نہیں ہوگی۔ یہ درپردہ مدد مشتری کی طرف سے ہوگی۔ پس پردہ حالات جو شکل اختیار کریں گے ان کے آپ پر دوررس اور مفید اثرات مرتب ہوں گے۔ شاید کسی ایسے شخص سے ملاقات ہوگی جو آپ کو اپنی صلاحیتوں کو زیادہ بہتر طور پر استعمال کرنے کے لئے نئے خیالات اور مشورے دے گا۔ مشتری صحت یابی کی زبردست قوت عطا کرے گا وہ افراد جو خاصے لمبے عرصے سے بیماری کا شکار ہیں آنے والے مہینوں میں ان کی صحت یابی کی رفتار تسلی بخش ہوجائے گی یا اگر کسی رشتہ دار یا دوست کی صحت کی طرف سے فکرمند ہیں۔ تو بہت جلد اس کی حالت میں نمایاں بہتری دیکھیں گے۔

زہرہ تیسرے گھر میں ۲۷ مارچ سے ۲۰ اپریل تک رہے گا۔ آپ کے دوستوں کے حلقے میں وسعت آئے گی۔ سیر وتفریح یا تعلیمی سرگرمیوں کی وجہ سے سفر کریں گے۔ ۲۷ مارچ کو زہرہ یورنس کی تسدیس ہوگی۔ کچھ نئے پراجیکٹ پر کام شروع ہوگا جس سے ذہنی وسعت میں اضافہ ہوگا۔

زہرہ ۱۶ مئی کو پانچویں گھر میں داخل ہوگا یہاں یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ اس وقت نقد زر کے بہاؤ میں آسانی رہے گی۔ زہرہ چونکہ آسائشات اور تعیشات سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا سیر وتفریح اور زندگی کو آسان بنانے والی اشیاء پر روپیہ خرچ کرنے کے لحاظ سے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون واطمینان لائے گا۔ ۳۰ مئی کو زہرہ نپ چون کی تسدیس، ۳۱ مئی کو زحل سے تثلیث ہوگی۔ وہ لوگ جن کی ماہ مئی یا آنے والے مہینوں میں شادی ہونے والی ہے ان کے لئے خوشگوار مستقبل کی نشاندہی ہورہی ہے۔

زہرہ ۴ جولائی سے ایک بار پھر محبت کے معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ ۸ جولائی کو زہرہ یورنس کی تسدیس، ۱۸ کو زہرہ نپ چون کی تثلیث اور ۲۵ کو زہرہ عطارد کا قران کی سعد نظر بنائے گا۔ ان نظرات کا اثر خاصا ڈرامائی ہوگا۔ جو لوگ مثالی ساتھی کی تلاش میں ہیں انہیں خوشگوار حالات سے واسطہ پڑے گا۔

زہرہ ۲۹ جولائی کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ ۱۸ جولائی کو زہرہ نپ چون کی تثلیث خواہشات کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کر دے گی۔ ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے ۹ اگست کو زہرہ مشتری کی تثلیث، ۲۴ کو زہرہ مریخ کا قران خاص طور پر سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ وہ لوگ جن کی اگست یا مستقبل قریب میں شادی ہونے والی ہے۔ انہیں خوش بختی اور جذباتی سکون وہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔ ۲۷ نومبر کو زہرہ طالع میں داخل ہوگا تو شادی شدہ افراد کو شریک کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی۔

زہرہ ۱۹ اکتوبر سے یکم نومبر تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ زہرہ یہاں دوستوں کے حلقے کو بڑھا دے گا۔ اپنی دلچسپی اور سرگرمیوں میں مصروف رہیں گے۔ ۲۰ اکتوبر کو زہرہ زحل کی تسدیس ہوگی۔ اس وقت جانے پہچانے راستوں پر چلنا ہی ترقی اور کامیابی دے گا۔ اس وقت روپے کی آمد ورفت میں آسانی پیدا کرے گا۔ زہرہ ۲۷ نومبر سے ۲۰ دسمبر تک طالع میں رہے گا۔ یہ وقت سوشل زندگی اور سفر وتفریح کے زائد مواقع لائے گا۔ طالع میں ۲۸ نومبر کو زہرہ یورنس کی تثلیث کی سعد نظر قائم ہوگی۔ جس سے حالات کو تقویت ملے گی۔ نیز یہ نظر مادی خوش بختی بھی لائے گی اور یہ احساس پیدا کرے گی کہ جاہ طلبیوں اور مقاصد کے لحاظ سے صحیح سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ زہرہ محبت کے معاملات کو اہم بنادے گا۔

عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس دوران ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت میں رہے گا۔ مالی لین دین، سفر اور تعلقات میں احتیاط رکھیں۔ ۱۹، ۲۳ فروری، ۱۲ اپریل کی خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ عطارد چھٹے گھر میں ۷ مئی کو داخل ہوگا۔ ۸ مئی کو عطارد یورنس کا قران ہوگا اس وقت ملنے والی خبریں اور معلومات غلط راہ پر ڈالنے والی ہوں گی۔ بہتر ہوگا کہ اہم فیصلے کرنے یا اندازے قائم کرنے سے قبل حقائق کو خود اچھی طرح جانیں۔ اس کے لئے خواہ ایک کام کو دوبارہ ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ عطارد ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۲۱ مئی، ۷ جون کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں تخلیقی سرگرمیوں اور ایسے ہم خیال افراد کی تلاش کے لحاظ سے موافق ثابت ہوں گی جو آپ کی فاضل اوقات کی سرگرمیوں، فنون لطیفہ اور دستکاری جیسی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔

عطارد ۵ سے ۲۶ جون تک طالع کے مقابل رہے گا۔ یہ ستارہ ۱۶ جون کو زحل سے مقابلہ، ۱۸ کو مریخ سے قران، ۱۹ کو پلوٹو سے مقابلہ ہوگا۔ اس وقت آپ کو یہ پتہ چلے گا کہ کوئی کاروباری شراکت آپ کو برباد کردے گی۔ مالی معاہدات میں احتیاط سے کام لیں۔ لہٰذا آنے والے ہفتوں میں کچھ بے حد مفید اور بااثر لوگوں سے تعلقات قائم ہوں گے۔ شروع جولائی اہم کاروباری گفت وشنید، قانونی معاملات حل کرنے یا طویل المعیاد معاہدات پر دستخط کے لحاظ سے بہت موافق وقت ہوگا۔

دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے، خاص دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانے کی غرض سے مدد آور تعلقات میں اضافہ کرنے کے لحاظ سے یہ وقت بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ عطارد آٹھویں گھر میں ۲۷ جون سے ۲۹ اگست تک رہے گا۔ تاہم عطارد کو ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت رہے گی۔ ۱۶ اگست خاص طور پر احتیاط کی متقاضی ہوگی۔ اگر کسی کے ساتھ مالی یا کاروباری شراکت ہے تو اس کے قریب قریب کسی نوعیت کی ازسرنو ترتیب کے لئے تیار رہیں۔ یہ وقت مالی لحاظ سے خطرات مول لینے کا نہیں ہوگا۔ طویل المعیاد استحکام پر توجہ رکھیں۔ نیز مشترکہ مالی اور کاروباری معاملات میں شریک کی مکمل تائید ضرور حاصل کریں۔

مریخ چوتھے گھر میں ۲ جنوری سے ۱۴ فروری تک رہے گا۔ ۲۱ جنوری کو زحل سے تربیع اور ۲ فروری کو پلوٹو سے تربیع ہونے کی وجہ سے والدین کی صحت، جائیداد کا روپیہ، کاروبار، کیرئیر، ترقی میں نقصان پہنچائے گا یا عزت وشہرت کو نقصان پہنچے گا۔ گھر سے بے گھر بھی ہوسکتے ہیں۔ ۲ جنوری کو شمس زحل کا قران، ۱۹ جنوری شمس یورنس کی تربیع بھی کیرئیر کے معاملات میں اور کاروباری امور میں نقصان دے سکتی ہے۔

ستارہ مریخ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات سے متعلقہ گھر میں یکم اپریل سے ۱۶ مئی تک رہے گا۔ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات کے لحاظ سے اپریل اہمیت کا حامل ہوگا۔ یہ وقت بعض افراد کے لئے ترقی لائے گا۔ اگر کام کی صورتحال بہتر بنانا یا ذاتی کام شروع کرنا چاہتے ہیں تو آخر مئی تک بھرپور کوشش کریں۔ یکم مئی کو عطارد مریخ سے تسدیس، ۱۴ مئی کو زہرہ مریخ کی تسدیس اور ۲۲ مئی کو مریخ یورنس کی تسدیس ہوگی۔ شروع مئی سے کچھ ایسی تبدیلیاں آئیں گی جو موجودہ کام کی صورتحال یا کیرئیر پر اثر انداز ہوں گی اور ترقی سے متعلق آپ کی امیدیں پوری ہوں گی۔ مستقبل میں مقاصد کے حصول سے متعلق ضروری بنیادیں رکھنے کا کام کرنا اس وقت بہتر رہے گا۔

مریخ ۱۷ مئی سے یکم جولائی تک طالع کے مقابل گھر میں گزارے گا۔ ۱۴ جون کو مریخ زحل کا مقابلہ اور ۲۰ جون کو پلوٹو کے ساتھ سخت نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ گھریلو انتشار کے لئے تیار رہیں۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو اس وقت ان سے تعلقات میں خرابی پیدا ہوگی۔ شریک زندگی، دوستوں اور رشتہ داروں کے ساتھ سخت جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔ نئے بننے والے تعلقات بھی ختم ہوجائیں گے۔ شراکت داری کے معاملے ہوں یا ساتھ کام کرنے والے افراد سب کے ساتھ حکمت عملی سے پیش آنا ہوگا۔ ان تاریخوں کے قریب قریب گھر میں حادثات پیش آنیکا اندیشہ بھی ہے۔ چنانچہ بہت محتاط رہیں۔ مریخ ۲۴ اگست، ۲، ۲۳، ۱۴ ستمبر، ۱۷، ۱۲ اکتوبر، ۵، ۲۴ نومبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

زحل شروع سال سے بارہویں گھر میں قدم جما چکا ہے۔ زحل ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ یہاں یہ سخت محنت اور کوشش کے ذریعہ کامیابی دیتا ہے اور ان لوگوں کی حمایت کرتا ہے جو الگ تھلگ رہ رہے ہوں۔ رجعت میں ہونے کی وجہ سے مالی امور میں سختی لائے گا۔ تاہم مالی امور کے معاملات میں بہت زیادہ لوگوں پر اعتماد اور بھروسہ نہ کریں، لوگ فریب دیں گے تو کسی وجہ سے دشمنی یا مخالف کریں گے۔ فکرمندی آئے گی۔ زحل ۲، ۱۳، ۲۱ جنوری ۱۸ فروری، ۱۰ اپریل، ۱، ۷ مئی، ۱۴، ۱۶ جون ۹، ۱۷ جولائی، ۲۲، ۲۶ ستمبر، ۱۸ اکتوبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

ان دنوں چوری یا ڈاکہ زنی کے خطرات پائے جاتے ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ آپ اپنی صحت پر مکمل توجہ دیں۔ بیماری فوراً آئے گی۔ لوگوں سے ہم آہنگی ہوگی۔ سماجی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ گھر میں ریٹائر زندگی قطعی نہ گزاریں بلکہ کام کریں۔ بے کاری جسم کو ناکارہ بنا دے گی۔ ۲ جنوری کو شمس زحل کا قران، ۲۱ جنوری کو مریخ و زحل کی تربیع اور ۲ فروری کو مریخ پلوٹو کی تربیع ہوگی۔ اس وقت بہت احتیاط کی ضرورت ہے اپنے قریبی ساتھی اور رشتہ داروں کے ساتھ کسی کام میں شامل نہ ہوں نہ کسی پر اعتبار کریں اور یہی معاملات آپ ۱۱۸ اکتوبر کو شمس زحل کی تربیع، ۱۲۷ اکتوبر کو مریخ و زحل کی تربیع اور ۵ نومبر کو مریخ پلوٹو کی تربیع ہوگی تو یہ معاملات دوبارہ سر اٹھائیں گے۔ اس تاریخ کے نزدیک قانونی معاملات میں نہ الجھیں بلکہ قانونی مشورہ کریں۔ فیصلہ جتنی جلدی ہو بہتر رہے گا ورنہ دیری پریشانی میں مبتلا کرے گی۔ اپنے دوستوں، رشتہ داروں اور ہمسایوں سے ملاقاتیں رکھیں مگر وعدوں پر زیادہ اعتماد اور بھروسہ نہ کریں۔

مشتری دوستی، امیدوں اور خواہشات کے گھر میں موجود ہوگا اور ۲ دسمبر تک یہاں رہے گا۔ آپ کی عمر اور حالات خواہ کچھ ہوں۔ نئے اور پرانے دوست آپ کے معاملات میں مددآور اور مفید کردار ادا کریں گے اور اہم مقاصد کے حصول میں مدد دیں گے۔ دراصل اس وقت دوستی کے معاملات آپ کی زندگی میں خوش قسمت کردار ادا کریں گے۔ سوشل زندگی بھی خاصی سرگرم ہو جائے گی۔ مشتری کا تعلق چونکہ ذہنی سرگرمیوں سے بھی ہے۔ اس لئے یکساں دلچسپیاں رکھنے والے افراد سے رابطہ قائم کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث افراد اس وقت ایسے لوگوں سے متعارف ہو سکیں گے یا ایسے لیکچروں میں شرکت کر سکیں گے۔ جو دنیا سے متعلق سوچ اور نقطۂ نظر پر گہرا اثر مرتب کریں گی، دوسروں سے رابطے اور گفت و شنید اور شاید سفر کے ذریعے بھی ذہن کو وسعت ملے گی۔ وہ افراد جو روحانی علوم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں اس وقت ایسے لوگوں سے ملنے کی کوشش کرنی چاہئے جو مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔

اس سال مشتری ۱۰ اپریل سے ۱۱ اگست تک رجعت میں رہے گا۔ سوشل تعلقات کی اعلیٰ قدریں قائم کرے گا۔ دوست اور حلقہ کے لوگ مدد کریں گے۔ کام اور امیدوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ دل مذہب، مذہبی انجمنوں اور خدمت خلق کے کاموں کی طرف رجوع کرے گا۔ ہمسایوں سے اور برادری میں بہتر تعلقات پیدا ہوں گے۔ مشتری اس سال کو ایک فن کا درجہ دے گا۔ جہاں لوگ تمہیں خوش دیکھنا پسند کریں گے۔ جو گھر کے افراد ہیں ان کی طرف خاص توجہ دیں۔ ان

کے لئے خوش امیدی رکھیں۔ ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲، ۲۵ جنوری، ۴، ۸ فروری، ۲۱ مارچ، ۱۴ اپریل، ۳، ۹ مئی، ۲۵ جولائی، ۷، ۹، ۲۱ اگست، ۲۵، ۲۹ ستمبر، ۱۳، ۱۱ اکتوبر، ۱۱، ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

مریخ ۲ جنوری سے ۱۴ فروری تک تیسرے گھر میں ہوگا اس ماہ یہ باقوت طاقت دے گا جس سے لوگ آپ کے مداح ہونگے الفت اور محبت کریں گے۔ ایسا ۱۸ جنوری کے نزدیک ہوگا جب زہرہ مریخ کی تثلیث ہوگی۔ ۲ جنوری کو شمس زحل کا قران، ۲۱ جنوری کو مریخ زحل کی تربیع اور ۲ فروری کو مریخ پلوٹو کی تربیع ہوگی۔ ان دنوں میں رشتہ داری، دوستوں کے ساتھ تعلقات، سفر کے معاملات اور تعلیمی سرگرمیوں میں پریشانی آئے گی۔ فساد اور دشمنی کی کیفیت رہے گی۔ کوئی بھی نقصان دے سکتا ہے۔

مریخ ۱۵ فروری سے ۳۱ مارچ تک چوتھے گھر میں ہوگا۔ چنانچہ اس وقت بنیادی توجہ گھریلو معاملات کی طرف رہے گی۔ ۲۸ فروری کو شمس مریخ کی تسدیس، ۱۰ مارچ کو مریخ نپ چون کی تسدیس ہوگی۔ اگر جائیداد یا گھر کی مرمت یا اسے بہتر بنانے کا کام کرنا چاہتے ہیں یا گھر کی خریداری کا معاملہ چل رہا ہے تو مریخ آپ کی موافقت میں ہوگا۔ ۱۴ مارچ کو مریخ زحل کی تثلیث ہوگی۔ اگر آپ گھر کی تلاش میں ہیں تو آپ کو من پسند گھر مل جائے گا۔ یہ وقت ایسا ہے کہ جائیداد کے حصول سے متعلق آسانیاں پیدا ہونگی اور ہر شخص آپ سے مالی تعاون کرنے پر تیار ہوگا۔ یہ وقت آپ کی پریشانیوں کو ختم کر دے گا۔

مریخ ۱۷ مئی سے یکم جولائی تک چھٹے گھر میں رہے گا یہاں یہ ۲۲ مئی کو مریخ یورنس کی تسدیس اور ۱۴ جون کو مریخ نپ چون کی تثلیث، ۱۸ جون کو عطارد مریخ کا قران ہوگا۔ اہم معاہدات، ترقی روزگار اور سرمایہ کاری کی پیش رفت کے لیے سعد وقت ہے۔ ۲۰ جون کو کسی بھی معاملے کو انتہا پر نہ لے جائیں۔ کاروباری معاملے میں حکمت عملی سے پیش آئیں۔ دشمن نہ بنائیں۔ مریخ ۲ جولائی سے ۱۸ اگست سے طالع کے مقابل رہے گا۔ ۲۵ جولائی کو مریخ مشتری کی تثلیث ہے۔ مریخ کی یہ پوزیشن ان افراد کی صلاحیتوں اور قوتوں کی آزمائش لائے گی۔ جن کا کام مسابقتی نوعیت کا ہے۔ تاہم مشتری موافقت میں ہے۔ لہٰذا رکاوٹوں پر قابو پانے کے قابل بنائے گا۔ شادی شدہ زندگی اور کاروباری شراکتی معاملات کے لحاظ سے یہ وقت غیر موافق نہیں ہوگا۔ لیکن اس وقت آپ میں زائد بے صبری اور بے چینی کی وجہ سے باطنی تناؤ پیدا ہوگا۔

مریخ ۲۰ نومبر سے سال کے آخر تک زائچے کے وتد السماء پر ہوگا۔ جس سے اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ سال کا اختتام موافق انداز میں ہوگا۔ ترقی و مالی فائدے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ وہ افراد جن کے نزدیک کیریئر کے معاملات اہمیت رکھتے ہیں۔ انہیں اہم مقاصد اور دلچسپیوں کے لحاظ سے موزوں مواقع میسر آئیں گے۔ یہ بات بھی علم میں آئے گی کہ کسی فاضل کام کے ذریعے آمدنی میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ دراصل اس وقت کامیابی کا انحصار ذاتی کوششوں پر ہوگا۔ اگر صحیح اقدامات کئے اور بے خوفی سے آگے بڑھے تو کامیابی حاصل کر سکیں گے۔

مریخ ۱۲۷ اکتوبر کو زحل سے تربیع، ۵ نومبر کو پلوٹو سے تربیع، ۲۴ نومبر کو یورنس سے مقابلہ بنائے گا۔ جس سے اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ درپیش کاموں سے متعلق آپ ضرورت سے زیادہ پریشان ہوں گے۔ لیکن یہ بات ذہن میں رکھیں کہ سارے کام بیک وقت نہیں کئے جا سکتے۔ دوستوں کے ساتھ معاملات میں دھوکہ اور فریب ملے گا اور حسد و دشمنی کی بنا پر آپ کی ترقی اور اہم پوزیشن کو حاصل کر لیں گے۔

عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک خانہ مال میں رہے گا۔ آمدنی میں اضافے کے لئے مختلف مواقع کی تلاش کے لحاظ سے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ موقع کی تلاش میں رہے اور محنت کرنے سے نہ ڈرے تو آمدنی میں اضافے کے لئے نیا کام شروع کر سکیں گے۔ وہ کاروباری افراد جو آنے والے مہینوں میں اپنی سرگرمیوں میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں کواکب ان کی موافقت میں ہوں گے۔ اس دوران عطارد ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت میں رہے گا۔ ان دنوں دوستی اور رشتہ داری کے معاملات میں احتیاط رکھیں، غیر ذمہ دارانہ رویہ کی وجہ سے بہت سی امیدیں اور خواہشات دم توڑ دیں گی۔

عطارد ۲۲ مئی سے ۴ جون تک پانچویں گھر میں ہوگا۔ اس وقت فاضل اوقات کے مشاغل پر دباؤ پڑے گا۔ کسی مشغلے کو آمدنی کا ذریعہ بنانے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت اگر کسی شخص کی شراکت میں کام کرنے کا موقع ملے تو اس سے

ضرور فائدہ اٹھائیں۔ دراصل آمدنی میں اضافے کے لئے نئے ذرائع کی تلاش موافق ثابت ہوگی۔ چنانچہ اپنی صلاحیتوں اور ذہانت کو کسی نفع بخش کام میں استعمال کرنے کے متعلق سنجیدگی سے سوچیں۔ عطارد ۴' ۱۴' ۳۰ جنوری' ۸' ۱۰' ۲۰' ۲۳ فروری' ۷' ۱۱ اپریل' یکم' ۳' ۱۶' ۱۷' ۱۸' ۲۱' مئی' ۷' ۱۶ جون' ۲۱ اگست' یکم' ۵' ۹' ۱۳' ۲۵ ستمبر' ۱۴' ۱۶' ۲۰ اکتوبر' ۲۸' ۳۰ نومبر' ۳ دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

عطارد طالع کے مقابل ۲۷ جون سے ۲۹ اگست تک رہے گا۔ اسے ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت رہے گی۔ چنانچہ یہ وقت غلط فہمیاں پیدا کرے گا۔ جو معلومات حاصل ہوں گی' وہ غلط ہونگی۔ ۱۶ اگست کو قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ عطارد ۳ اور ۴ ستمبر کو شمس و مریخ سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ ان دنوں دھوکہ وفریب کا اندیشہ ہے۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ ان دنوں سرمایہ کاری' کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کرکے مسائل سے بچ سکیں گے۔

عطارد ۳۰ اگست سے ۱۴ ستمبر تک آٹھویں گھر پر رہیگا اور ۶ ستمبر کو عطارد مشتری کی تربیع ہوگی تو آپ کی توقعات کسی بھی مالی سودے بازی پر نہیں ہونی چاہیے۔ قانونی معاہدات و جائیداد کے امور میں غلطیاں کریں گے۔ کیرئیر اور جاہ طلبی کے لحاظ سے اگر اہم فیصلے کرنے ہیں تو ۵' ۷' ۱۳' ۲۵ ستمبر کو کریں۔ صحیح وقت پر صحیح لوگوں سے رابطہ قائم ہوگا۔ اہم رابطوں کے لحاظ سے اس وقت جو بھی تبدیلی لائیں گے وہ آنے والے مہینوں میں فائدہ مند ثابت ہوگی۔

عطارد وتد السماء پر ۱۴ اکتوبر سے ۹ دسمبر تک رہے گا۔ ۱۳ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک اسے رجعت رہے گی۔ ۱۴ اکتوبر کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی۔ جس سے ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ یہ وقت قانونی یا آفیشل معاملات کے لحاظ سے بہتر رہے گا۔ کیرئیر اور ملازمت کے معاملات میں بہتری آئے گی جب عطارد ۲۸ نومبر کو نپ چون سے تثلیث' ۳۰ نومبر کو زحل سے تسدیس اور ۳ دسمبر کو پلوٹو سے تسدیس کی نظر قائم کرے گا۔ سال کے آخر میں بہت سی الجھنیں دور ہوجائیں گی۔

زہرہ ۸ جنوری کو گیارہویں گھر میں آئے گا تو ۲۱ جنوری کو نپ چون سے تربیع' ۲۲ کو مشتری سے قران ہوگا۔ دوستوں کے ذریعے محبت کے معاملات میں سخت کشیدگی پائی جائے گی۔ اپنی رقم کا تقاضا بہت بھاری پڑے گا۔ اہم تعلق کسی کی غلط بیانی کی وجہ سے ٹوٹ جائے گا۔ یا پھر کسی مشترکہ منصوبے میں اہم پیش رفت کامیابی سے ہم کنار کرے گی۔

زہرہ ۲ سے ۲۶ مارچ تک طالع میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ کرے گا۔ زہرہ ۲۷ مارچ سے ۲۰ اپریل تک خانہ مال میں رہے گا۔ یہاں یہ باقوت رہے گا اس دوران یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو اپریل کے پہلے دو ہفتے مثبت اور فوری نتائج لائیں گے۔ ۲۱ مارچ کو زہرہ مشتری سے تسدیس' ۱۲ اپریل کو زحل سے تسدیس کی سعد نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ اس تاریخ کو یا اس کے قریب قریب مالی فائدے' معاہدے اور اہم تعلقات کی نشاندہی ہورہی ہے۔

زہرہ ۲۱ اپریل کو تیسرے گھر میں ہوگا اور ۹ مئی کو مشتری سے تثلیث بنائے گا۔ جس سے کوئی تحفہ یا بونس ملنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ جن افراد کی سالگرہ اس تاریخ کے آس پاس ہے۔ انہیں خوشگوار قسم کی تعجب انگیز باتوں کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ زہرہ ۲۹ جولائی سے ۲۱ اگست تک ساتویں گھر میں ہوگا۔ جس سے غیر شادی شدہ افراد کے لئے ایک نئے تعلق کے آغاز کی نشاندہی ہورہی ہے۔ ۷' ۹' ۱۴' ۲۴ اگست کو سعد نظر قائم کرے گا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف یہ کہ کسی مثالی شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا بلکہ یہ تعلق وقت کی آزمائش پر پورا اترے گا۔

۳ دسمبر کو زہرہ مریخ کی تسدیس' ۹ کو نپ چون سے تسدیس کی سعد نظریں محبت کے معاملات کے لئے خاص طور پر موافق ہونگی۔ جب کہ شادی شدہ افراد کے تعلقات میں مزید مضبوطی پیدا ہوگی۔ یہ وقت سیر و تفریح' سفر اور محبت کے معاملات کے لیے سعد ثابت ہوگا۔ کسی بے حد اہم شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے۔ یہ محض وقتی تعلق نہیں ہوگا بلکہ بے حد مضبوط ہوگا۔ کوئی ایسا شخص زندگی میں داخل ہوگا جو آپ کی حقیقی صلاحیتوں کی نشوونما میں مدد دے گا۔

۲۰۱۹ کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش فروری ۲۰ سے ۲۰ مارچ کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل - د - چ ہے

شروع سال سے مشتری عزت ووقار' کیرئیر اور جاہ طلبی کے گھر میں آجائے گا اور ۲ دسمبر تک یہاں رہے گا۔ جاہ طلبی اور دینوی مقاصد کے لحاظ سے یہ وقت کامیابی لائے گا۔ کیرئیر کو اہمیت دینے والے افراد ترقی کرسکیں گے۔ کیونکہ رکاوٹیں دور ہونے لگیں گی اور ترقی کرنے اور آگے بڑھنے کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔ وہ افراد جو بااختیار عہدوں پر فائز ہیں اور وہ جو بااختیار عہدوں پر پہنچنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ وقت خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ تاہم تمام افراد کے لئے وتد السماء پر مشتری کی موجودگی ایسے کامیاب وقت کی نشاندہی کررہی ہے۔ جب ماضی کے تجربات فائدہ پہنچائیں گے اور کوئی اہم مقصد پورا ہوجائے گا۔

آپ کا حاکم ستارہ مشتری شروع سال سے زائچے کے وتد السماء پر رہے گا۔ چنانچہ کیرئیر' کاروبار یا پیشہ وارانہ قابلیت کا حصول یا جو بھی مقصد ہے اس کے حصول میں کامیابی کی توقع رکھیں ہر لحاظ سے قسمت ساتھ دے گی۔ مالی حالات میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ مشتری ۴ فروری کو عطارد اور ۸ فروری کو شمس کے ساتھ سعد نظر بنا رہا ہے۔ یہ نظرات روزگار اور پیشہ وارانہ سرگرمیوں سے متعلقہ تمام معاملات کے لحاظ سے خوش بختی عطا کریں گے۔ وہ افراد جو نئی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ قسمت لازمی طور پر ان کا ساتھ دے گی۔ ان تمام معاملات کے لئے مشتری ۲۲' ۲۵ جنوری' ۴' ۸ فروری' ۲۱ مارچ' ۱۴ اپریل' ۳' ۹ مئی' ۲۵ جولائی' ۷' ۹' ۲۱ اگست' ۲۵' ۲۹ ستمبر' ۱۳' ۱۱ اکتوبر' ۱۱' ۲۴ نومبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

جولائی میں مشتری کے' زہرہ و عطارد و شمس اور مریخ کے ساتھ سعد نظرات طویل المعیاد مقاصد پر سعد اثرات ڈالے گی۔ یہ ایسا وقت ہوگا جب کامیابی اور ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہوجائیں گی۔ حالات میں غیر معمولی تبدیلی آئے گی جو بے حد خوش قسمت ثابت ہوگی۔ مشتری کو ۱۰ اپریل سے ۱۱ اگست تک رجعت رہے گی۔ مشتری کے مستقیم ہونے کے بعد خوش قسمت کاروباری تعلق قائم ہونے کی نشاندہی بھی ہورہی ہے۔ یہ تعلق آنے والے مہینوں میں مادی لحاظ سے بے حد مثبت ثابت ہوگا۔ چنانچہ اس وقت جو بھی خیالات یا اسکیمیں تجویز کی جائیں۔ ان پر بے حد سنجیدگی سے غور کرنے کے لئے تیار رہیں۔

ستارہ زحل اس سال امیدوں، دوستی اور خواہشات کے گھر میں رہے گا۔ اکثر لوگ اپریل سے قبل یا ستمبر کے بعد رتبے، عہدے اور عزت میں ترقی او جاہ طلبی کی خواہش رکھیں گے اور اکثر کو کامیابی ہوگی۔ اور بعض کو یہ کامیابی بعد میں ملے گی۔ جنوری کے پہلے عشرے میں زحل شمس کا قران ہوگا۔ اس کی وجہ سے کسی دوست سے ناچاقی ہوگی وجہ اس کی مالی یا کاروباری غلطی کا ارتکاب ہوگا۔ جس کے باعث تباہی و بربادی آسکتی ہے۔ چنانچہ اس کے اثرات سے بچنے کے لئے چند باتوں کو ذہن میں رکھیں کہ اچھی نصیحت یا ہدایت پر یا کسی نوکر یا ملازم کی ایمانداری اور دیانتداری پر بہت زیادہ اعتماد نہ کریں۔ نہ ہی اس عرصہ میں جائیداد کی خرید و فروخت کریں۔

زحل ۳۰ اپریل سے ۱۸ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ زحل کی استقامت کے بعد خوش آئند تبدیلی آئے گی۔ جو

لوگ محنت اور ذمہ داری اور ثابت قدم رہے ان کو زحل پھل دینا شروع کرے گا۔ وہ دوست جن سے کئی سالوں سے نہیں ملے تھے۔ دوبارہ زندگی میں آئیں گے بعض سابقہ محبوب سے ملیں گے۔ بعض کا واسطہ ایسے فرد کے رومان سے شروع ہوگا جو عمر میں بڑا ہوگا اور یہ شاید ساتھ کام کرنے یا کر چکنے کی وجہ سے واقفیت ہوگی۔ یا یوں سمجھیں کہ ماضی کے افراد مستقبل کے حالات واقعات میں اہم کردار ادا کریں گے۔ زحل ۲، ۱۳، ۲۱ جنوری ۱۸ فروری، ۱۰ اپریل، ۱، ۷ مئی، ۱۴، ۱۶ جون ۹، ۱۷ جولائی، ۲۲، ۲۶ ستمبر، ۱۸ اکتوبر کو نحس نظرات بنائے گا۔ ان دنوں آپ کی امیدیں اور خواہشات کو بری نظر لگ جائے گی۔

زہرہ ۲۷ مارچ سے خانہ مال میں ہوگا اور حصول مال اور سرمایہ کاری کو باقوت بنائے گا۔ کوئی بہت بڑی خواہش پوری ہو جائے گی۔ زہرہ ۱۶ مئی سے ۹ جون تک سے تیسرے گھر میں موجود ہوگا۔ اس وقت ضرورت سے زیادہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بہن بھائی کے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ دوست نئے بنیں گے۔ سفر اہم رہے گا اور لوگوں سے ملنا جلنا زیادہ ہوگا۔ مہمان زیادہ آپ کا وقت لیں گے۔ کوئی خاص مہمان اس ماہ آئے گا۔ کوئی تقریب زندگی کا اہم موڑ ثابت ہوگی۔ ۱۸ جنوری کو زہرہ مریخ کی تثلیث، ۲۲ جنوری کو مشتری سے قران، ۳ فروری کو یورنس سے تثلیث، ۱۷ فروری کو نپ چون سے تسدیس کی سعد نظریں قائم ہونگی۔

زہرہ ۲۹ جولائی سے ۳۱ اگست تک طالع کے مقابل ہوگا۔ جہاں مشتری سے تثلیث، شمس سے قران ہوگا۔ یہ وقت جذباتی تناؤ کا خاتمہ کردے گا اور محبت کی نبیادوں پر قائم تعلقات کو مزید مضبوط بنادے گا۔ وہ افراد جن کی شادی کی راہ میں رکاوٹیں حائل رہی ہیں وہ بھی اب دور ہو جائیں گی اور جن لوگوں کی اس وقت شادی ہوگی انہیں اس تعلق کے ذریعے سکون اور خوشی ملے گی۔

زہرہ ۲۲ اگست سے ۱۴ ستمبر تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ جس سے محبت کے معاملات کے لحاظ سے تسلی بخش وقت کی نشاندہی ہورہی ہے۔ یکم ستمبر کو زہرہ زحل سے تثلیث، ۷ کو پلوٹو سے تثلیث بنائے گا تو یہ امتزاج محبت کے معاملات کے لحاظ سے موافق وقت کی نشاندہی کررہا ہے۔ تاہم ان معاملات کے لحاظ سے ضرورت سے زیادہ حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کریں۔ موجودہ قریبی تعلقات کی مضبوطی کی نشاندہی کررہی ہے۔ اس ماہ قلبی سکون حاصل کرنے کے لیے بیرون ملک سفر کریں گے۔ سفر کے ذریعے کوئی اہم شخصیت زندگی میں داخل ہوگی یا کوئی غیر ملکی شخصیت پسند آئے گی یا کوئی علاقہ بہت پسند آئے گا۔

زہرہ ۲۷ نومبر کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا اور ۲۸ نومبر کو یورنس سے تثلیث اور ۳ دسمبر کو مریخ سے تسدیس اور ۹ دسمبر کو نپ چون سے تسدیس بنائے گا۔ ان دنوں مالی معاونت حاصل کرنے، اسکیم بنانے یا اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوں گی۔ ان تاریخوں میں نسبت و شادی کرنے، تعلقات کی تجدید نو کرنے، بونس ملنے، کسی قسم کی وصولی ہونے، تحفہ ملنے یا انعام نکلنے کی نشاندہی بھی ہورہی ہے۔

مریخ ۲ جنوری سے ۱۴ فروری تک خانہ مال میں رہے گا۔ ۲۱ جنوری کو مریخ زحل کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت سرمایہ کاری، شریک کار، شراکت داری اور وراثت سے متعلقہ معاملات میں سخت دشمنی پیدا ہو جائے گی۔ دراصل آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول کے لحاظ سے اس وقت آپ کی کوششیں کامیاب نہ ہوں گی۔ کاروباری منصوبوں یا تخلیقی سرگرمیوں کے لحاظ سے آگے بڑھنے کے زائد مواقع ضائع ہو جائیں گے۔

۸ جنوری کو مریخ عطارد سے تربیع، ۲۵ جنوری کو مریخ مشتری سے تثلیث، ۲ فروری کو مریخ پلوٹو سے تربیع، ۸ فروری کو عطارد مریخ سے تسدیس بنائے گا۔ اگر آپ رشتہ دار یا دوستوں کے ساتھ شراکت میں ملوث ہیں تو اس وقت اختلافات کھل کر سامنے آئیں گے۔ یہ وقت تمام مالی معاملات میں ایمانداری کا متقاضی ہوگا۔ نپ چون کے ساتھ ہمیشہ یہ خطرہ ہوتا ہے کہ آپ یا آپ کا شریک غلط راستہ اختیار کرتا ہے۔ لہذا یاد رکھیئے کہ اگر پیچیدگیاں اور الجھنیں پہلے ہی موجود ہیں تو کوئی ایسا قدم ہرگز نہ اٹھائیں جو معاملات کو مزید بدتر کردے۔ تاہم مریخ زحل سے ۱۴ مارچ کو سعد نظر بنائے گا جس سے حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ یہ وقت مادی اور مالی لحاظ سے زائد اعتماد پیدا کرے گا۔ طویل المعیاد منصوبوں سے متعلقہ معاملات

کے لیے نئے حالات اور نئے دور لائے گا۔

مریخ ۲ جولائی سے ۱۸ اگست تک چھٹے گھر میں رہے گا۔ ۹ جولائی کو مریخ عطارد سے قران اور ۱۱ جولائی کو یورنس سے تربیع بنائے گا۔ ملازمین سے ہوشیار رہیں، ملازمت یا روزگار میں اپنی خواہشوں کو نہ بڑھائیں ورنہ کسی بھی جگہ پھنس جائیں گے۔ ضرورت سے زیادہ خوش امیدی اور فضول خرچی کے ذریعے نقصان کی نشاندہی ہورہی ہے۔ زمین یا جائیداد کے معاملات میں دھوکہ یا فریب ہوگا۔ نشہ آور اشیاء کے استعمال سے قانونی پکڑ میں آئیں گے۔ زلت و بدنامی ہوگی۔ مالی امور پر خاصا دباؤ پڑے گا۔ اس وقت اگر جلد بازی سے گریز کریں تو امیر بنانے والی کسی بھی اسکیم میں شامل نہ ہوں۔ سرمایہ کاری کرنی ہو تو ایک خاص حد کے اندر رہتے ہوئے روپیہ لگائیں۔

مریخ ۱۹ اگست سے طالع کے مقابل گھر میں گزارے گا۔ ۲۴ اگست کو زہرہ مریخ کا قران ہے۔ یہ وقت آپ کی زندگی میں درپردہ بڑی تبدیلی لائے گا۔ یہ ایسا وقت ہوگا جب ماضی سے آپ کا تعلق مضبوط ہو جائے گا۔ بندھن دوبارہ بندھ جائیں گے۔ اور آپ اپنے طرز زندگی میں نیا پن پیدا کرنے اور زیادہ خود مختاری حاصل کرنے کا مصمم ارادہ کرلیں گے۔ عطارد ۲۵ جنوری سے ۱۰ فروری تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ ۳۰ جنوری کو عطارد شمس کا قران اور ۴ فروری کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اس دوران دوسروں کے جھگڑوں سے الگ تھلگ رہیں۔ نیز اگر کسی نجی یا اہم معاملے کے متعلق کوئی شک ہو تو اس پر غور کرنے میں وقت صرف کریں اور اگر ضرورت ہو تو ماہرانہ مشورہ حاصل کریں۔ کوئی بھی ایسی صورتحال جس کی وجہ سے پریشانی اور تناؤ کا سامنا رہا ہے تو خود بخود پریشانی دور ہو جائے گی۔ نیز کسی چیز کے متعلق اگر لاعلم تھے تو وہ بھی اچانک کھل کر سامنے آجائے گی۔ ۸ فروری کو عطارد مریخ کی تسدیس، ۱۰ کو یورنس سے تسدیس اور ۲۰ کو زحل سے تسدیس کی سعد نظر قائم کرے گا۔

عطارد ۱۱ فروری سے ۱۷ اپریل تک طالع میں رہے گا۔ اس وقت روزمرہ سرگرمیوں میں تیزی آجائے گی۔ نقل و حرکت اور میل جول زیادہ رہے گا۔ عطارد کو یہاں ۵ سے ۲۸ مارچ تک رجعت رہے گی۔ عطارد ۱۸ اپریل سے ۶ مئی تک خانہ مال میں رہے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت و شنید، تجارتی لین دین، مالی معاملات سے متعلق معلومات حاصل کرنے اور مشورہ لینے کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ یکم مئی کو عطارد، زحل و پلوٹو سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ اس دن اختلاف یا جھگڑے سے واسطہ پڑے گا۔ لہذا احتاط رہیں۔ عطارد کی خانہ مال میں موجودگی اور مشتری سے تثلیث تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں میں تبدیلی لانے اور آمدنی میں اضافے کے لئے یا کسی زائد کام کو شروع کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوگی۔ عطارد ۷ سے ۲۱ مئی تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ سفر، تعلیمی سرگرمیوں اور تعلقات میں التواء سے واسطہ پڑے گا۔ ۱۷ مئی سے یکم جولائی کو پانچویں گھر میں آئے گا تو عطارد زحل کی تثلیث، عطارد پلوٹو کی تثلیث کی وجہ سے کاروباری افراد جو آنے والے مہنیوں میں اپنی سرگرمیوں میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں کو اکب ان کی موافقت میں ہوں گے۔

عطارد چھٹے گھر میں ۲۷ جون کو داخل ہوگا۔ تو اسے ۸ جولائی سے یکم اگست تک رجعت رہے گی۔ عطارد ۳۰ اگست کو طالع کے مقابل آئے گا۔ اس وقت لوگوں کی ظاہری حالتیں دھوکہ دیں گی۔ کسی بھی مشکوک کام میں ہاتھ نہ ڈالیں۔ اس وقت کسی بھی مالی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔ نہ ہی کسی بڑے پراجیکٹ میں حصہ لیں۔

عطارد ۵ ستمبر کو زحل سے تثلیث اور ۱۳ کو زہرہ سے قران کی سعد نظر بنائے گا جس سے فاضل اوقات کے مشاغل پر دباؤ پڑے گا۔ کسی مشغلے کو آمدنی کا ذریعہ بنانے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اس وقت اگر کسی شخص کی شراکت میں کام کرنے کا موقع ملے تو اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں کیونکہ یہ ایک خوش قسمت قدم ہوگا۔

عطارد ۴ اکتوبر کو نویں گھر میں ہوگا یہاں اسے ۳۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک رجعت رہے گی۔ ۱۴ اکتوبر کو زحل سے تسدیس، ۳۰ نومبر کو عطارد زحل سے تسدیس کی نظر بنائے گا ان دنوں آپ کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نئی ملازمت کی پیشکش یا غیر متوقع ترقی کی خبریں ملیں گی۔ ۲۰ دسمبر مالی معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہو گی۔ ان تاریخوں میں قیمتی اشیاء کی خریداری کرتے ہوئے خاص طور پر محتاط رہیں۔

یورنس کے سات سال

یورنس شروع سال سے برج حمل میں ہوگا۔ ۷ جنوری ۲۰۱۹ کو مستقیم ہوگا۔ ۶ مارچ ۲۰۱۹ء کو ہمیشہ کے لیے برج حمل سے نکل جائے گا اور برج ثور میں داخل ہوگا۔ یہ برج ثور کے ممالک میں انقلاب لائے گا۔ ثور سے متعلقہ لوگوں کے حالات تبدیل کر کے رکھ دے گا۔ عقرب والوں کو بھی اپنی پوزیشن کا خیال رکھنا چاہیے۔ جب یہ سعد ہوگا تو موافق تبدیلیاں لائے گا اور غیر متوقع فائدہ دے گا۔ الیکٹرک اور سائنس کے کام کرنے والوں کو ترقی دے گا۔ جب یہ نحس ہوگا تو مرضی کے خلاف تبدیلی لائے گا اور غیر متوقع نقصان دے گا' رشتوں کو ختم کر دے گا اور نئی مخالفتوں کو جنم دے گا۔ مشینری اور الیکٹرک کے ذریعہ حادثہ لائے گا۔ اس کے اثرات مندرجہ ذیل ہیں۔

حمل خفیہ دشمن۔ ناقابل اعتبار بھروسہ ماحول۔ گراوٹ۔ تنزلی۔ جب مریخ ساتھ ہوگا تو چوری یا دل کے مرض کا اندیشہ۔ عزت کا خطرہ۔ پابندیاں یا قید یا حادثہ یا اعصابی بیماری کا حملہ۔

ثور دماغ' خیالات اور قیاسات میں تبدیلی' بدعقیدگی' حالات میں تبدیلی' دلیل بازی اور جھگڑے کا رجحان۔

جوزا مالی لحاظ سے مدوجزر۔ اگر روپیہ آئے تو اتفاقیہ خرچ بھی ہو۔

سرطان خودمختارانہ ذہنیت۔ غیر سوشل۔ بدعقیدہ۔ سفر جس میں نقصان یا حادثہ کا اندیشہ۔ اعزاء' ہمسایوں سے ناچاقی۔ سائنس اور نجوم کی طرف رغبت۔ رہائش کی تکلیف۔

اسد والدین سے علیحدگی۔ مکان گرنے کا اندیشہ۔ گھریلو متوقع تبدیلیاں۔ جائیداد یا مال کا جھگڑا۔ ایسی تبدیلیاں جن کی نشاندہی مشکل ہو۔

سنبلہ انعامی اسکیموں میں روپیہ لگانے سے غیر متوقع نفع یا نقصان۔ عورتوں کے لیے بدقسمتی۔ تفریحات میں اخراجات۔ بچوں سے تکلیف۔ اتفاقیہ رومان۔

میزان اعصابی نظام میں خرابی۔ حادثہ کا اندیشہ۔ ملازمین اور مزدور اعتماد نہ رکھیں۔ خناق سے محتاط رہیں۔ ڈاکٹر کی غلطی سے بھی نقصان ہو۔ خاموشی اور درگزر کی پالیسی اختیار کریں۔

عقرب والوں پر اس کا اثر بہت نحس ہوگا۔ شادی میں التواء۔ میاں بیوی میں ناچاقی ہو تو علیحدگی لائے۔ قانونی جھگڑے میں نقصان۔ کامیابی کی راہوں میں سخت مخالفتیں۔ کاروبار میں نقصان اور قرض بڑھے۔ حالات غیر متوقع ہمہ وقت رہیں۔ دشمنی حسد کی بنا پر ہوگی۔

قوس اگر شادی ہو تو میاں بیوی دونوں غربت میں رہیں۔ جائیداد بک جائے۔ خودکشی کا اندیشہ۔ مالی لحاظ سے غیر متوقع نفع یا نقصان۔ اتفاقیہ خاتمہ (اعصابی امراض یا حادثہ کے ذریعہ) میٹافزکس میں دلچسپی۔

جدی خودمختارانہ رویہ۔ قدیم فلاسفی کا سہارا لیں۔ اتفاقیہ سفر جو بہتر ثابت نہ ہوں۔ علوم روحانی اور مذہبی کتب کا مطالعہ رہے۔ کسی عزیز کی شادی کے نقصان کا اثر پڑے۔

دلو غیر متوقع ترقی۔ طاقتور پوزیشن۔ کامیابیاں حقائق پر چلنے سے ہوں۔ بہت تبدیلیاں آ رہی ہیں۔ آفسران سے جھگڑوں سے بچیں۔ ملازمت یا عہدہ میں تبدیلی کا امکان۔ کسی عزیز کی طرف سے کوئی فریب ملے۔

حوت ترقی پسندانہ خیالات' اتفاقیہ ملاقاتیں' غیر سوشل حرکات۔ روحانی علوم سے دلچسپی۔ بدعقیدہ اور ناپسندیدہ خیالات کے دوست جو مدد کے طالب ہوں۔ اخراجات کرائیں اور نقصان کا باعث ہوں۔

اہم کواکبی نظرات ۲۰۱۹ء

شمس

شمس قران زحل	۲ جنوری	۱۰:۴۹	۱۱ درجہ ۳۱ دقیقہ جدی
شمس قران پلوٹو	۱۱ جنوری	۱۶:۳۳	۲۰ درجہ ۵۶ دقیقہ جدی
شمس تربیع یورنس	۱۹ جنوری	۶:۲۹	۲۸ درجہ ۳۹ دقیقہ جدی
شمس تسدیس مشتری	۸ فروری	۵:۳۲	۱۸ درجہ ۵۶ دقیقہ دلو
شمس تسدیس مریخ	۲۸ فروری	۷:۳۳	۹ درجہ ۱۲ دقیقہ حوت
شمس قران نپ چون	۷ مارچ	۶:۰۸	۱۶ درجہ ۱۰ دقیقہ حوت
شمس تسدیس زحل	۹ مارچ	۱۲:۰۹	۱۸ درجہ ۲۵ دقیقہ حوت
شمس تسدیس پلوٹو	۱۳ مارچ	۱۹:۲۴	۲۲ درجہ ۴۳ دقیقہ حوت
شمس تربیع مشتری	۱۴ مارچ	۶:۲۸	۲۳ درجہ ۱۰ دقیقہ حوت
شمس تربیع زحل	۱۰ اپریل	۱۳:۴۶	۲۰ درجہ ۱۲ دقیقہ حمل
شمس تثلیث مشتری	۱۴ اپریل	۱۸:۴۰	۲۴ درجہ ۱۹ دقیقہ حمل
شمس قران یورنس	۲۳ اپریل	۴:۰۵	۲ درجہ ۳۱ دقیقہ ثور
شمس تثلیث زحل	۱۱ مئی	۱۴:۱۸	۲۰ درجہ ۲۴ دقیقہ ثور
شمس تثلیث پلوٹو	۱۴ مئی	۸:۰۱	۲۳ درجہ ۳ دقیقہ ثور
شمس تربیع نپ حون	۱۰ جون	۰۰:۴۲	۱۸ درجہ ۴۱ دقیقہ جوزا
شمس مقابلہ مشتری	۱۰ جون	۲۰:۲۷	۱۹ درجہ ۲۸ دقیقہ جوزا
شمس مقابلہ زحل	۹ جولائی	۲۲:۰۶	۱۷ درجہ ۱۲ دقیقہ سرطان
شمس مقابلہ پلوٹو	۱۴ جولائی	۲۲:۰۶	۱۷ درجہ ۱۲ دقیقہ سرطان
شمس تربیع یورنس	۳۰ جولائی	۴:۱۲	۶ درجہ ۳۲ دقیقہ اسد
شمس تثلیث مشتری	۷ اگست	۱۲:۳۰	۱۴ درجہ ۳۱ دقیقہ اسد
شمس تثلیث یورنس	۳۰ اگست	۸:۱۲	۶ درجہ ۲۸ دقیقہ سنبلہ
شمس قران مریخ	۲ ستمبر	۱۵:۴۲	۹ درجہ ۴۱ دقیقہ سنبلہ
شمس تثلیث زحل	۷ ستمبر	۲:۵۵	۱۴ درجہ ۰۰ دقیقہ سنبلہ
شمس تربیع مشتری	۸ ستمبر	۲۰:۲۶	۱۵ درجہ ۴۱ دقیقہ سنبلہ
شمس مقابلہ نپ چون	۱۰ ستمبر	۱۲:۳۳	۱۷ درجہ ۱۹ دقیقہ سنبلہ
شمس تربیع زحل	۸ اکتوبر	۰۰:۰۶	۱۴ درجہ ۱۳ دقیقہ میزان

شمس تسدیس مشتری	۱۳ اکتوبر	۲۳:۰۱	۲۰ درجہ ۶ دقیقہ میزان
شمس مقابلہ یورنس	۲۸ اکتوبر	۱۳:۱۳	۴ درجہ ۳۶ دقیقہ عقرب
شمس تسدیس زحل	۸ نومبر	۲۲:۰۵	۱۵ درجہ ۵۹ دقیقہ عقرب
شمس تربیع نپ چون	۸ دسمبر	۱۴:۰۹	۱۵ درجہ ۵۷ دقیقہ قوس
شمس قران مشتری	۲۷ دسمبر	۲۳:۲۵	۵ درجہ ۴۱ دقیقہ جدی

مریخ

مریخ تربیع زحل	۲۱ جنوری	۱۶:۴۶	۱۳ درجہ ۴۶ دقیقہ حمل
مریخ تثلیث مشتری	۲۵ جنوری	۲۲:۵۲	۱۶ درجہ ۳۹ دقیقہ حمل
مریخ تربیع پلوٹو	۲ فروری	۸:۱۲	۲۱ درجہ ۳۹ دقیقہ حمل
مریخ قران یورنس	۱۳ فروری	۱۱:۱۷	۲۵ درجہ ۱۱ دقیقہ حمل
مریخ تسدیس نپ چون	۱۰ مارچ	۲۱:۳۳	۱۶ درجہ ۱۸ دقیقہ ثور
مریخ تثلیث زحل	۱۴ مارچ	۱۵:۰۰	۱۸ درجہ ۴۷ دقیقہ ثور
مریخ تثلیث پلوٹو	۲۰ مارچ	۱۶:۳۳	۲۲ درجہ ۵۰ دقیقہ ثور
مریخ تربیع نپ چون	۲۷ اپریل	۱۸:۱۷	۱۷ درجہ ۵۶ دقیقہ جوزا
مریخ مقابلہ مشتری	۶ مئی	۲:۵۶	۲۳ درجہ ۲۲ دقیقہ جوزا
مریخ تسدیس یورنس	۲۲ مئی	۱۹:۴۳	۴ درجہ ۱۰ دقیقہ سرطان
مریخ تثلیث نپ چون	۱۴ جون	۱۱:۲۵	۱۸ درجہ ۴۲ دقیقہ سرطان
مریخ مقابلہ زحل	۱۴ جون	۲۰:۴۸	۱۸ درجہ ۵۷ دقیقہ سرطان
مریخ مقابلہ پلوٹو	۲۰ جون	۸:۱۸	۲۲ درجہ ۲۷ دقیقہ سرطان
مریخ تربیع یورنس	۱۱ جولائی	۲۲:۵۸	۶ درجہ ۱۲ دقیقہ اسد
مریخ تثلیث مشتری	۲۵ جولائی	۱۷:۲۱	۱۴ درجہ ۵۷ دقیقہ اسد
مریخ تثلیث یورنس	۲۸ اگست	۱۵:۵۰	۶ درجہ ۳۰ دقیقہ سنبلہ
مریخ تثلیث زحل	۹ ستمبر	۹:۱۲	۱۳ درجہ ۵۸ دقیقہ سنبلہ
مریخ تربیع مشتری	۱۲ ستمبر	۱۴:۰۵	۱۶ درجہ ۱ دقیقہ سنبلہ
مریخ مقابلہ نپ چون	۱۴ ستمبر	۱۰:۳۹	۱۷ درجہ ۱۲ دقیقہ سنبلہ
مریخ تربیع زحل	۲۷ اکتوبر	۱۹:۲۹	۱۵ درجہ ۸ دقیقہ میزان
مریخ تسدیس مشتری	۱۲ نومبر	۲۳:۲۰	۲۵ درجہ ۴۱ دقیقہ میزان
مریخ مقابلہ یورنس	۲۴ نومبر	۲۱:۴۸	۳ درجہ ۳۲ دقیقہ عقرب
مریخ تثلیث نپ چون	۱۳ دسمبر	۱۷:۰۸	۱۶ درجہ ۰۰ دقیقہ عقرب

مریخ تسدیس زحل ۱۹ دسمبر ۱۴:۵۹ ۱۹ درجہ ۵۶ دقیقہ عقرب

مشتری

مشتری تربیع نپ چون ۱۴ جنوری ۰۰:۴۹ ۱۴ درجہ ۲۳ دقیقہ قوس
مشتری تربیع نپ چون ۲۱ ستمبر ۲۲:۵۰ ۱۷ درجہ ۰۰ دقیقہ قوس
مشتری تثلیث یورنس ۱۵ دسمبر ۲۳:۵۶ ۲۱ درجہ ۴۸ دقیقہ جدی

زحل

زحل تسدیس نپ چون ۳۱ جنوری ۲۱:۱۴ ۱۴ درجہ ۵۵ دقیقہ جدی
زحل تسدیس نپ چون ۹ نومبر ۹:۳۶ ۱۶ درجہ ا دقیقہ جدی

نپ چون

نپ چون تربیع مشتری ۱۶ جون ۱۹:۰۸ ۱۸ درجہ ۴۳ دقیقہ حوت
نپ چون تسدیس زحل ۱۸ جون ۱۴:۲۰ ۱۸ درجہ ۴۳ دقیقہ حوت

دو ہزار برس کا انگریزی کیلنڈر ۲۰۰۰

یہ کیلنڈر ۱۴ ستمبر ۱۷۵۲ء بروز جمعرات کے بعد سے لے کر ۳۶۹۹ء تک کام دیگا۔ اس سے کسی بھی تاریخ اور کسی بھی سن سے دن نکل آئے گا۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ تاریخ کا عدد لیں مہینہ کے نقشہ سے غیبی عدد لیں، صدی کے نقشہ سے صدی کے غیبی عدد لیں ان تمام کو جمع کریں اور حاصل جمع کو سات پر تقسیم کریں جو باقی بچے دنوں کے اعداد میں دیں۔ کونسا دن ہے بس یہی دن مطلوبہ تاریخ کا ہوگا۔

مہینوں کے غیبی اعداد

نام ماہ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
غیبی اعداد	۲	۵	۵	۱	۳	۶	۱	۴	۰	۲	۵	۰

نوٹ: اگر سال لیپ کا ہو تو جنوری کا عدد ۱۔ اور فروری کا عدد ۴ ہیں۔

صدیوں کے غیبی اعداد

غیبی اعداد	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۰
صدیاں	—	۱۹۰۰	۲۰۰۰	—	۱۷۰۰	—	۱۸۰۰
	—	۲۳۰۰	۲۴۰۰	—	۲۱۰۰	—	۲۲۰۰
	—	۲۷۰۰	۲۸۰۰	—	۲۵۰۰	—	۲۶۰۰
	—	۳۱۰۰	۳۲۰۰	—	۲۹۰۰	—	۳۰۰۰
	—	۳۵۰۰	۳۶۰۰	—	۳۳۰۰	—	۳۴۰۰

دنوں کے اعداد

دن	غیبی عدد
اتوار	۰
سوموار	۱
منگلوار	۲
بدھ وار	۳
جمعرات	۴
جمعہ	۵
ہفتہ	۶

سالوں کے غیبی اعداد

غیبی اعداد	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۰
سال ۰ سے ۹۹	۵	۴	-	۳	۲	۱	۰
	۱۱	۱۰	۹	۸	-	۷	۶
	۱۶	-	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	-
	۲۲	۲۱	۲۰	-	۱۹	۱۸	۱۷
	-	۲۷	۲۶	۲۵	۲۴	-	۲۳
	۳۳	۳۲	-	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸
	۳۹	۳۸	۳۷	۳۶	-	۳۵	۳۴
	۴۴	-	۴۳	۴۲	۴۱	۴۰	-
	۵۰	۴۹	۴۸	-	۴۷	۴۶	۴۵
	-	۵۵	۵۴	۵۳	۵۲	-	۵۱
	۶۱	۶۰	-	۵۹	۵۸	۵۷	۵۶
	۶۷	۶۶	۶۵	۶۴	-	۶۳	۶۲
	۷۲	-	۷۱	۷۰	۶۹	۶۸	-
	۷۸	۷۷	۷۶	-	۷۵	۷۴	۷۳
	-	۸۳	۸۲	۸۱	۸۰	-	۷۹
	۸۹	۸۸	-	۸۷	۸۶	۸۵	۸۴
	۹۵	۹۴	۹۳	۹۲	-	۹۱	۹۰
	-	-	۹۹	۹۸	۹۷	۹۶	-

مثال

۱۴ جنوری ۱۹۹۶ء کو کونسا دن ہوگا؟

تاریخ کا عدد ۱۴
جنوری کا عدد (لیپ کا سال ہے) ۱
۱۹ صدی کا غیبی عدد ۵
۹۶ سال کا غیبی عدد ۱
میزان ۲۱

سات پر تقسیم کرنے سے صفر باقی رہا۔ صفر کا دن اتوار ہے پس معلوم ہوا کہ ۱۴ جنوری ۱۹۹۶ء کو دن اتوار ہوگا۔

نوٹ: صدیوں اور سالوں کے نقشہ میں لیپ صدیوں اور لیپ سالوں کے اعداد موٹی قلم سے دیئے گئے ہیں۔

تاریخہائے ماہ جنوری ۲۰۱۹ء

نام ایام	جنوری ۲۰۱۹ء	ربیع الثانی ۱۴۴۰ھ	پوہ ۲۰۷۵ب	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	قسمتی نمبر	توقیعات	گزشتہ تاریخی واقعات
منگل	۱	۲۳	۱۸	۷ ۱۶	۵ ۵۴	۷ ۲	۵ ۱۰	۵	مریخ در حمل	جہازران کمپنیاں، بنک، تیل قومیائے گئے ۱۹۷۴ء ملک کے نویں صدر محمد رفیق تارڑ منتخب ۱۹۹۸ء
بدھ	۲	۲۴	۱۹	۷ ۱۷	۵ ۵۵	۷ ۲	۵ ۱۱	۶		اجراء اعشاریہ سکہ ۱۹۶۱ء
جمعرات	۳	۲۵	۲۰	۷ ۱۷	۵ ۵۵	۷ ۲	۵ ۱۲	۷		اجراء سکہ ونوٹ ۱۹۴۸ء
جمعہ	۴	۲۶	۲۱	۷ ۱۷	۵ ۵۶	۷ ۳	۵ ۱۲	۸		فیصلہ سازش راولپنڈی ۱۹۵۲ء
ہفتہ	۵	۲۷	۲۲	۷ ۱۷	۵ ۵۷	۷ ۳	۵ ۱۳	۹	عطارد در جدی	
اتوار	۶	۲۸	۲۳	۷ ۱۸	۵ ۵۷	۷ ۳	۵ ۱۴	۱	سورج گرہن	حادثہ ریلوے جھمپیر ۱۹۵۴ء فائرنگ طلبہ کراچی ۵۶ء
پیر	۷	۲۹	۲۴	۷ ۱۸	۵ ۵۸	۷ ۳	۵ ۱۵	۲	یورنس مستقیم، زہرہ در قوس، نیا چاند	
منگل	۸	جمادی الاول	۲۵	۷ ۱۸	۵ ۵۹	۷ ۳	۵ ۱۵	۳	یکم جمادی الاول ۱۴۴۰ھ	مجیب کی رہائی ۱۹۷۲ء آزاد بنگلہ دیش کا اعلان۔ ڈالر سے روپے کی وابستگی ختم ۱۹۸۲ء۔ پاک بھارت بس سروس شروع ۱۹۹۹ء
بدھ	۹	۲	۲۶	۷ ۱۸	۶ ۰۰	۷ ۳	۵ ۱۶	۴	حضیض شمس	
جمعرات	۱۰	۳	۲۷	۷ ۱۸	۶ ۰۰	۷ ۳	۵ ۱۷	۵		انتقال پیر پگارا ۲۰۱۲ء
جمعہ	۱۱	۴	۲۸	۷ ۱۸	۶ ۱	۷ ۳	۵ ۱۸	۶		
ہفتہ	۱۲	۵	۲۹	۷ ۱۸	۶ ۲	۷ ۳	۵ ۱۹	۷		
اتوار	۱۳	۶	۳۰	۷ ۱۸	۶ ۳	۷ ۳	۵ ۲۰	۸		آمد فیصل مرحوم شاہ عراق ۱۹۵۴ء
پیر	۱۴	۷	ماگھ	۷ ۱۸	۶ ۳	۷ ۳	۵ ۲۱	۹	شرف قمر	
منگل	۱۵	۸	۲	۷ ۱۸	۶ ۴	۷ ۳	۵ ۲۱	۱		
بدھ	۱۶	۹	۳	۷ ۱۸	۶ ۵	۷ ۲	۵ ۲۲	۲		شاہ ایران کی سلطنت ختم ۱۹۷۹ء
جمعرات	۱۷	۱۰	۴	۷ ۱۸	۶ ۵	۷ ۲	۵ ۲۳	۳		
جمعہ	۱۸	۱۱	۵	۷ ۱۸	۶ ۶	۷ ۲	۵ ۲۴	۴		
ہفتہ	۱۹	۱۲	۶	۷ ۱۸	۶ ۷	۷ ۲	۵ ۲۵	۵		ایران میں اسلامی سلطنت کا قیام ۶۵۲ء
اتوار	۲۰	۱۳	۷	۷ ۱۸	۶ ۸	۷ ۱	۵ ۲۶	۶	شمس در دلو	بل کلنٹن نے امریکہ کے صدر کے عہدہ کا حلف اٹھایا ۱۹۹۳ء، جارج واکر بش نے امریکہ کے ۴۳ ویں صدر کے عہدہ کا حلف اٹھایا ۲۰۰۱ء
پیر	۲۱	۱۴	۸	۷ ۱۸	۶ ۸	۷ ۱	۵ ۲۶	۷	چاند گرہن	
منگل	۲۲	۱۵	۹	۷ ۱۸	۶ ۹	۷ ۱	۵ ۲۸	۸		
بدھ	۲۳	۱۶	۱۰	۷ ۱۷	۶ ۱۰	۷ ۰۰	۵ ۲۹	۹		
جمعرات	۲۴	۱۷	۱۱	۷ ۱۷	۶ ۱۱	۷ ۰۰	۵ ۳۰	۱	عطارد در دلو	
جمعہ	۲۵	۱۸	۱۲	۷ ۱۷	۶ ۱۱	۷ ۰۰	۵ ۳۰	۲		ری پبلک آف انڈیا ۱۹۵۰ء۔ انتقال میر خلیل الرحمٰن ۱۹۹۲ء
ہفتہ	۲۶	۱۹	۱۳	۷ ۱۷	۶ ۱۲	۶ ۵۹	۵ ۳۱	۳		بھارت میں قیامت خیز زلزلہ۔ ۲۵ ہزار سے زائد ہلاک ۲۰۰۱ء
اتوار	۲۷	۲۰	۱۴	۷ ۱۶	۶ ۱۳	۶ ۵۹	۵ ۳۲	۴	قمر در عقرب، حضیض زہرہ	
پیر	۲۸	۲۱	۱۵	۷ ۱۶	۶ ۱۴	۶ ۵۸	۵ ۳۳	۵		عالمی یوم جزام
منگل	۲۹	۲۲	۱۶	۷ ۱۶	۶ ۱۴	۶ ۵۸	۵ ۳۴	۶		پاکستان دولت مشترکہ سے الگ ہوا ۱۹۷۲ء
بدھ	۳۰	۲۳	۱۷	۷ ۱۵	۶ ۱۵	۶ ۵۷	۵ ۳۵	۷		قتل مہاتما گاندھی ۱۹۴۸ء
جمعرات	۳۱	۲۴	۱۸	۷ ۱۵	۶ ۱۶	۶ ۵۷	۵ ۳۶	۸		

مواضع قمر — اثرات ماہ جنوری ۲۰۱۹ء

جنوری ۲۰۱۹ء	شمس در جدی	بروج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالات	دنوں کے اثرات
۱	۱۱			شولہ	۲۱ ۵۰			مخلوط اثرات، تبدیلی کام ومقام کے خلاف، علاج اور جائیداد کی خرید کے موافق
۲	۱۲	قوس	۱۳ ۵۷	لغائم	۲۲ ۰۶		طرح	جن لوگوں سے معاملہ پڑے ان سے خاص احتیاط رکھو۔ بڑے دھوکے سے بچو
۳	۱۳			بلدہ	۲۲ ۴۶			موافق دن۔ آرٹ وڈیزائن، فیشن، خرید وفروخت، نکاح ونسبت کے لئے۔
۴	۱۴	جدی	۲۳ ۵۴	ذابح	۲۳ ۵۴		وبال	مخلوت اثرات، مالی لین دین، دوستی کے موافق، کارسرکار وعلاج کے موافق۔
۵	۱۵							سفر اور تفریحات کے لئے بہتر۔ اہم معاملہ کی گفتگو طے پائے۔
۶	۱۶			بلعہ	۱ ۲۰	●	اجتماع	مالی معاملات میں بہتری ملے، مشینری کی منتقلی وسمندری سفر کیلئے موزوں۔
۷	۱۷	دلو	۱۱ ۴۵	سعود	۳ ۰۶			لین دین کے معاملات میں حد درجہ احتیاط کرو، قانونی امور ہاتھ سے نکل جائیں
۸	۱۸			اخبیہ	۵ ۰۶			آرٹ میں عروج، معاہدات، تحریرات، مشینری، نکاح اور علاج کے موافق۔
۹	۱۹			مقدم	۷ ۱۶			مالی لین دین، کارسرکار، جائیداد ومعاہدات کے ناموافق
۱۰	۲۰	حوت	۰۰ ۴۳	موخر	۹ ۲۶		حضیض	کوئی نیا کام شروع نہ کریں، سیر وتفریح کے موافق، نئی دوستی کا آغاز ہو۔
۱۱	۲۱			رشا	۱۱ ۲۸			خرید وفروخت مشینری اور تبدیلی کے موافق، سوشل امور ونسبت کے موافق۔
۱۲	۲۲	حمل	۱۳ ۱۷	شرطین	۱۳ ۱۷			جائیداد کے مسائل، کارسرکار اور علاج، نفع دینے والی غیر معمولی حرکات۔
۱۳	۲۳			بطین	۱۴ ۳۶			امیدیں پوری ہوں، ضرورت ہو تو قدم اٹھاؤ۔ پبلسٹی کے لئے ناموزوں۔
۱۴	۲۴	ثور	۲۳ ۳۰	ثریا	۱۵ ۲۴	◓	شرف تربیع اول	قانونی معاہدات، تحریرات، لین دین کے لیے موافق، بنک وانشورنس کیلئے بہتر۔
۱۵	۲۵			دبران	۱۵ ۲۸			آرٹ وفیشن میں تبدیلی، زائد اخراجات، مالی نقصان، نئی دوستی ہو۔
۱۶	۲۶			ہقعہ	۱۴ ۵۰			کارسرکار نا موافق۔ آرٹ، مشینری کے موافق، جائیداد کے معاہدات موافق۔
۱۷	۲۷	جوزا	۵ ۵۹	ہنعہ	۱۳ ۲۶		فرح	مشنری وٹولز، مالی لین دین اور جائیداد وسمندر ریس سفر، پبلسٹی کے موافق۔
۱۸	۲۸			ذراعہ	۱۱ ۲۲			چھوٹی انڈسٹریز والوں کو فائدہ، کاروباری وقانونی کاموں میں کامیابی۔
۱۹	۲۹	سرطان	۸ ۴۳	نثرہ	۸ ۴۳		ترفع	امیدیں پوری نہ ہوں، ضرورت ہو تو قدم اٹھاؤ۔ سمندری سفر کیلئے ناموافق۔
۲۰	دلو			طرفہ	۵ ۳۳			مخلوط اثرات، تحریرات، امورات جائیداد، پبلسٹی کے موافق۔
۲۱	۲	اسد	۸ ۵۳	جبہہ زبرہ	۲:۰۶ ۲۲:۲۶	○	استقبال	مالی لحاظ سے بہتر دن، نفع اور آمدن کے لئے پر امید، وجدانی اندازوں سے نفع
۲۲	۳			صرفہ	۱۸ ۴۶			موافق دن، افسران اور اہم لوگوں سے ملنے کے لئے بہتر دن۔
۲۳	۴	سنبلہ	۸ ۲۱	عوا	۱۵ ۱۱		اوج	روزمرہ کی مصروفیات کے لئے سعد دن، مالی امور، سفر وپبلسٹی کے موافق
۲۴	۵			سماک	۱۱ ۵۳			نئے تعلقات، آرٹ وڈیزائن، فیشن، خرید وفروخت، پبلسٹی کے موافق۔
۲۵	۶	میزان	۹ ۰۲	غفرہ	۹ ۰۲			ناموافق دن، نسبت وجائیداد کی منتقلی، تبدیلی کام ومقام کے لئے خصوصاً۔
۲۶	۷			زبانہ	۶ ۴۰			سرکاری کاموں کیلئے موافق دن۔ تعمیری کام سرانجام دو، قانونی مشورہ لو۔
۲۷	۸	عقرب	۱۲ ۳۰	اکلیل	۴ ۵۶		ہبوط	سرکاری کاموں کے لیے ناموافق دن۔ تعمیری کام سرانجام دو۔
۲۸	۹			قلب	۳ ۵۱	◒	تربیع دوم	کارسرکار اور علاج معالجہ کے ناموافق، تحریری کام و رابطے بعد دوپہر التواء ہوں۔
۲۹	۱۰	قوس	۱۹ ۳۲	شولہ	۳ ۲۸		طرح	میٹنگ کرنا، معاہدات کرنا، طویل اقرار ومعاہدہ درست، نکاح کے موافق۔
۳۰	۱۱			لغائم	۳ ۴۰			تحریرات ومعاہدات میں محتاط رہو۔ تعلقات بہتر، سمندری سفر میں موافق۔
۳۱	۱۲			بلدہ	۴ ۲۸			روزمرہ کے کام انجام دیں، کوئی نیا کام اور لین دین اور علاج شروع نہ کریں۔

تاریخنہائے ماہ فروری ۲۰۱۹ء

نام ایام	فروری ۲۰۱۹ء	جمادی الاول ۱۴۴۰ھ	ماگھ ۲۰۷۵ ب	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	مقسومی نمبر	توقیعات	گزشتہ تاریخی واقعات
جمعہ	۱	۲۵	۱۹	۷ ۱۴	۶ ۱۶	۶ ۵۶	۵ ۳۷	۶		
ہفتہ	۲	۲۶	۲۰	۷ ۱۴	۶ ۱۷	۶ ۵۵	۵ ۳۸	۷	عرس پیر سید بشیر احمد، سوہدرہ	
اتوار	۳	۲۷	۲۱	۷ ۱۴	۶ ۱۸	۶ ۵۵	۵ ۳۹	۸		
پیر	۴	۲۸	۲۲	۷ ۱۳	۶ ۱۹	۶ ۵۴	۵ ۴۰	۹	زہرہ در جدی	
منگل	۵	۲۹	۲۳	۷ ۱۳	۶ ۱۹	۶ ۵۳	۵ ۴۰	۱	کشمیر ڈے	شکست سلطان ٹیپو ۱۷۹۲ء
بدھ	۶	۳۰	۲۴	۷ ۱۲	۶ ۲۰	۶ ۵۲	۵ ۴۱	۲	نیا چاند ☾	ہجرت آنحضرت ﷺ از مکہ وابتداء ہجری ۶۲۲ء
جمعرات	۷	جمادی الثانی	۲۵	۷ ۱۱	۶ ۲۱	۶ ۵۲	۵ ۴۲	۳	یکم جمادی الثانی ۱۴۴۰ھ	
جمعہ	۸	۲	۲۶	۷ ۱۱	۶ ۲۱	۶ ۵۱	۵ ۴۳	۴		
ہفتہ	۹	۳	۲۷	۷ ۱۰	۶ ۲۲	۶ ۵۰	۵ ۴۴	۵		انقلاب عراق-قتل جنرل قاسم ۱۹۶۳ء
اتوار	۱۰	۴	۲۸	۷ ۱۰	۶ ۲۳	۶ ۴۹	۵ ۴۵	۶	عطارد در حوت	
پیر	۱۱	۵	۲۹	۷ ۹	۶ ۲۳	۶ ۴۸	۵ ۴۶	۷	شرف قمر	طب وسائنس کے نئے دور کا آغاز۔ انسانی جنیاتی خاکے کی تفصیلات جاری ۲۰۰۱ء۔ ۲۰۱۱ میں مصری صدر حسنی مبارک کا اسٹیل جیل میں قید
منگل	۱۲	۶	پھاگن	۷ ۸	۶ ۲۴	۶ ۴۸	۵ ۴۷	۸		قرارداد پاکستان ۱۹۴۰ء-ایران میں خمینی کی نئی حکومت ۷۹ء
بدھ	۱۳	۷	۲	۷ ۸	۶ ۲۵	۶ ۴۷	۵ ۴۷	۹		
جمعرات	۱۴	۸	۳	۷ ۷	۶ ۲۵	۶ ۴۶	۵ ۴۸	۱	مریخ در ثور	راولپنڈی میں زلزلہ ۱۹۷۷ء-نواحی بستیاں تباہ
جمعہ	۱۵	۹	۴	۷ ۶	۶ ۲۶	۶ ۴۵	۵ ۴۹	۲		
ہفتہ	۱۶	۱۰	۵	۷ ۶	۶ ۲۶	۶ ۴۴	۵ ۵۰	۳		بنیاد مسجد قبا بدست آنحضرت ﷺ ۶۲۲ء
اتوار	۱۷	۱۱	۶	۷ ۵	۶ ۲۷	۶ ۴۳	۵ ۵۱	۴		نواز شریف نے وزیر اعظم کے عہدے کا حلف اٹھایا ۱۹۹۷ء
پیر	۱۸	۱۲	۷	۷ ۴	۶ ۲۸	۶ ۴۲	۵ ۵۲	۵	ہبوط عطارد	زلزلہ کوئٹہ ۱۹۵۵ء
منگل	۱۹	۱۳	۸	۷ ۳	۶ ۲۸	۶ ۴۱	۵ ۵۲	۶	شمس در حوت	اسلامی سربراہ کانفرنس لاہور ۱۹۷۴ء
بدھ	۲۰	۱۴	۹	۷ ۳	۶ ۲۹	۶ ۴۰	۵ ۵۳	۷		خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ ۶۳۲ء
جمعرات	۲۱	۱۵	۱۰	۷ ۲	۶ ۲۹	۶ ۳۹	۵ ۵۴	۸		اعلان نبوت حضرت محمد ﷺ ۶۱۰ء
جمعہ	۲۲	۱۶	۱۱	۷ ۱	۶ ۳۰	۶ ۳۸	۵ ۵۵	۹		بھٹو نے بنگلہ دیش تسلیم کیا ۱۹۷۴ء-وفات جوش ملیح آبادی ۱۹۸۲ء
ہفتہ	۲۳	۱۷	۱۲	۷ ۰۰	۶ ۳۱	۶ ۳۷	۵ ۵۶	۱	قمر در عقرب	اتوار کی تعطیل کا اعلان ۱۹۹۶ء
اتوار	۲۴	۱۸	۱۳	۶ ۵۹	۶ ۳۱	۶ ۳۶	۵ ۵۶	۲		
پیر	۲۵	۱۹	۱۴	۶ ۵۹	۶ ۳۲	۶ ۳۵	۵ ۵۷	۳		
منگل	۲۶	۲۰	۱۵	۶ ۵۸	۶ ۳۲	۶ ۳۴	۵ ۵۸	۴		انقلاب ہند-انگریزوں کو نکالنے کی پہلی کوشش ۱۸۵۷ء
بدھ	۲۷	۲۱	۱۶	۶ ۵۷	۶ ۳۳	۶ ۳۳	۵ ۵۹	۵		
جمعرات	۲۸	۲۲	۱۷	۶ ۵۶	۶ ۳۳	۶ ۳۱	۵ ۵۹	۶	یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ	پاکستان کی پہلی مردم شماری ۱۹۵۰ء

نوٹ: طلوع وغروب آفتاب میں اوپر گھنٹے اور نیچے منٹ ہیں-اس تقویم میں تمام اوقات ۵ گھنٹے کے حساب سے دیئے گے ہیں۔

مواضع قمر — اثرات ماہ فروری ۲۰۱۹ء

[illegible]	[illegible]	بروج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالات	دنوں کے اثرات
۱	۱۳	جدی	۵ ۴۶	ذابح	۵ ۴۶		وبال	میٹنگ کرنا، معاہدات کرنا، طویل اقرار و معاہدہ درست کرو، نکاح نہ کرو۔
۲	۱۴			بلعہ	۷ ۲۴			سعد دن۔ جائیداد کے معاہدات اور سمندری سفر کیلئے، قانونی معاملہ متاثر ہوں
۳	۱۵	دلو	۱۸ ۰۲	سعود	۹ ۲۲			ترقی کے معاملات کے لیے پوری قوت صرف کریں، گفتگو و تحریر اہم ہو۔
۴	۱۶			اخبیہ	۱۱ ۲۶			بعد دوپہر موافق دن، پبلسٹی کے لئے خصوصاً جائیداد کا کام مکمل کریں۔
۵	۱۷			مقدم	۱۳ ۳۶	●	اجتماع	نفع اور آمدن کے لئے پر امید، وجدانی اندازوں سے نفع ہو۔
۶	۱۸	حوت	۷ ۰۱	موخر	۱۵ ۴۲		حضیض	مالی لحاظ سے بہتر دن، نفع اور آمدن کے لئے پر امید، نیا کام شروع نہ کریں۔
۷	۱۹			رشا	۱۷ ۴۲			نا موافق دن، مالی نقصانات، تبدیلی کار سرکار کے خلاف۔
۸	۲۰	حمل	۱۹ ۳۳	شرطین	۱۹ ۳۳			مخلوط اثرات، سفر اور امور جائیداد، پبلسٹی کے موافق، لین دین میں احتیاط۔
۹	۲۱			بطین	۲۱ ۰۴			مالی لین دین کے لئے سعد، سوشل مصروفیات میں اضافہ۔
۱۰	۲۲			ثریا	۲۲ ۱۱			مخلوط اثرات، تبدیلی کام و مقام کے خلاف، علاج اور جائیداد کی خرید کے موافق
۱۱	۲۳	ثور	۶ ۲۷	دبران	۲۲ ۴۸		شرف	سفر اور تفریحات کے لئے بہتر۔ اہم معاملہ کی گفتگو طے پائے۔
۱۲	۲۴			ہقعہ	۲۲ ۵۲			کار سرکار، آرٹ، جائیداد کے معاہدات اور سمندری سفر کے لئے نا موافق۔
۱۳	۲۵	جوزا	۱۴ ۳۱	ہنعہ	۲۲ ۱۴	◓	فرح تربیع اول	موافق دن۔ آرٹ و تحریرات و حکام سے ملاقات، نکاح و نسبت کے لئے۔
۱۴	۲۶			ذراعہ	۲۰ ۵۶			امراء سے ملاقات، نقل مکانی اور تبدیلی کام و جائیداد، مشینری کے کام بہتر۔
۱۵	۲۷	سرطان	۱۹ ۰۲	نثرہ	۱۹ ۰۲		ترفع	جن لوگوں سے معاملہ پڑے ان سے خاص احتیاط رکھو۔ بڑے دھوکے سے بچو
۱۶	۲۸			طرفہ	۱۶ ۲۹			پبلسٹی نہ کریں، حکام سے اندیشہ کوئی تبدیلی اختیار نہ کرو، سمندری سفر بہتر
۱۷	۲۹	اسد	۲۰ ۲۰	جبہۃ	۱۳ ۲۷			اعلیٰ افراد سے نفع، سفر میں احتیاط، پبلسٹی اور نسبت کا موافق، نئے تعلقات ہوں
۱۸	۳۰			زبرہ	۱۰ ۰۰			مخلوط اثرات، تبدیلی کام و مقام کے خلاف، مشینری اور جائیداد کی خرید کے موافق
۱۹	حوت	سنبلہ	۱۹ ۴۶	صرفہ	۶ ۱۸	○	اوج استقبال	لین دین کے معاملات میں حد درجہ احتیاط کرو، قانونی امور ہاتھ سے نکل جائیں
۲۰	۲			عوا / سماک	۲:۳۰ / ۲۲:۴۵			سوشل امور کے لئے سعد، خرید و فروخت مشینری کے موافق۔
۲۱	۳	میزان	۱۹ ۱۶	غفرہ	۱۹ ۱۶			روز مرہ کے کام انجام دیں، کوئی نیا کام اور لین دین اور علاج شروع نہ کریں۔
۲۲	۴			زبانہ	۱۶ ۰۹			مالی لحاظ سے بہتر دن، نفع اور آمدن کے لئے پر امید، وجدانی اندازوں سے نفع۔
۲۳	۵	عقرب	۲۰ ۵۵	اکلیل	۱۳ ۳۸		ہبوط	آفیشل بزنس، خط و کتاب میں فائدہ، پراپرٹی سیل، پبلسٹی کے لئے موزوں۔
۲۴	۶			قلب	۱۱ ۴۴			روز مرہ کے کام انجام دیں، کوئی نیا کام اور لین دین اور علاج شروع نہ کریں۔
۲۵	۷			شولہ	۱۰ ۳۸			نا موافق دن۔ حکام سے اندیشہ کوئی تبدیلی اختیار نہ کرو، سمندری سفر کے خلاف
۲۶	۸	قوس	۲ ۱۹	لغائم	۱۰ ۱۶	◒	طرح تربیع دوم	خرید و فروخت مشینری اور سرمایہ کاری کے موافق، سوشل امور میں محتاط۔
۲۷	۹			بلدہ	۱۰ ۴۱			ترقی کے معاملات کے لیے پوری قوت صرف کریں، گفتگو و تحریر اہم ہو۔
۲۸	۱۰	جدی	۱۱ ۴۷	ذابح	۱۱ ۴۷		وبال	کار سرکار، معالجہ، نسبت اور سوشل امور کے لئے نا موافق، سمندری سفر موافق۔

نوٹ: اوقات داخلہ میں اوپر گھنٹے اور نیچے منٹ ہیں-اس تقویم میں تمام اوقات ۵ گھنٹے کے حساب سے دیئے گے ہیں۔

تاریخچہ ماہ مارچ ۲۰۱۹ء

ایام	مارچ ۲۰۱۹ء	جمادی الثانی/رجب ۱۴۴۰ھ	پھاگن/چیت ۲۰۷۵ب	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	مشتری نمبر	توقیعات	گزشتہ تاریخی واقعات
جمعہ	۱	۲۳	۱۸	۶ ۵۵	۶ ۳۴	۶ ۳۰	۶ ۰۰	۷	زہرہ در دلو	پہلا اخبار ہند ''قاصد'' ممبئی ۱۸۷۲ء سعودی عرب میں سیاسی اصلاحات' پہلے سعودی آئین کا اعلان ۱۹۹۲ء
ہفتہ	۲	۲۴	۱۹	۶ ۵۴	۶ ۳۴	۶ ۲۹	۶ ۱	۸		قومی مردم شماری ۱۹۹۸ء
اتوار	۳	۲۵	۲۰	۶ ۵۳	۶ ۳۵	۶ ۲۸	۶ ۲	۹		وفات میاں بشیر و کرنل عابد حسین ۱۹۷۱ء روسی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ ۱۹۹۳ء
پیر	۴	۲۶	۲۱	۶ ۵۲	۶ ۳۵	۶ ۲۷	۶ ۲	۱		منصوبہ کولمبو ۱۹۵۲ء
منگل	۵	۲۷	۲۲	۶ ۵۱	۶ ۳۶	۶ ۲۶	۶ ۳	۲	رجعت عطارد	دورہ شاہ ایران ۱۹۵۵ء
بدھ	۶	۲۸	۲۳	۶ ۵۰	۶ ۳۶	۶ ۲۵	۶ ۴	۳	یورنس در ثور	مارشل لاء لاہور' وفات اسٹالین ۱۹۵۳ء
جمعرات	۷	۲۹	۲۴	۶ ۴۹	۶ ۳۷	۶ ۲۳	۶ ۵	۴		الیکشن ۱۹۷۷ء
جمعہ	۸	۳۰	۲۵	۶ ۴۸	۶ ۳۷	۶ ۲۲	۶ ۵	۵	نیا چاند ☾	خواتین کا عالمی دن
ہفتہ	۹	رجب	۲۶	۶ ۴۸	۶ ۳۸	۶ ۲۱	۶ ۶	۶	یکم رجب ۱۴۴۰ھ	
اتوار	۱۰	۲	۲۷	۶ ۴۷	۶ ۳۸	۶ ۲۰	۶ ۷	۷	شرف قمر	قطب جنوبی پر ''اقبال رصدگاہ'' کا قیام ۱۹۹۳ء
پیر	۱۱	۳	۲۸	۶ ۴۶	۶ ۳۹	۶ ۱۹	۶ ۸	۸		
منگل	۱۲	۴	۲۹	۶ ۴۵	۶ ۳۹	۶ ۱۷	۶ ۸	۹		انتقال حبیب جالب ۱۹۹۳ء
بدھ	۱۳	۵	۳۰	۶ ۴۴	۶ ۴۰	۶ ۱۶	۶ ۹	۱		
جمعرات	۱۴	۶	چیت	۶ ۴۳	۶ ۴۰	۶ ۱۵	۶ ۱۰	۲	لیلۃ الرغائب	
جمعہ	۱۵	۷	۲	۶ ۴۲	۶ ۴۱	۶ ۱۴	۶ ۱۰	۳		
ہفتہ	۱۶	۸	۳	۶ ۴۱	۶ ۴۱	۶ ۱۲	۶ ۱۱	۴		
اتوار	۱۷	۹	۴	۶ ۴۰	۶ ۴۱	۶ ۱۱	۶ ۱۲	۵		متحدہ محاذ کے لیڈر گرفتار ۱۹۷۷ء
پیر	۱۸	۱۰	۵	۶ ۳۹	۶ ۴۲	۶ ۱۰	۶ ۱۲	۶		ملاقات ہٹلر مسولینی ۱۹۴۰ء
منگل	۱۹	۱۱	۶	۶ ۳۷	۶ ۴۲	۶ ۹	۶ ۱۳	۷		
بدھ	۲۰	۱۲	۷	۶ ۳۶	۶ ۴۳	۶ ۷	۶ ۱۴	۸		مغربی پاکستان میں صدر راج ۱۹۵۷ء - نمیبیا آزاد ہوا ۱۹۹۰ء عراق پر امریکی حملہ ۲۰۰۳ء
جمعرات	۲۱	۱۳	۸	۶ ۳۵	۶ ۴۳	۶ ۶	۶ ۱۴	۹	شمس در حمل	اندرا گاندھی مستعفی ۱۹۷۷ء - وفات احسان دانش ۱۹۸۲ء
جمعہ	۲۲	۱۴	۹	۶ ۳۴	۶ ۴۴	۶ ۵	۶ ۱۵	۱	استفتاح	فساد کرنافلی پیپر ملز ۱۹۵۴ء
ہفتہ	۲۳	۱۵	۱۰	۶ ۳۳	۶ ۴۴	۶ ۳	۶ ۱۶	۲	یوم پاکستان' قمر در عقرب	جمہوریہ پاکستان ۱۹۵۶ء
اتوار	۲۴	۱۶	۱۱	۶ ۳۲	۶ ۴۴	۶ ۲	۶ ۱۶	۳		ہند میں نئی حکومت ۱۹۷۷ء - مرار جی ڈیسائی وزیر اعظم ۱۹۷۷ء
پیر	۲۵	۱۷	۱۲	۶ ۳۱	۶ ۴۵	۶ ۱	۶ ۱۷	۴		مارشل لاء مشرقی پاکستان' مجیب گرفتار ۱۹۷۱ء - شہادت شاہ فیصل ۱۹۷۵ء
منگل	۲۶	۱۸	۱۳	۶ ۳۰	۶ ۴۵	۶ ۰۰	۶ ۱۸	۵		خاتمہ بغاوت عوامی لیگ ۱۹۷۱ء
بدھ	۲۷	۱۹	۱۴	۶ ۲۹	۶ ۴۶	۵ ۵۸	۶ ۱۸	۶	زہرہ در حوت	وفات سر سید احمد خان ۱۸۹۸ء
جمعرات	۲۸	۲۰	۱۵	۶ ۲۸	۶ ۴۷	۵ ۵۷	۶ ۱۹	۷	عطارد مستقیم	سیاسی پارٹیوں پر پابندی ۱۹۷۱ء - بھٹو نے عہدہ کا حلف اٹھایا ۱۹۷۷ء
جمعہ	۲۹	۲۱	۱۶	۶ ۲۷	۶ ۴۷	۵ ۵۶	۶ ۲۰	۸	عرس نظر محمد شاہ' ٹنڈو محمد خان	
ہفتہ	۳۰	۲۲	۱۷	۶ ۲۶	۶ ۴۷	۵ ۵۵	۶ ۲۰	۹		
اتوار	۳۱	۲۳	۱۸	۶ ۲۵	۶ ۴۷	۵ ۵۳	۶ ۲۱	۱	مریخ در جوزا' میلہ شالیمار باغ' لاہور	ہندوستانی نوٹوں پر لفظ پاکستان چھپا ۱۹۴۸ء

مواضع قمر — اثرات ماہ مارچ ۲۰۱۹ء

[illegible]	[illegible]	بروج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت	دنوں کے اثرات
۱	۱۱			بلعہ	۱۳ ۲۴			سرمایہ کاری، معاہدات، کاروبار، معمہ، پکنک کے لئے مفید دن۔
۲	۱۲			سعود	۱۵ ۲۳			کاروباری و مالی امور کے لئے ناموافق' عورت سے دھوکہ۔
۳	۱۳	دلو	۰۰ ۰۵	اخبیہ	۱۷ ۳۲			جن لوگوں سے معاملہ پڑے ان سے خاص احتیاط رکھو۔ بڑے دھوکے سے بچو
۴	۱۴			مقدم	۱۹ ۴۶			سعد دن۔ کار سرکار' معالجہ و جائیداد اور سوشل امور کے لئے۔
۵	۱۵	حوت	۱۳ ۱۰	موخر	۲۱ ۵۰		حضیض	میٹنگ، معاہدات، طویل اقرار و معاہدہ درست نہ ہوں' نکاح ٹل جائے۔
۶	۱۶			رشا	۲۳ ۴۴	●	اجتماع	مخلوط اثرات، بعد دوپہر سے قبل کوئی تبدیلی نہ کرو، نئی ملاقات نیا تعلق بنے۔
۷	۱۷							دوستوں سے دوستانہ رویہ سے استحکام و فائدہ' مشینری و جائیداد کے موافق۔
۸	۱۸	حمل	۱ ۲۶	شرطین	۱ ۲۶			گفت و شنید میں التوا، تجربہ ہو تو قدم اٹھاؤ' کوئی نیا کام یا خریداری نہ کرو۔
۹	۱۹			بطین	۲ ۴۸			نئے کام نئے لوگ، دفتری کام میں الجھن، سمندری کاموں کے لیے مفید۔
۱۰	۲۰	ثور	۱۲ ۰۹	ثریا	۳ ۵۲		شرف	کار سرکار کے موافق' سوشل امور اور گھر کے کاموں میں وقت گزرے۔
۱۱	۲۱			دبران	۴ ۳۴			ناموافق دن' تبدیلی کام اور نقل مکانی کے لئے خصوصاً' اخراجات زائد ہوں۔
۱۲	۲۲	جوزا	۲۰ ۴۷	ہقعہ	۴ ۵۲		فرح	جن لوگوں سے معاملہ پڑے ان سے خاص احتیاط رکھو۔
۱۳	۲۳			ہنعہ	۴ ۴۰			ترقی کے معاملات کے لیے پوری قوت صرف کریں' گفتگو و تحریر اہم ہو۔
۱۴	۲۴			ذراعہ	۳ ۵۹	◓	تربیع اول	رکی ہوئی امیدیں پوری ہوں، ضرورت ہو تو قدم اٹھاؤ۔ پبلسٹی کے لئے موزوں
۱۵	۲۵	سرطان	۲ ۴۸	نثرہ	۲ ۴۸		ترفع	روزمرہ کے کام انجام دیں' کوئی نیا کام اور لین دین اور علاج شروع نہ کریں۔
۱۶	۲۶			طرفہ / جبہتہ	۱:۰۳ / ۲۲:۴۸			سوشل دن، گھریلو امور و پبلسٹی میں فائدہ ہو۔ اہم حکما و وزرا سے ملاقات۔
۱۷	۲۷	اسد	۵ ۵۶	زہرہ	۲۰ ۰۳			کار سرکار اور علاج معالجہ کے موافق - اختلافات ہوں' معاہدات کے موافق۔
۱۸	۲۸			صرفہ	۱۶ ۵۶			مخلوط اثرات' سفر اور امور جائیداد' شادی و نکاح' پبلسٹی کے ناموافق۔
۱۹	۲۹	سنبلہ	۶ ۴۰	عوا	۱۳ ۳۰		اوج	سفر اور تفریحات' خریداری ہتھیار اور مشینری کے موافق۔
۲۰	۳۰			سماک	۹ ۵۷			اہم معاملات میں کامیابی و معاہدات ہوں، امراء سے کام میں موافقت نہ ملے۔
۲۱	حمل	میزان	۶ ۲۷	غفرہ	۶ ۲۷	○	استقبال	زمین کے سلسلے میں تکرار' زائد اخراجات' مالی نقصان' نئی دوستی ہو۔
۲۲	۲			زبانہ	۳ ۰۶			ناموافق دن آرٹ' آرائش و فیشن' سوشل امور و نسبت' سخت جھگڑا ہو۔
۲۳	۳	عقرب	۷ ۱۵	اکلیل / قلب	۰۰:۰۸ / ۲۱:۴۰		ہبوط	آرٹ اور نسوانی امور' سوشل امور و معاہدات' مشینری کی خریداری کے موافق۔
۲۴	۴			شولہ	۱۹ ۵۵			آفیشل بزنس و معاہدات، خط و کتاب میں فائدہ' پبلسٹی کے لئے موزوں۔
۲۵	۵	قوس	۱۱ ۰۵	نعائم	۱۸ ۴۹		طرح	مالی لحاظ سے کمزور دن، امور جائیداد و زمینداری کے لئے ناموافق۔
۲۶	۶			بلدہ	۱۸ ۳۳			سرمایہ کاری' سوشل سرگرمیاں' کار و سرکار سے فائدہ۔ ذاتی نقصان سے بچو۔
۲۷	۷	جدی	۱۹ ۰۷	ذابح	۱۹ ۰۷		وبال	مدد دینے اور نفع دینے کی صورتیں پیدا ہوں۔ افسران سے ملاقات کا فائدہ ہو۔
۲۸	۸			بلعہ	۲۰ ۱۸	◒	تربیع دوم	علاج معالجہ کے لئے ناموافق' زائد اخراجات ہوں' سفر نہ کریں۔
۲۹	۹			سعود	۲۲ ۰۶			خوشی ملے' کار سرکار و علاج معالجہ کے موافق' پبلسٹی سے نفع ہو' سمندری سفر نہ ہو۔
۳۰	۱۰	دلو	۶ ۴۵					میٹنگ، معاہدات، نئی تبدیلی لانا' طویل اقرار و معاہدہ درست' نسبت کے موافق
۳۱	۱۱			اخبیہ	۰۰ ۱۰			سفر اور تفریحات کے لئے بہتر۔ اہم معاملہ کی گفتگو طے پائے۔

تاریخہائے ماہ اپریل ۲۰۱۹ء

نام ایام	اپریل ۲۰۱۹ء	رجب/شعبان ۱۴۴۰ھ	چیت ۲۰۷۵ب	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	مفرد نمبر	توقیعات	گزشتہ تاریخی واقعات
پیر	۱	۲۴	۱۹	۶ ۲۴	۶ ۴۸	۵ ۵۲	۶ ۲۲	۸		پاکستانی نوٹ کا اجراء ۱۹۴۸ء روسی زبان میں قرآن پاک کا نیا ترجمہ ۱۹۹۶ء
منگل	۲	۲۵	۲۰	۶ ۲۳	۶ ۴۸	۵ ۵۱	۶ ۲۲	۹		
بدھ	۳	۲۶	۲۱	۶ ۲۲	۶ ۴۹	۵ ۵۰	۶ ۲۳	۱		لیاقت نہرو معاہدہ ۱۹۵۰ء
جمعرات	۴	۲۷	۲۲	۶ ۲۱	۶ ۴۹	۵ ۴۸	۶ ۲۴	۲	معراج شریف	بھٹو کو پھانسی ۱۹۷۹ء
جمعہ	۵	۲۸	۲۳	۶ ۲۰	۶ ۵۰	۵ ۴۷	۶ ۲۴	۳		چرچل مستعفی ۱۹۵۵ء
ہفتہ	۶	۲۹	۲۴	۶ ۱۹	۶ ۵۰	۵ ۴۶	۶ ۲۵	۴	شرف قمر، نیا چاند ☾	پہلی ہوائی ڈاک انگلینڈ سے کراچی ۱۹۲۸ء منیٰ میں ہولناک آتشزدگی ۱۹۹۷ء
اتوار	۷	شعبان	۲۵	۶ ۱۸	۶ ۵۰	۵ ۴۵	۶ ۲۶	۵	یکم شعبان ۱۴۴۰ھ	نادر شاہ کا قتل عام دہلی ۱۷۳۹ء
پیر	۸	۲	۲۶	۶ ۱۷	۶ ۵۱	۵ ۴۳	۶ ۲۶	۶	شرف شمس	وفات مہاراجہ رنجیت سنگھ ۱۸۳۹ء قرآن پاک کمپیوٹر میں محفوظ ۱۹۸۴ء
منگل	۹	۳	۲۷	۶ ۱۶	۶ ۵۱	۵ ۴۲	۶ ۲۷	۷	ولادت حضرت امام حسینؓ	
بدھ	۱۰	۴	۲۸	۵ ۱۵	۶ ۵۲	۵ ۴۱	۶ ۲۸	۸	رجعت مشتری	
جمعرات	۱۱	۵	۲۹	۶ ۱۴	۶ ۵۲	۵ ۴۰	۶ ۲۸	۹		وفات مولانا احتشام الحق تھانوی ۱۹۸۰ء
جمعہ	۱۲	۶	۳۰	۶ ۱۳	۶ ۵۳	۵ ۳۹	۶ ۲۹	۱		
ہفتہ	۱۳	۷	بیساکھ	۶ ۱۲	۶ ۵۳	۵ ۳۷	۶ ۳۰	۲	سمت بکرمی ۲۰۷۶ شروع	
اتوار	۱۴	۸	۲	۶ ۱۱	۶ ۵۴	۵ ۳۶	۶ ۳۰	۳		ہند میں اسٹامپ کا اجراء ۱۸۹۶ء
پیر	۱۵	۹	۳	۶ ۱۰	۶ ۵۴	۵ ۳۵	۶ ۳۱	۴		
منگل	۱۶	۱۰	۴	۶ ۹	۶ ۵۴	۵ ۳۴	۶ ۳۲	۵		
بدھ	۱۷	۱۱	۵	۶ ۸	۶ ۵۵	۵ ۳۳	۶ ۳۲	۶	عطارد در حمل، شرف زہرہ	محمد علی وزیر اعظم بنے ۱۹۵۳ء
جمعرات	۱۸	۱۲	۶	۶ ۸	۶ ۵۵	۵ ۳۲	۶ ۳۳	۷		
جمعہ	۱۹	۱۳	۷	۶ ۷	۶ ۵۶	۵ ۳۱	۶ ۳۴	۸	قمر در عقرب، گڈ فرائی ڈے	
ہفتہ	۲۰	۱۴	۸	۶ ۶	۶ ۵۶	۵ ۲۹	۶ ۳۴	۹	شمس در ثور، زہرہ در حمل	وفات صدر ایوب خان ۱۹۷۴ء
اتوار	۲۱	۱۵	۹	۶ ۵	۶ ۵۷	۵ ۲۸	۶ ۳۵	۱	ایسٹر سنڈے، شب برات	وفات علامہ اقبال ۱۹۳۸ء۔ مارشل لاء ۱۹۷۷ء صدر بھٹو نے حلف اٹھایا ۱۹۷۲ء
پیر	۲۲	۱۶	۱۰	۶ ۴	۶ ۵۷	۵ ۲۷	۶ ۳۶	۲		ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ اسٹاک ایکسچینج بند رہے ۱۹۹۳ء
منگل	۲۳	۱۷	۱۱	۶ ۳	۶ ۵۸	۵ ۲۶	۶ ۳۶	۳		
بدھ	۲۴	۱۸	۱۲	۶ ۲	۶ ۵۸	۵ ۲۵	۶ ۳۷	۴	عرس شہباز قلندرؒ، سہون	سعودیہ نے یمن حوثی باغیوں پر حملہ کیا ۲۰۱۵ء
جمعرات	۲۵	۱۹	۱۳	۶ ۰۱	۶ ۵۹	۵ ۲۴	۶ ۳۸	۵	رجعت پلوٹو	
جمعہ	۲۶	۲۰	۱۴	۶ ۰۱	۶ ۵۹	۵ ۲۳	۶ ۳۹	۶		
ہفتہ	۲۷	۲۱	۱۵	۶ ۰۰	۷ ۰۰	۵ ۲۲	۶ ۳۹	۷		
اتوار	۲۸	۲۲	۱۶	۵ ۵۹	۷ ۰۰	۵ ۲۱	۶ ۴۰	۸		افغانستان میں فوجی انقلاب صدر داؤد ہلاک ۱۹۷۸ء
پیر	۲۹	۲۳	۱۷	۵ ۵۸	۷ ۰۱	۵ ۲۰	۶ ۴۱	۹		وفات محمود غزنوی ۱۰۴۰ء
